# DIRECTORATE OF EDUCATION
**Govt. of NCT, Delhi**

**SUPPORT MATERIAL**
**(2020-2021)**

**Class : XI**

# HISTORY
## (URDU MEDIUM)

Under the Guidance of

**Smt. Manisha Saxena**
Secretary (Education)

**Mr. Binay Bhushan**
Director (Education)

**Dr. Saroj Bala Sain**
Addl. DE (School & Exam.)

***Coordinators***

| Ms. Mukta Soni | Dr. Raj Kumar | Mr. Krishan Kumar |
|---|---|---|
| DDE (Exam) | OSD (Exam) | OSD (Exam) |

Production Team

**Anil Kumar Sharma**

Published at Delhi Bureau of Text Books , 25/2 Institutional Area, Pankha Road, New Delhi-110058 by **Prabhjot Singh,** Secretary, Delhi Bureau of Text Books and Printed by Arihant Offset, New Delhi-110043

**MANISHA SAXENA**
IAS

सचिव ( शिक्षा )
राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र
दिल्ली सरकार
पुराना सचिवालय, दिल्ली-110054
दूरभाष : 23890187 टेलीफैक्स : 23890119

सत्यमेव जयते

Secretary (Education)
Government of National Capital Territory of Delhi
Old Secretariat, Delhi-110054
Phone : 23890187 Telefax : 23890119
e-mail : secyedu@nic.in

DO No. DE. 5/228/Exam/Message/S.M./2018
Dated

**MESSAGE**

The importance of adequate practice during examinations can never be overemphasized. I am happy that support material for classes IX to XII has been developed by the Examination Branch of Directorate of Education. This material is the result of immense hard work, co-ordination and cooperation of teachers and group leaders of various schools. The purpose of the support material is to impart ample practice to the students for preparation of examinations. It will enable the students to think analytically & rationally and test their own capabilities and level of preparation.

The material is based on latest syllabus prepared by the NCERT and adopted by the CBSE for the academic session 2020-21 and covers different levels of difficulty. I expect that Heads of Schools and Teachers will enable and motivate students to utilize this material during zero periods, extra classes and regular classes best to their advantage.

I would like to compliment the team of Examination Branch for their diligent efforts of which made it possible to accomplish this work in time. I also take this opportunity to convey my best wishes to all the students for success in their endeavours.

24.6.2020

**(MANISHA SAXENA)**

**BINAY BHUSHAN, IAS**

सत्यमेव जयते

**Director**
Education & Sports
Govt. of NCT of Delhi
Old Secretariat, Delhi- 110054
Tel.: 23890172, Fax : 23890355
E-mail : diredu@nic.in
Website : www.edudel.nic.in

**D.O. No.**

**Date :**

Dear Students,

Directorate of Education is committed to providing qualitative and best education to all its students. The Directorate is continuously engaged in the endeavor to make available the best study material for uplifting the standard of its students and schools.

Every year, the expert faculty of Directorate reviews and updates Support Material. The expert faculty of different subjects incorporates the changes in the material as per the latest amendments made by CBSE to make its students familiar with new approaches and methods so that students do well in the examination.

The book in your hand is the outcome of continuous and consistent efforts of senior teachers of the Directorate. They have prepared and developed this material especially for you. A huge amount of money and time has been spent on it in order to make you updated for annual examination.

Last, but not the least, this is the perfect time for you to build the foundation of your future. I have full faith in you and the capabilities of your teachers. Please make the fullest and best use of this Support Material.

**BINAY BHUSHAN**
**DIRECTOR (EDUCATION)**

**Dr. (Mrs.) Saroj Bala Sain**
Addl. Director of Education
(School / Exam / EVGB/IEB/ VOC.)

सत्यमेव जयते

Govt. of NCT of Delhi
Directorate of Education
Old Secretariat, Delhi-110054
Tel.: 23890023, 23890093

D.O. No. PA/Addl.DE(Sch)/86
Date : 03-10-2019

I am very much pleased to forward the Support Material for classes IX to XII. Every year, the Support Material of most of the subjects is updated/revised as per the most recent changes made by CBSE. The team of subject experts, officers of Exam Branch, members of Core Academic Unit and teachers from various schools of Directorate has made it possible to make available unsurpassed material to students.

Consistence use of Support Material by the students and teachers will make the year long journey seamless and enjoyable. The main purpose to provide the Support Material for the students of government schools of Directorate is not only to help them to avoid purchasing of expensive material available in the market but also to keep them updated and well prepared for exam. The Support Material has always been a ready to use material, which is matchless and most appropriate.

I would like to congratulate all the Team Members for their tireless, unremitting and valuable contributions and wish all the best to teachers and students.

S. Sain

**(Dr. Saroj Bala Sain)**
**Addl.DE (School/Exam)**

# भारत का संविधान

भाग 4क

# नागरिकों के मूल कर्तव्य

## अनुच्छेद 51क

**मूल कर्तव्य** – भारत के प्रत्येक नागरिक का यह कर्तव्य होगा कि वह –

(क) संविधान का पालन करे और उसके आदर्शों, संस्थाओं, राष्ट्रध्वज और राष्ट्रगान का आदर करे;

(ख) स्वतंत्रता के लिए हमारे राष्ट्रीय आंदोलन को प्रेरित करने वाले उच्च आदर्शों को हृदय में संजोए रखे और उनका पालन करे;

(ग) भारत की संप्रभुता, एकता और अखंडता की रक्षा करे और उसे अक्षुण्ण बनाए रखे;

(घ) देश की रक्षा करे और आह्वान किए जाने पर राष्ट्र की सेवा करे;

(ङ) भारत के सभी लोगों में समरसता और समान भ्रातृत्व की भावना का निर्माण करे जो धर्म, भाषा और प्रदेश या वर्ग पर आधारित सभी भेदभावों से परे हो, ऐसी प्रथाओं का त्याग करे जो महिलाओं के सम्मान के विरुद्ध हों;

(च) हमारी सामासिक संस्कृति की गौरवशाली परंपरा का महत्त्व समझे और उसका परिरक्षण करे;

(छ) प्राकृतिक पर्यावरण की, जिसके अंतर्गत वन, झील, नदी और वन्य जीव हैं, रक्षा करे और उसका संवर्धन करे तथा प्राणिमात्र के प्रति दयाभाव रखे;

(ज) वैज्ञानिक दृष्टिकोण, मानववाद और ज्ञानार्जन तथा सुधार की भावना का विकास करे;

(झ) सार्वजनिक संपत्ति को सुरक्षित रखे और हिंसा से दूर रहे;

(ञ) व्यक्तिगत और सामूहिक गतिविधियों के सभी क्षेत्रों में उत्कर्ष की ओर बढ़ने का सतत् प्रयास करे, जिससे राष्ट्र निरंतर बढ़ते हुए प्रयत्न और उपलब्धि की नई ऊँचाइयों को छू सके; और

(ट) यदि माता-पिता या संरक्षक है, छह वर्ष से चौदह वर्ष तक की आयु वाले अपने, यथास्थिति, बालक या प्रतिपाल्य को शिक्षा के अवसर प्रदान करे।

# CONSTITUTION OF INDIA

**Part IV A (Article 51 A)**

# Fundamental Duties

**Fundamental Duties :** It shall be the duty of every citizen of India —

1. to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem;
2. to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom;
3. to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India;
4. to defend the country and render national service when called upon to do so;
5. to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women;
6. to value and preserve the rich heritage of our composite culture;
7. to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers and wild life, and to have compassion for living creatures.
8. to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;
9. to safeguard public property and to adjure violence;
10. to strive towards excellence in all spheres of individual and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement.
11. who is a parent or guardian to provide opportunities for education to his child or, as the case may be, ward between the age of six and fourteen years.

# भारत का संविधान

## उद्देशिका

हम, भारत के लोग, भारत को एक [1]**[संपूर्ण प्रभुत्व-संपन्न समाजवादी पंथनिरपेक्ष लोकतंत्रात्मक गणराज्य]** बनाने के लिए, तथा उसके समस्त नागरिकों को :

सामाजिक, आर्थिक और राजनैतिक **न्याय,**

विचार, अभिव्यक्ति, विश्वास, धर्म

और उपासना की **स्वतंत्रता,**

प्रतिष्ठा और अवसर की **समता**

प्राप्त कराने के लिए,

तथा उन **सब में**

व्यक्ति की गरिमा और [2]**[राष्ट्र की एकता और अखंडता]** सुनिश्चित करने वाली **बंधुता**

बढ़ाने के लिए

दृढ़संकल्प होकर **अपनी इस संविधान सभा में** आज तारीख 26 नवंबर, 1949 ई. को **एतद्द्वारा इस संविधान को अंगीकृत, अधिनियमित और आत्मार्पित करते हैं।**

---

1. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3.1.1977 से) ''प्रभुत्व-संपन्न लोकतंत्रात्मक गणराज्य'' के स्थान पर प्रतिस्थापित।
2. संविधान (बयालीसवां संशोधन) अधिनियम, 1976 की धारा 2 द्वारा (3.1.1977 से) ''राष्ट्र की एकता'' के स्थान पर प्रतिस्थापित।

**DIRECTORATE OF EDUCATION**
**Govt. of NCT, Delhi**

**SUPPORT MATERIAL**
**(2020-2021)**

# HISTORY

## (URDU MEDIUM)
## Class : XI

**NOT FOR SALE**

**PUBLISHED BY : DELHI BUREAU OF TEXTBOOKS**

## گیارھویں جماعت کے لیے تاریخ کے معاون مواد کو تیار کرنے والی کمیٹی کے اراکین

**ٹیم لیڈر** : محترمہ پونم لاو (نائب پرنسپل)
سنت ایکناتھ جی ایس کے وی جے انڈ کے بلاک دلشاد گارڈن دہلی
ID-1106023

**اراکین** : محترمہ ڈاکٹر ندھی شرما (لیکچرر تاریخ)
شیاما پرساد مکھر جی ایس کے وی، سی آر پارک دہلی
ID-1925060

محترمہ روچی مشرا (لیکچرر تاریخ)
ایس کے وی رادھے شیام پارک دہلی
ID-1003153

محترمہ رجنی بالونی (لیکچرر تاریخ)
گورنمنٹ گرلز سینئر سیکنڈری اسکول بلاک شکر پور دہلی
ID-1002191

**مترجم** محترم جمیل احمد عثمانی (لیکچرر تاریخ)
ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل سینئر سیکنڈری اسکول جعفر آباد
ID-1105137

# فہرست مضامین


سیکشن ایک — ابتدائی سماج

تعارف

ٹائم لائن ایک — (6 لاکھ سال قبل سے 1 ق م)

باب — 1 وقت کی ابتدا سے ........ 15

باب — 2 فن تحریر اور شہری زندگی ........ 24

سیکشن دو — سلطنت

تعارف

ٹائم لائن دو — (تقریباً 100 ق م سے 1300 عیسوی)

باب — 3 تین براعظموں پر محیط سلطنت ........ 31

باب — 4 اسلام کا ظہور اور توسیع ........ 40

باب — 5 خانہ بدوش اقوام کی سلطنتیں ........ 49

سیکشن تین — بدلتی روایات

تعارف

ٹائم لائن تین — (تقریباً 1300 تا 1700)

باب — 6 تین طبقات ........ 57

باب — 7 بدلتی تہذیبی روایات ........ 63

باب — 8 تہذیبوں کا تصادم ........ 69

سیکشن چار — جدید کاری کی طرف

تعارف

ٹائم لائن چار — (تقریباً 1700 تا 2000)

باب — 9 صنعتی انقلاب ........ 76

باب — 10 اصل باشندوں کی بے دخلی ........ 85

باب — 11 جدید کاری کے راستے ........ 91

جوابات (MCQ، خالی جگہ، صحیح غلط) ........ 100

اقتباس اور ان پر مبنی سوالات ........ 103

پروجیکٹ

نقشے پر مبنی کام

1. سیمپل پیپر — 1 (حل شدہ) ........ 169

2. سیمپل پیپر — 2 (غیر حل شدہ) ........ 175

# فہرست نقشہ


| نمبر شمار | نام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1. | افریقہ | |
| 2. | یوروپ | |
| 3. | مغربی ایشیا | |
| 4. | میسوپوٹامیہ (پہاڑ، صحرا، ریگستان، جنوب کے آبپاشی کے علاقے) | |
| 5. | یوروپ اور شمالی افریقہ | |
| 6. | مغربی ایشیا | |
| 7. | اسلامک لینڈ | |
| 8. | منگول سلطنت | |
| 9. | منگولوں کی فوجی مہم | |
| 10. | مغربی یوروپ | |
| 11. | اٹالین ریاست | |
| 12. | مرکزی امریکہ اور کیریبین جزائر | |
| 13. | جنوبی امریکہ | |
| 14. | افریقہ کا یہ نقشہ ان علاقوں کی نشان دہی کرتا ہے جہاں سے غلاموں کو پکڑا جاتا تھا۔ | |
| 15. | برطانیہ کپاس صنعت | |
| 16. | برطانیہ آئرن صنعت | |
| 17. | ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی توسیع | |
| 18. | آسٹریلیا | |
| 19. | مشرقی ایشیا | |
| 20. | طویل مارچ | |

# سیکشن-ایک

# باب-1: وقت کی ابتدا سے

## یاد رکھنے لائق نکات:

- 56لاکھ سال پہلے زمین پر ایسے جاندار کی پیدائش ہوئی جنھیں ہم انسان کہتے ہیں۔
- جدید انسان60,000 سال پہلے پیدا ہوا۔
- قدیم انسان کی تاریخ کی معلومات حاصل کرنے کے اہم ذرائع: فاسل، پتھر کے اوزار اور غاروں میں بنی تصاویر کی ایجاد سے حاصل ہوتی ہیں۔
- **فاسل:** قدیم نباتات، حیوانات یا انسان کے ان باقیات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو پتھر کی شکل میں تبدیل ہوکر کسی چٹان میں جم جاتے ہیں۔
- **نسل:** جانداروں کا ایک ایسا گروپ جس کے نر اور مادہ مل کر بچوں کو تولید کر سکتے ہیں۔ ان کے بچے بھی آگے چل کر تولید کرنے کے اہل ہوتے ہیں۔
- آن دی اوریجن آف اسپیشیز (On the Origien of Species) چارلس ڈارون کی تصنیف24/ نومبر 1859 کو شائع ہوئی۔ جس میں یہ دلیل دی گئی کہ انسان کا ظہور جانوروں سے ہوا ہے۔ جانوروں سے ارتقا پا کر یہ موجودہ شکل میں آیا ہے۔
- **ہومو**: یہ لاطینی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں انسان۔ اس میں مرد اور عورت دونوں شامل ہیں۔
- ہومو: سائنس دانوں نے اسے کئی نسلوں میں تقسیم کی ہے:
  - ہومو ہیبلس (HABLIS)
  - ہوموار یکٹس (ERECTUS)
  - ہوموسیپنس (SEPIENS)
- قدیم انسان کے غذا حاصل کرنے کے طریقے

- غذا اکٹھا کرنا
- شکار کرنا
- غذا کی تلاش (Foraging) مردہ جانور کے گوشت کو حاصل کرنا۔
- مچھلی پکڑنا

- **الٹا میرا:** یہ غار اسپین میں واقع ہے۔اس غار کی چھت میں جنگلی بیل کی تصویر بنی ہوئی ہے۔
- **ماھرین آثار قدیمہ:** یہ وہ ماہرین ہیں جو انسانی تاریخ کی معلومات کھدائی میں ملے سامان، چیزوں، ہڈیوں وغیرہ کے ذریعہ کرتے ہیں۔
- **حیوانات** دودھ پلانے والے جانوروں کے ایک بڑے گروپ کا ذیلی گروپ Primates کہلاتا ہے۔اس میں بندر ایپس اور انسان شامل ہیں۔ان کے جسم پر بال ہوتے ہیں۔ان کا زمانہ حمل طویل ہوتا ہے۔پستان اور مختلف قسم کے دانت ہوتے ہیں اور جسمانی درجہ حرارت کو معمول پر رکھنے کی صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔
- ہومی نڈس اور ہومی نوائڈس میں فرق:

**ہومی نوائڈس:۔** تقریباً 24 ملین سال قبل ظہور ہوا۔اس گروپ میں ایپس شامل ہیں۔چھوٹا دماغ ہوتا ہے۔یہ چار پایہ تھے۔آگے کے دونوں پیر لچکدار تھے۔

**ہومی نڈس:۔** تقریباً 5.6 ملین سال قبل وجود کی شہادت ملتی ہے۔جسم سیدھا اور دو پیروں پر چلتے تھے۔ہاتھ کا استعمال اوزار بنانے میں کرتے تھے۔کئی ذیلی شاخوں میں تقسیم جیسے آسٹرالوپی تھیکس اور ہوموا ہم ہیں۔

- فرانس میں واقع لیس کاکس اور شوویٹ کی غار جہاں پر ارنا بھینسا، گھوڑے، پہاڑی بکری، ہرن، ہاتھی گینڈے، ریچھ، چیتا، شیر اور الووں کی تصاویر ملی ہیں۔
- جدید انسان کے ظہور کے دو ماڈل:
  - **علاقائی تسلسل ماڈل:** مختلف علاقوں میں الگ الگ مقامات پر انسان کا ظہور ہوا
  - **قائم مقام ماڈل:** انسان کا ظہور افریقہ میں ہوا۔وہاں سے وہ الگ الگ حلقوں میں پھیلے
- **آسٹرا لوپی تھکس:** یہ لفظ لاطینی زبان کے آسٹرل یعنی ''جنوبی'' اور یونانی زبان کے پیتھکس یعنی ''بندر'' لفظوں سے

ماخوذ ہے۔

- برفانی عہد کی ابتدا: تقریباً 25 لاکھ سال پہلے







- **ترسیل اور زبان** : ابتدا میں ہومونڈس کی زبان ہاتھوں کی حرکات وسکنات پر مبنی تھی۔ بول چال کی زبان پہلے صوتی تھی لیکن غیر لفظی ترسیل جیسے گانے یا گنگنانے پر مبنی تھی۔ انسانی قوت گویائی کی شروعات غالبًا ایک دوسرے کو بلانے سے ہوئی۔ ابتدا میں انسان نے آوازوں کا استعمال کیا اور رفتہ رفتہ یہ آوازیں زبان کی شکل میں نشو ونما پا گئیں۔

- **اوزاروں کی تشکیل**: قدیم انسان نے پہلی مرتبہ اوزار بنا کر اپنی اجتماعی مہارت اور صلاحیتوں کو متعارف کرایا۔

- **ہاڈزا گروپ**: یہ شکاریوں اور پیڑ پودوں سے غذا جمع کرنے والے لوگوں کا ایک چھوٹا سا گروپ ہے۔

- **شکاری اور غذا جمع کرنے والا سماج** : غذا جمع کرنے کے ساتھ ساتھ جنگلوں میں پائی جانے والی چھوٹی چھوٹی

چیزوں کی تجارت کرتا تھا۔

- برفانی عہد کا خاتمہ: غالباً 13000 سال پہلے ہوا۔ اس کے ساتھ ساتھ آب و ہوا اور نباتات میں تبدیلیاں رونما ہوئیں جس سے زراعت کے لیے حالات مواقف ہو گئے۔
- چھینی سے چھیدنے کی تکنیک:۔ قدیم انسان کے ذریعے اوزار بنانے کے لیے استعمال میں لائی گئی تکنیک ہے۔
- پتھروں کے اوزار بنانے اور ان کا استعمال کیے جانے کے اولین ثبوت ایتھوپیا اور کینیا میں ملتے ہیں۔ پتھر کے اوزار سب سے پہلے آسٹرالوپی تھیکس نے بنائے۔
- ہاڈزا لوگوں کا گروپ:۔ ہاڈزا لوگ شکار اور پیڑ پودوں سے غذا جمع کرنے والے لوگوں کا ایک چھوٹا سا گروپ ہے جو ایاسی (Eyasi) نامی ایک کھارے پانی کی وادی میں زمین کے پھٹنے سے بنی ہے یہ ایک جھیل ہے۔ ہاڈزا کا علاقہ خشک اور چٹانی ہے۔ خاردار جھاڑیوں اور کیکر سے بھرا پڑا ہے۔ جنگلی غذا سے مالا مال ہے۔ ہاتھی کے علاوہ تمام جانوروں کا شکار کیا جاتا ہے۔ یہاں کے باشندے زمین اور اس کے وسائل پر اپنا حق کا دعویٰ نہیں کرتے۔ شکار کے جانوروں کی بڑی تعداد کے باوجود یہ لوگ جنگلی پیڑ پودوں پر اپنی غذا کا زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ غذا کا 80 فیصد سبزیوں پر اور 20 فیصد گوشت اور شہد پر انحصار ہے۔

## ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات:۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی پرائی میٹ گروپ کی خصوصیت نہیں ہے۔

A۔ ان کے جسم پر بال۔ B۔ بچّہ ماں کے گربھ میں پلتا ہے۔
C۔ ان کے دانت ایک ہی قسم کے ہوتے ہیں۔ D۔ ان میں پستان ہوتے ہیں۔

2۔ مندرجہ ذیل میں سے قدیم انسان سے متعلق جگہ افریقہ میں نہیں ہے۔

A۔ کوبی فورا۔ B۔ اولڈووئی گھاٹی
C۔ کینیا D۔ جاوا

3۔ باکسگروکی غار کہاں پر واقع ہے۔

A۔ انگلینڈ۔ B۔ جرمنی

C۔ فرانس۔ D۔ مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں۔

4۔ چھینی سے چھیدنے کی تکنیک کس سے متعلق ہے۔

A۔ اوزار بنانے کی تکنیک۔ B۔ شکار کرنے کی تکنیک

C۔ غار میں تصویر بنانے کی تکنیک۔ D۔ مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں۔

5۔ لیس کاکس اور شوویٹ کی غار کیوں مشہور ہیں۔

A۔ قدیم انسان کے ذریعے بنائی گئی تصویر کے لیے۔

B۔ دیوی دیوتاؤں کی تصویر کے لیے

C۔ قدیم انسان کے ذریعے اوزار بنانے کے لیے۔

D۔ پیڑ پودوں کی تصویر کے لیے۔

6۔ ہاڈزالوگ کس طرح کا (جانور کا) شکار نہیں کرتے تھے۔

A۔ خرگوش۔ B۔ ہاتھی

C۔ چیتا۔ D۔ کچھوا

7۔ قدیم انسان کی تاریخ کو جاننے کے مآخذات کون سے ہیں۔

A۔ فاسل۔ B۔ پتھروں کے اوزار

C۔ غاروں میں بنی تصویر۔ D۔ مندرجہ بالا سبھی

8۔ پتھر کے اوزار بنانے اور استعمال کا سب سے پرانا ثبوت کہاں سے ملتا ہے۔

A۔ کینیا۔ B۔ اتھوپیا۔

C۔ a اور b دونوں۔ D۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

9۔ فوریجنگ کا کیا مطلب ہے۔

A۔ مردہ جانوروں کا گوشت کھرچنا۔ B۔ غذا حاصل کرنے کا طریقہ۔

C۔ غذا کو جمع کرنا (ذخیرہ اندوزی)۔ D۔ a اور b دونوں۔

## مختصر ترین جواب والے سوالات:۔

1۔ آسٹرالوپی تھیکس انسان کے باقیات کہاں سے ملے ہیں؟

2۔ منصوبہ بند طریقہ سے جانوروں کا شکار کرنے کا سب سے قدیم ثبوت کہاں سے ملا ہے؟

3۔ غاروں میں رہنے کے لیے دو چولہے اور مختلف قسم کے کھانے کے ثبوت کہاں سے ملے ہیں؟

4۔ ٹیرا آمٹا غار کیوں مشہور ہے؟

5۔ سب سے پہلے پتھر کے اوزار کس نے بنائے تھے؟

6۔ قدیم انسان کے ذریعے استعمال کی گئی غاریں کس لیے مشہور تھیں؟

7۔ ''کنگ سان'' شکاری سماج کہاں رہتا ہے؟

8۔ الٹامیرا کی غار میں کس کی تصویر ملی ہے؟

9۔ ہاڈزا گروپ کہاں رہتا تھا؟

10۔ آج کے شکاری سماج میں عورت اور مرد کا کیا کردار ہوتا ہے؟

11۔ آخری برفانی عہد کے خاتمہ پر کس طرح کے موسم کی شروعات ہوئی؟

12۔ جدید انسان کو ماہرین آثار قدیمہ نے کیا نام دیا؟

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر)

12۔ ہومونڈ کس خاندان کے ممبر تھے؟ ان کی کوئی تین خصوصیات بتایئے۔

13۔ انسان اپنی غذا کس طرح حاصل کرتا تھا؟ تفصیل سے لکھیے۔

14۔ آگ کی ایجاد نے انسان کو کس طرح متاثر کیا؟

15۔ سیدھے کھڑے ہونے سے قدیم انسان کو کیا فائدہ ہوا؟ واضح کیجیے۔

16۔ 'ہومو'لفظ کے کیا معنی ہیں۔اس کی خصوصیات بیان کیجئے۔

17۔ قدیم انسان کی زندگی میں زبان کی نشو ونما کس طرح ہوئی؟ سلسلے وار بیان کیجیے۔

18۔ ہومی نڈس اور ہومی نوائڈس میں فرق واضح کیجیے۔

19۔ آسٹرالوپی تھیکس لفظ سے کیا مراد ہے؟اس کی کوئی تین خصوصیات بیان کیجیے۔

20۔ پہیہ کی ایجاد نے قدیم انسان کی زندگی کو کس طرح متاثر کیا؟

21۔ اوزار بنانے کے تعلق سے انسان بندروں سے کس طرح زیادہ خوبیاں رکھتا ہے؟اور اوزار کی تشکیل سے انسانی زندگی میں کیا کیا تبدیلیاں آئیں؟

22۔ چھینی سے چھیدنے کی تکنیک سے قدیم انسان کس طرح اوزاوروں کی تشکیل کرتا تھا؟

23۔ غاروں میں قدیم انسان کے ذریعہ بنائی گئی تصویروں سے متعلق کون کون سی دلیل دی گئی ہیں؟

24۔ ہاڈزا گروپ کی خصوصیات بتایئے۔

25۔ آج کے دور کے کوئی دوشکاری سماج کا مختصر تذکرہ کیجیے۔

## **طویل جواب والے سوالات**(8**نمبر**)

1۔ برفانی عہد کا خاتمہ کب ہوا؟اس دوران زراعت اور شبانیت میں کون سی تبدیلیوں کا آغاز ہوا؟

2۔ قدیم انسان کن کن طریقوں سے اپنی غذا حاصل کرتا تھا اور غذا میں کون کون سی اشیائے خوردنی کا استعمال کرتا تھا؟ تذکرہ کیجیے۔

3۔ انسانی زندگی کے مختلف ارتقائی مرحلوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

4۔ قدیم انسان کی زندگی میں ترسیل کے ذریعے زبان اور آرٹ کی ترقی کو سمجھائیے۔

## **طویل جوابات**(8**نمبر والے**)

1۔ 13ہزار سال پہلے

■ ہل کا استعمال کھیتی میں ہونے لگا۔

■ نقل وحمل کے لیے پہیہ کا استعمال ہونے لگا۔

■ لوگ تانبہ اورٹن جیسی دھاتوں سے خوب واقف ہوگئے۔

■ کھیتی اور مویشی چرانے کی شروعات

■ مٹی کے برتنوں کا بنانا (جن میں اناج اور دیگر پیداواروں کو رکھا جاسکے اور کھانا بنایا جاسکے

2۔ بیج، گٹھلیاں، بیر، پھل اور قند مول

■ چوہے، چھچھوندر، پرندوں، سانپ یہاں تک کے کیڑے مکوڑے بھی کھاتے تھے۔

■ مچھلی کھانا

■ شکار کر کے جانوروں کو کھانا

■ غذا اکٹھا کرنا

■ غذا کی تلاش

3۔ (i) جدید انسان کے اجداد

■ ہومونڈ، ہومی نوئڈس

■ آسٹرالوپی تھیکس

■ ہوموسیپینز

■ ہومواریکٹس

■ ہومو ہیبلس

(ii)

**جدید انسان**

علاقائی تسلسل ماڈل — خانہ بدوش ماڈل

(دونوں کا تذکرہ)

4۔ ■ ہومی نڈس کی زبان ہاتھوں کی حرکت وسکنات پر مبنی۔

■ بول چال کی زبان پہلے صوتی تھی لیکن غیر لفظی ترسیل جیسے گانے یا گنگنانے پر مبنی۔

■ شروعاتی دور میں انسان کچھ صوتی آوازیں رکھتا تھا اور رفتہ رفتہ یہ زبان کی شکل میں نشونما پائیں۔

■ تقریباً 20 لاکھ سال قبل زبان کی نشو ونما ہوئی۔

■ صوتی عضو کا ارتقاء تقریباً 200000 سال قبل وقوع پذیر ہوا۔

■ زبان کی نشو ونما آرٹ کے ساتھ لگ بھگ 35000—40000 سال قبل۔

■ جانوروں کی سینکڑوں تصاویر لیس کاکس غار، شوویٹ غار اور التامیرا غار میں دریافت ہوئی۔

■ پینٹنگ اور نقاسی کی معلومات کو ایک نسل سے دوسری نسل تک پہنچانے کا مفید ذریعہ۔

■ جانوروں کی تصاویر مذہبی اور جادوٹونے کے ساتھ وابستہ تھیں۔

# سیکشن-ایک

# باب-2: فنِ تحریر اور شہری زندگی

## یاد رکھنے لائق نکات:

- میسوپوٹامیہ: یہ لفظ یونانی زبان کے دو لفظوں میسس یعنی وسط اور پوٹیموس یعنی دریا (ندی) سے مل کر بنا ہے۔ میسوپوٹامیہ دجلہ اور فرات دریاؤں کے درمیان کی زمین کو ظاہر کرتا ہے۔
- یہ علاقہ آج کا عراق جمہوریہ کا حصہ ہے۔
- میسوپوٹامیہ کے تاریخی ماخذ: عمارتیں، قبریں، زیورات، اوزار، مہریں، مٹی کی تختیاں اور تحریری دستاویزات ہیں۔
- اس کے جنوبی حصے کو سمیر اور اکیڈین کہا جاتا ہے۔ بعد میں اس حصے کو بیبیلونیا کہا جانے لگا۔
- اس کے شمالی حصہ پر اسیریایوں نے قبضہ کرلیا اس کے بعد اسے اسیریا کہا جانے لگا۔
- اس تہذیب میں سب سے پہلے سمیرین زبان کے بعد اکیڈین زبان اور بعد میں ارامائک زبان پھلتی پھولتی رہی۔
- اس تہذیب میں شہری تعمیر 3000 قبل مسیح میں شروع ہوگئی تھی۔ 'ار' اور 'مری' اس کے مشہور شہر تھے۔
- یہاں کے لوگ اوزار بنانے کے لیے کانسہ کا استعمال کرتے تھے۔
- یہاں کے ارک نگر میں ایک عورت کا سر ملا ہے جو سفید پتھر پر تراشا گیا تھا۔ اسے وارکا کا سر کہا جاتا ہے۔
- شہری ترقی کے لیے فعل نقل وحمل کی کافی اہمیت تھی۔ نقل وحمل کا سب سے سستا طریقہ ندیاں تھی۔ دریائے فرات عالمی راستے کی حیثیت سے مشہور تھی۔
- میسوپوٹامیہ کے شہروں کی محنت کی تقسیم، سماجی تنظیم، منظّم تجارت، گوداموں کی ضرورت کو پورا کرنا وغیرہ اہم خصوصیات تھیں۔

- یہ تہذیب اور غذا کے معاملے میں تو مالا مال تھی لیکن معدنی وسائل کی کمی تھی جنھیں ترکی، ایران اور خلیجی ممالک سے پورا کیا جاتا تھا۔

- فن تحریر: میسوپوٹامیہ میں جو مٹی کی تختیاں پائی گئی ہیں وہ تقریباً 3200 قبل مسیح کی ہیں۔ ان پر خط پیکانی (Cuniform) رسم الخط کا استعمال کیا جاتا تھا۔

- **خط پیکانی**: یہ لاطینی زبان کے لفظ کیونس جس کے معنی ہیں ''کھونٹی'' اور فورم جس کے معنی شکل کے ہیں سے ماخوذ ہے۔

- **خواندگی**: اس تہذیب میں بہت کم لوگ خواندہ تھے کیوں کہ علامات کی تعداد زیادہ تھی اور یہ بہت پیچیدہ بھی تھی۔

- 1400 قبل مسیح میں ارامائک زبان کا دوسرا دور شروع ہوا۔ یہ زبان ہیبر و سے ملتی جلتی تھی اور آج بھی عراق کے کچھ حصوں میں بولی جاتی ہے۔

- مندر مختلف دیوتاؤں مثلاً ارکا چاند دیوتا یا ار کی محبت و جنگ کی دیوی انانا کی رہائش گاہیں ہوتے تھے۔

- شروع کے مندر عام گھروں کی طرح بالکل الگ نہیں تھے۔ کیونکہ مندر بھی خدا کا گھر ہوتا تھا۔ مندر کی باہری دیواریں مقررہ وقفے پر اندر اور باہر کی جانب آتی جاتی رہتی تھیں۔

- قانونی متون (جھگڑوں، موروثی معاملات وغیرہ) کے حوالے سے جانتے ہیں کہ میسوپوٹامیہ کے سماج میں نیوکلیر فیملی کو کامل نمومہ مانا جاتا تھا۔ باپ فیملی کا مکھیا ہوتا تھا۔

- 5000 قبل مسیح میں جنوبی میسوپوٹامیہ میں بستیوں کی ترقی ہونے لگی تھی جن میں سے کچھ شہروں میں تبدیل ہوگئی تھیں۔

- کئی طرح کے شہروں کی ترقی ہوئی۔ پہلے مندروں کے اطراف میں آباد ہوئے، دوسرے تجارتی مراکز کے طور پر اور دیگر شاہی شہروں کے طور پر آباد ہوئے۔

- ''اُر'' شہر منصوبہ بند نہیں تھا۔ گلیاں تنگ اور ٹیڑھی میڑھی تھیں۔ پانی کی نکاسی کا نظام اچھا نہیں تھا۔ گھروں کے متعلق اوہام پرستی موجود تھی۔

- 2000 قبل مسیح کے بعد دریائے فرات کے اوپری حصے پر مری شہر شاہی راجدھانی کے طور پر پھلا پھولا۔ یہ تجارتی لحاظ سے بہت اہم مقام پر واقع تھا، جس کی وجہ سے یہ غیر معمولی طور پر خوش حال تھا۔

- راجا اسز بانی پال نے شمال میں واقع اپنی راجدھانی ننوے میں ایک لائبریری قائم کی اور گل گیمش رزمیہ کی تخلیق کی گئی۔
- نیوکلیر فیملی: (وحدانی کنبہ) اسے ایک ماڈل کنبہ مانا جاتا تھا اس میں ایک شخص اس کی بیوی اور ان کے بچے شامل تھے۔
- اس تہذیب کے لوگ ضرب، تقسیم، جذر المربع اور مرکب سود وغیرہ سے واقف تھے۔
- وقت کی تقسیم سکندر کے جانشینوں کے ذریعہ اپنائی گئی اور وہاں سے روم اور اسلام دنیا میں اور بعد میں وسطی دور کے یوروپ پہنچی۔
- گل گمیش ایک عظیم ہیرو تھا جس نے دور دور تک لوگوں کو زیر کر رکھا تھا۔
- بادشاہ آسور بانی پال نے اپنی راجدھانی ننیوا میں ایک لائبریری قائم کی تھی۔
- بادشاہ نابوپولاسار نے بابل کو 625 ق م میں اسیرین کے غلبہ سے آزاد کرایا۔
- 331 ق م میں بادشاہ سکندر نے بابل کو فتح کیا اور یہ دنیا کا اولین اہم شہر تھا۔
- نوبونیڈس آزاد بابل کا آخری حکمراں تھا۔

## ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات۔

س1۔ مندرجہ ذیل میں سے میسوپوٹامیہ کی تہذیب کی کون سی خصوصیات ملتی ہیں۔

A۔ نگری تہذیب　　B۔ رسم الخط کی ترقی۔

C۔ ممالک سے تجارت　　D۔ ان میں سبھی۔

س2۔ وارکا کا سر کہاں پر ملا ہے۔

A۔ اُر　　B۔ اُروک

C۔ ماری　　D۔ بابل

س3۔ انمر کرکس نگر کا بادشاہ تھا۔

A۔ اُروک　　B۔ اُر

C۔ سمیر　　D۔ ماری

س4۔ میسوپوٹامیہ کے کس نگر کی سب سے پہلے کھدائی کی گئی

A۔ اُروک B۔ اُر

C۔ ماری D۔ بابل

س5۔ شاہی راجدھانی کی حیثیت سے کون سا شہر خوب پھلا پھولا۔

A۔ ماری B۔ اُروک

C۔ اُر D۔ بابل

س6۔ میسوپوٹامیہ میں ایک پتھر کو کاٹنے کے لیے کس دھات کے اوزار کی ضرورت ہوتی تھی۔

A۔ تانبہ B۔ ٹن

C۔ کانسہ D۔ لوہا

س7۔ میسوپوٹامیہ کی دنیا کو سب سے بڑی دین کیا ہے۔

A۔ اوقات کا حساب B۔ ریاضیات کی عالمانہ روایت

C۔ a اور b دونوں D۔ ان میں سے کوئی نہیں

س8۔ میسوپوٹامیہ میں بولی جانے والی زبانیں کون سی ہیں۔

A۔ ارامائک B۔ سمیری

C۔ اکدّی D۔ مندرجہ بالا لکھی گئی سب

س9۔ گل گمیش کہاں کا بادشاہ تھا۔

A۔ اُر B۔ اُروک

C۔ ماری D۔ ان میں سے کوئی نہیں

## مختصرترین جواب والے سوالات

1۔ میسوپوٹامیہ کا کیا مطلب ہے؟

2۔ میسوپوٹامیہ کی تہذیب کن ندیوں کے درمیان واقع تھی؟

3۔ میسوپوٹامیہ میں جانوروں کے پالنے کے لیے مشہور گھاس کا میدان کون سا تھا؟

4۔ شہر کاری کی کیا خصوصیات تھیں؟

5۔ میسوپوٹامیہ مال (سامان) کو لانے لے جانے کا نظام اچھا تھا۔ وضاحت کیجیے۔

6۔ میسوپوٹامیہ میں پائی گئی پہلی مٹی کے تختی کس وقت کی ہے؟

7۔ میسوپوٹامیہ کا رسم الخط کیا تھا؟

8۔ میسوپوٹامیہ کے لوگ مختلف قسم کے دھات اور پتھر کہاں سے منگواتے تھے؟

9۔ میسوپوٹامیہ کے لوگ کن اشیاء کو برآمد کرتے تھے؟

10۔ ماری نگر کی خصوصیات کیا تھی؟

11۔ میسوپوٹامیہ کے لوگ اوقات کا حساب کس طرح نکالتے تھے؟

12۔ گل گمیش کون تھا؟

13۔ بادشاہ زمری لم کا محل کہاں واقع ہے؟

14۔ ایک ابتدائی لائبریری کس نے بنوائی؟

15۔ میسوپوٹامیہ کی ہم عصر تہذیب کون سی تھی؟

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے)

1۔ شہروں کی ترقی صرف دیہی خوشحالی کی قیمت پر ہوئی ہے۔ میسوپوٹامیہ کے تناظر میں سمجھایئے۔

2۔ عراق جغرافیائی تنوع والا ملک ہے۔ اس جملے کی وضاحت چار نکات میں کیجیے۔

3۔ ''محنت کی تقسیم'' شہری زندگی کی خصوصیات کس طرح تھی؟ واضح کیجیے۔

4۔ ''شہری معیشت میں ایک سماجی تنظیم کا ہونا لازمی ہے'' وضاحت کیجیے۔

5۔ ''مری'' شہر ایک مشہور تجارتی مرکز تھا۔ مدلل وضاحت کیجیے۔

6۔ میسوپوٹامیہ کے فن تحریر کی خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

7۔ زمین کی قدرتی زرخیزی کے بعد میسوپوٹامیہ میں زراعت خطرات سے گھر جاتی تھی۔واضح کیجیے۔

8۔ میسوپوٹامیہ میں شہرکاری کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

9۔ ''موہن جودڑو کے مقابلے میسوپوٹامیہ کے شہر ''ار'' میں منصوبہ بندی کی کمی تھی''۔واضح کیجیے۔

10۔ خانہ بدوش مویشی چرانے والے شہری زندگی کے لیے خطرہ تھے۔مدلل وضاحت کیجیے۔

11۔ میسوپوٹامیہ کی مہروں کی بناوٹ اور استعمال کا تذکرہ کیجیے۔

12۔ میسوپوٹامیہ کے لوگ کم خواندہ تھے۔کیوں؟ واضح کیجیے۔

13۔ میسوپوٹامیہ کے ابتدائی مندروں کی بناوٹ گھروں جیسی کیوں ظاہر ہوتی تھی؟

14۔ وحدانی گنبد سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

15۔ کمہار کے چاک سے کس طرح تکنیکی کے حلقہ میں ایک بڑی تبدیلی رونما ہوئی؟

## طویل جواب والے سوالات (8 نمبر والے)

1۔ ''میسوپوٹامیہ کی تہذیب کے لیے مندر اہم حصہ تھے''۔واضح کیجیے۔

2۔ میسوپوٹامیہ کی دنیا کو سب سے بڑی دین ہے اس کے وقت کا حساب، ریاضی اور متنوع رسوم ورواج'' اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

3۔ میسوپوٹامیہ کی اہم کامیابیوں کا تذکرہ کیجیے۔

## طویل جوابات (8 نمبر والے)

1۔ 5000 قبل مسیح جنوبی میسوپوٹامیہ میں بستیوں کی ترقی

- کچھ قدیم شہر مندر کے اطراف آباد ہوئے
- سب سے پہلے مندر ایک چھوٹا سا دیوتا کے رہنے کی جگہ (دیوآلیہ) ہوتا تھا جو کہ کچی اینٹوں سے بنا ہوتا تھا
- کچھ ابتدائی مندر گھروں جیسے ہی ہوتے تھے کیوں کہ مندر بھی کسی دیوتا کے گھر ہوتے تھے۔
- دیوتا پوجا کا مرکز ہوتا تھا۔لوگ دیوتاؤں کے لیے اناج، دہی، اور مچھلی لاتے تھے۔
- دیوتا اصولی طور سے کھیتوں، مچھلی کے علاقوں اور مقامی لوگوں کے جانوروں کا خالق مانا جاتا تھا۔

- وقت آنے پر پیداوار کو دیگر اشیا میں تبدیل کرنے کے معاملات مندروں سے ہی شروع ہوئے۔
- مندر نے آہستہ آہستہ اپنے کام بڑھا لیے۔
- اس دور میں مندر نہ صرف مذہبی مرکز تھے بلکہ معاشی حالات سے بھی جڑے تھے۔

2۔ ■ میسوپوٹامیہ کی دنیا کو سب سے بڑی دین وقت کا حساب اور یاضی کا علم ہے۔

- 1800 قبل مسیح کے آس پاس کی کچھ مٹی کی تختیاں ملی ہیں جن میں ضرب، تقسیم، علامات جذر المربع، سود مرکب وغیرہ سے واقف تھے۔
- میسوپوٹامیہ کے لوگوں سے ہی ہمیں معلوم ہوا ہے کہ زمین کے گرد چاند کے چکر لگانے سے ایک پورے سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں اور ایک مہینے میں چار ہفتے ہوتے ہیں اور ایک ہفتے میں سات دن۔ ایک دن 24 گھنٹوں میں منقسم اور ایک گھنٹہ 60 منٹ میں منقسم ہے۔ آج یہ سب ہماری روزمرہ کی زندگی کا حصہ ہیں۔
- سورج اور چاند گرہن ہونے پر سال، مہینہ اور دن کے مطابق ان کا حساب لگایا جاتا تھا۔
- رات میں تاروں اور تارہ منڈلوں کی پوزیشن پر نظر رکھتے ہوئے حساب لگایا جاتا تھا۔

3۔ ■ فن تحریر

- عظیم ورثہ جو دنیا کو ملا۔ ریاضیات اور اوقات کا حساب۔
- شہری زندگی اور سماجی نظام۔
- اسکول جیسے شہری ادارے۔
- 5000 ق م سے بستیوں کی ابتدا ہونے لگی۔
- جھگڑوں اور موروثی معاملات میں قانونی متون کا ہونا۔
- مہر ایک شہری فن تخلیق۔
- شہرکاری کی اہمیت

# سیکشن - دو

# باب-3: تین براعظموں پر محیط سلطنت

**یاد رکھنے لائق نکات:**

1۔ رومن سلطنت
- شمالی افریقہ
- مغربی ایشیاء
- یوروپ

2۔ رومن سلطنت کی جانکاری کے مآخذات
- آثاری باقیات
  - مٹی کے برتن
  - سکّے
  - عمارتیں
- دستاویزات
- کتابی متن
  - قوانین
  - تقاریر
  - خطوط
  - طبقاتی تذکرے خطبات

3۔ پیپائرس:۔ایک سرکنڈے جیسا پودھا جو دریائے نیل کے کنارے اگا کرتا تھا اس سے قلم بنائے جاتے تھے۔

4۔ رومن سلطنت

**آخری یا جدید دور**

1۔ 6 صدی سے 7 ویں صدی

2۔ 284 سے 305 ڈایوک لیٹین کا دور حکومت

3۔ بادشاہ قسطنطین: عیسائی مذہب سرکاری مذہب

4۔ سولیڈس سونے کے سکّے کا چلن تجارت میں ترقی

5۔ بادشاہ جسٹینین کے دور حکومت میں بوبونک طاعون پھیلا۔

**درمیانی دور**

1۔ تیسری صدی کا بحران

2۔ ساسانی بادشاہوں نے بار بار حملے کیے

3۔ جرمن قبائل فرینکس گے وتھ نے مختلف علاقوں پر بار بار حملے کیے

4۔ 47 سالوں میں 25 بادشاہ تخت نشین ہوئے۔

**قدیم یا ابتدائی دور**

1۔ 509 ق م سے 27ء ق م تک جمہوری نظام حکومت

2۔ 27 ق م آگسٹس بادشاہ

3۔ پرنسیپیٹ یا شہنشاہی

4۔ امن کا دور

5۔ ٹیبیریس کی حکومت

6۔ ابتدائی دور میں ریاستوں کا قیام

7۔ رومی سلطنت کے تین اہم کھلاڑی

- **جنس،خواند گی ،ثقافت**
  - نیوکلیر فیملی (وحدانی کنبہ) کا سماج میں چلن
  - عورتوں کی بہتر حالت، جائیداد میں حصہ اور قانونی حق
  - نیم خواندہ ہونا
  - ثقافتی تنوع کا ہونا
- **اقتصادی توسیع**
  - روم کا معاشی بنیادی ڈھانچہ کافی مضبوط تھا۔
  - بندرگاہیں، پتھر کی کانیں، اینٹوں کے بھٹے، زیتون کے تیل کی فیکٹریاں کافی تعداد میں تھیں۔
  - منظّم تجارتی نظام، بینکنگ نظام اور سرمایہ کا بڑے پیمانے پر استعمال
  - سیال مادوں کی ڈھلائی جن برتنوں میں کی جاتی تھی انھیں ایمفورکہا جاتا تھا۔
  - زمین کا زیادہ زرخیز ہونا
  - اسپین میں پیدا ہونے والا زیتون کا تیل ڈریسل نام کے برتنوں میں (ظروف) میں لے جایا جاتا تھا۔
- **محنت کشوں (مزدوروں) پر کنٹرول**
  - غلامی کی مضبوط جڑیں
  - اٹلی میں 75 لاکھ کی آبادی میں سے 30 لاکھ غلام تھے
  - غلاموں کو سرمایہ کے طور پر دیکھا جاتا تھا۔
  - ان کے ساتھ وحشیانہ سلوک کیا جاتا تھا۔
  - دیہی افراد کا قرض میں ڈوب جانا
- **سماجی طبقات: ابتدائی سلطنت**

- عمائدین (سینٹر) شہوار، امرا، ادنی طبقے کے لوگ اور غلام
- آخری رومن سلطنت، امرا، متوسط طبقہ اور ادنی طبقہ
- بدعنوانی اور استحصال

## آخری دور

- روم کے لوگ بہت سے دیوی دیوتاؤں میں یقین رکھتے تھے۔ لوگ جو پیٹر، جونو، منروا اور مارس جیسے دیوی دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے۔
- رومن سلطنت میں دوسرا عظیم مذہب یہودیت تھا۔
- سن 312 میں بادشاہ قسطنطین نے عیسائیت کو قومی مذہب بنانے کا فیصلہ کیا
- بادشاہ ڈابوک لیسٹن کے ذریعہ سرحدوں کی قلعہ بندی۔
- سلطنت کے مغربی حصے میں شمال سے آنے والے گروہوں، گوتھ، وینڈال اور لومبارڈ وغیرہ نے بڑی ریاستوں پر قبضہ کرکے روم کے شمال میں ریاستیں قائم کرلیں۔
- صوبائی حد بندی کو دوبارہ منظّم کرنا۔
- غیر فوجی اہلکاروں کو فوج کے کاموں سے علاحدہ کرنا۔
- **اسلام کی وسعت:** یہ قدیم عالمی تاریخ میں ایک بہت بڑا انقلاب تھا۔

## ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات۔

س1۔ رومن سلطنت میں لکھنے کے لیے کس چیز کا استعمال مندرجہ ذیل میں سے سب سے زیادہ ہوا تھا۔

A۔ کاغذ B۔ پیپاپرس
C۔ دھات کی پٹیاں D۔ مٹی کی پٹیاں

س2۔ شمال میں رومن سلطنت کی سرحدوں کا تعین کن دوندیوں سے ہوتا تھا۔

A۔ رائن B۔ ڈینیوب

C۔ دجلہ فرات D۔ a اور b دونوں

س3۔ پرنسپیٹ کا قیام کس نے کیا۔

A۔ سمراٹ آگسٹس B۔ سمراٹ سیجر

C۔ سمراٹ ٹراجن D۔ سمراٹ اوکٹیووین

س4۔ کس بادشاہ کے دور حکومت کو امن و امان کا زمانہ کہا جاتا ہے۔

A۔ آگسٹس B۔ جسٹینین

C۔ ٹراجن D۔ اوکٹاوین

س5۔ رومن سلطنت میں معیشت کے لیے اہم تجارتی اشیاء کیا تھیں۔

A۔ گیہوں B۔ انگور

C۔ زیتون کا تیل D۔ سبھی

س6۔ ماپالیا کسے کہا جاتا ہے۔

A۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر بسے ہوئے گاؤں

B۔ تندور کی شکل کے جھونپڑے جن کو چرواہے موسمی نقل مکانی کے دوران استعمال کرتے تھے۔

C۔ کنٹنر جس میں زیتون کا تیل باہر بھیجا جاتا تھا۔

D۔ کوئی نہیں۔

س7۔ پلیبس سورڈیڈا رومن سلطنت کا کون سا سماجی طبقہ تھا۔

A۔ منتسر لوگ B۔ ادنیٰ طبقہ

C۔ سرکس اور تھیٹروں میں تماشا دیکھنے والے D۔ سبھی

س8۔ اولمپیوڈورس کون تھا۔

A۔ مورخ اور سفیر B۔ بادشاہ
C۔ راہب D۔ کوئی نہیں

س9۔ روم میں جسٹینین کس دور کا بادشاہ ہوا۔

A۔ ابتدائی دور کا B۔ آخر دور کا
C۔ درمیانی دور کا D۔ کوئی نہیں

## مختصر ترین جواب والے سوالات

1۔ رومی تاریخ کے تین اہم کھلاڑی کون تھے۔

2۔ دینار یس کیا تھا۔

3۔ بحر روم کے ساحل پر واقع بڑے رومن شہری مرکز کون سے تھے۔

4۔ روم کی شہری زندگی کی خصوصیات کیا تھیں۔

5۔ ایمفورا کسے کہا جاتا تھا۔

6۔ رومن سلطنت کا وہ ایک علاقہ جو بہت پچھڑا ہوا تھا اور دیہاتوں میں نقلِ مکانی کرتا تھا۔

7۔ غلاموں کے استعمال کی کس مصنف نے مذمت کی ہے اور اس کو سب سے خراب طریقہ بتایا ہے۔

8۔ رومن سلطنت میں عوام کے سب سے دولت مند طبقے کی نمائندگی کون سا طبقہ کرتا تھا۔

9۔ عیسائی مذہب کو سرکاری مذہب بنانے کا فیصلہ کس بادشاہ نے لیا تھا۔

10۔ یونانی اور رومن باشندوں کی آپسی مذہبی تہذیب کی خصوصیات لکھیے۔

11۔ قسطنطنیہ کو پہلے کس نام سے پکارا جاتا تھا۔

12۔ 'مابعد روم' ریاستوں کے نام بتائیے۔

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے)

1۔ ''رومن سلطنت ثقافتی تنوع کا انوکھا اتحاد تھی'' مناسب دلائل کے ساتھ بیان کیجیے۔

2۔ روم کے بادشاہ آگسٹس کے دورِ حکومت کو کیوں یاد کیا جاتا ہے؟

3۔ روم سلطنت میں عورتوں کی حالت کو بیان کیجیے۔

4۔ روم سلطنت میں بادشاہ قسطنطین کے اہم کارناموں کا تذکرہ کیجیے۔

5۔ روم سلطنت میں جمہوری نظام (Republic) کے بارے میں تفصیل سے بیان کیجیے۔

6۔ روم سلطنت میں تیسری صدی کے بحران کے بارے میں تبصرہ کیجیے۔

7۔ روم سلطنت کی سیاسی تاریخ میں تین اہم کھلاڑی کون کون تھے؟ بیان کیجیے۔

8۔ روم سلطنت کی شہری زندگی کی اہم خصوصیات کو بیان کیجیے۔

9۔ روم سلطنت نے چاندی کے سکّوں کو ڈھالنا کیوں بند کیا؟ اور وہ سکّوں کو ڈھالنے کے لیے کون سی دھات کا استعمال کرنے لگے؟

10۔ روم سلطنت میں غلاموں کی حالت اور اہمیت پر تبصرہ کیجیے۔

11۔ ابتدائی روم سلطنت اور آخری روم سلطنت سے کیا مراد ہے؟

12۔ روم سلطنت کے مختلف شعبوں میں شرح خواندگی الگ الگ تھی؟ دلائل کے ساتھ بتائیے۔

13۔ رومن سلطنت کی معیشت کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

14۔ رومن سلطنت میں غلاموں کی افزائش نسل کا عمل کیوں شروع ہوا؟

15۔ 'مابعد روم راجہ' کنہیں کہا جاتا ہے اور کیوں کہا گیا؟

## طویل جواب والے سوالات (8 نمبر والے)

1۔ رومن سلطنت کی سماجی خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

2۔ دنیا کو رومن سلطنت کی دین کے بارے میں لکھیے۔

3۔ 'رومن فوج رومن سلطنت کا اہم حصہ تھی''۔ جملے کا مقصد مقرر کرتے ہوئے اس کی اہم خصوصیات کو بیان کیجیے۔

4۔ رومن سماج اور معیشت کو جدیدیت بخشنے والے بنیادی عناصر کو بیان کیجیے۔

5۔ یونانی اور رومی لوگوں کی مذہبی ثقافت کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

## طویل جوابات (8 نمبر والے)

1۔ ■ نیوکلیر فیملی (وحدانی کنبہ) کا چلن
■ خاندان میں غلام شامل
■ خواتین کوملکیت اور گھر چلانے کا حق
■ خواتین کوقانونی آزادی
■ طلاق دینا آسان
■ خاندان کے ذریعہ شادی
■ کام چلاؤ خواندگی
■ ثقافتی تنوع
■ بہت سی زبانیں

2۔ ■ سلطنت کا قیام
■ سرکاری نظام کی تعلیم
■ منظم فوج
■ رومن قانون
■ عیسائی مذہب کی تبلیغ
■ مذہبی آزادی
■ سڑکیں اور پل
■ فن تعمیر
■ ادب اور فلسفہ
■ زبان

## 3- فوجی نظام کی خصوصیات

- روم سیاست کی اہم تنظیم
- تجارتی افواج
- ملازمت کے لیے مقررہ وقت
- سب سے بڑا نظم
- سینیٹ میں فوج کا خوف
- اختلاف ہونے پر خانہ جنگی
- تحریکیں اور بغاوت
- باشاہوں کے اختیارات مقرر کرنے کی طاقت

## 4- رومن سماج اور اقتصادی نظام کو جدید بنانے والے عناصر

### (A) رومن سماج

- اعلی طبقہ کو ٹیکس وصول کرنے کا اختیار
- حکومت کے کاموں میں تعاون
- اشرافیہ طبقہ
- نیوکلیر فیملی
- خواتین کی حالت
- ثقافتی تنوع

### (B) اقتصادی نظام

- مضبوط معیشت

- کنٹینروں کا استعمال
- درآمدات
- آبی توانائی کا استعمال
- صنعتی پیمانے پر کانوں سے معدنیات نکالنا
- منظّم تجارت
- بینکنگ نظام
- سرمایہ کا وسیع پیمانے پر استعمال

## 5- یونان اور رومن لوگوں کی مذہبی تہذیب

- کثیر دیوی دیوتاؤں والی تہذیب
- مختلف دیوی دیوتا
- مندر، مٹھ اور دیوآلیہ کی تعمیر
- مختلف عقیدوں اور پوجا کے طریقوں میں یقین
- خود کو ایک نام سے نہ پکارنا
- یہودی مذہب
- عیسائیت کو پھیلانا
- سخت رواج کا نہ ہونا

## سیکشن-دو

# باب-4: اسلام کا ظہور اور توسیع
# تقریباً 570-1200 عیسوی

### یاد رکھنے لائق نکات:

**اسلامی تاریخ کی جانکاری کے مآخذ**

قدیم عمارتیں — دستاویزات — اخبار — تفسیر — محمد کی باتیں یا اعمال کے ریکارڈ — نیم تاریخ تحریروں جیسے سیرت — حدیث — تواریخ

- مسلم سماج کی شروعات آج سے چودہ سو (1400) سال پہلے ہوئی: ان کا اصل علاقہ مصر سے افغانستان تک وسیع علاقہ شامل ہے۔ اسی علاقہ کے سماج اور تہذیب و تمدن کے لیے اسلام کا استعمال کیا جاتا تھا۔
- عرب لوگ قبیلوں میں منقسم تھے۔ ہر ایک قبیلے کے اپنے دیوی دیوتا ہوتے تھے۔ عرب قبیلے خانہ بدوش تھے مکہ میں واقع کعبہ وہاں کا اہم مذہبی مقام ہے اور سبھی مسلمان اسے مقدس مانتے ہیں۔
- پیغمبر محمدؐ کا قبیلہ قریش تھا جو مکّہ میں رہتا تھا اور وہاں کے مرکزی عبادت گاہ کعبہ پر اس کا کنٹرول تھا۔
- 612 عیسوی میں پیغمبر محمد ﷺ نے اپنے کو خدا کا پیغمبر بتایا۔ پیغمبر اور ان کے ماننے والوں کو مکہ کے با اثر لوگوں کی جانب سے شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا اور انھیں مکہ چھوڑ کر مدینہ جانا پڑا۔ اس سفر کو ہجرت کہا گیا اور اسی سال 622 عیسوی سے اسلامی کیلنڈر یعنی ہجری سن کی شروعات ہوئی۔
- پیغمبر محمد ﷺ نے مدینہ میں ایک سیاسی ادارہ قائم کیا۔ اب مدینہ اسلامی حکومت کی انتظامی راجدھانی اور مکہ مذہبی مرکز بن گیا۔ بہت کم وقفہ میں عرب ممالک کا بہت بڑا حصہ ان کے قبضے میں آ گیا۔
- اسلام میں عبادت کی آسان مذہبی رسوم مثلاً روزانہ نماز (صلوٰۃ) اخلاقی اصول جیسے خیرات دینا چوری نہ کرنا وغیرہ ہیں۔
- 632 عیسوی میں پیغمبر ﷺ کی وفات ہوگئی اور چونکہ محمد ﷺ کے بعد کسی کے لیے بھی اسلام کا نیا پیغمبر ہونے کا دعوی کرنا جائز نہیں ہے۔ لہٰذا حضرت محمد ﷺ کا سیاسی اقتدار جانشینی کے مقررہ اصولوں کے بغیر امت کی جانب منتقل ہوگیا۔ اس طرح خلافت نظام شروع ہوا۔

- خلافت کے دو اہم اصول ایک قبیلوں پر کنٹرول رکھنا دوسرے حکومت کے لیے وسائل۔

- پہلے چار خلیفاؤں (i) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ii) حضرت عمر فاروقؓ (iii) حضرت عثمان غنیؓ اور (iv) حضرت علیؓ نے مہموں کے ذریعہ بغاوتوں کو کچل دیا۔ سلطنت کو وسیع کیا اور قبیلوں کی طاقت کو منظّم کیا۔

- چوتھے خلفیہ حضرت علی کی شہادت کے بعد حضرت معاویہ نے اپنے آپ کو اگلا خلیفہ مقرر کر دیا اور اموی حکومت کی بنیاد ڈالی۔ حضرت معاویہ نے موروثی جانشینی کی ابتدا کی۔ عربی زبان کو سرکاری زبان قرار دیا گیا۔ دمشق کو راجدھانی بنایا گیا اور اسلامی سکے جاری کیے ان پر عربی زبان میں تحریر کیا گیا۔

- 750 عیسوی میں ''دعوۃ'' نامی ایک منظّم تحریک نے بنوامیہ حکومت کا خاتمہ کر دیا اور عباسی حکومت کی بنیاد ڈالی۔ انھوں نے بغداد کو راجدھانی بنایا۔ فوج اور نوکر شاہی کو قبائلی بنیاد پر دوبارہ منظّم کیا۔ اسلامی اداروں اور علما کو تحفظ فراہم کیا۔

- عباسی خلافت نویں صدی میں کمزور ہوگئی۔ ریاست میں خانہ جنگی، گروہ بندی اور ترکی غلام افسران (مملوک) کی طاقت میں اضافہ ہوا۔ دسویں اور گیارہویں صدی میں ترکی کی سلطنت کا ظہور ہوا جس کی بنیاد الپتگین نے رکھی۔

- عیسائی اور اسلامی حکومتوں کے مابین دشمنی بڑھنے لگی جس کی وجہ سے معاشی اداروں میں ہونے والی تبدیلیاں تھیں۔ 1095 میں مقدس سرزمین کو آزاد کرانے کے لیے اللہ کے نام پر جنگیں لڑی گئیں انھیں صلیبی جنگ کا نام دیا گیا۔ یہ جنگیں 1095 سے 1291 کے درمیان لڑی گئیں۔

تین صلیبی جنگ (مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان)
(فلسطین کی مقدس سرزمین یروشلم (بیت المقدس) کو آزاد کرانے کے لیے)

اثرات — تیسری صلیبی جنگ 1189 — دوسری صلیبی جنگ 1145-49 — پہلی صلیبی جنگ 1098-99

- مسلم حکومتوں کا اپنی عیسائی رعایا کے ساتھ سخت رویہ
- اٹلی کے تاجر طبقوں کا مسلم حکومت کی بازیابی کے بعد بھی مغرب اور مشرق کے درمیان تجارت میں کافی اثر

- وسطی عہد میں اسلامی حکومت کا اقتصادی نظام بہت مضبوط تھا۔ زراعت کو بڑھاوا، آب پاشی کے لیے نہریں، باندھوں کی تعمیر، تکنیکی ترقی، تجارت اور کاروبار کو بڑھاوا، ہڈیوں کا استعمال، زرعی اور صنعتی ترقی نے شہرکاری کو بڑھاوا دیا۔

- آٹھویں اور نویں صدی میں قانون کے چار مذہبی مکتب فکر وجود میں آئے۔ یہ مالکی، حنفی، شافعی اور حنبلی تھے۔

- **صوفیوں کا ظہور**: سائنس اور فلسفہ میں دلچسپی، عربی نظموں کا ظہور، فارسی زبان کی ترقی، غزنی فارسی ادب کا مرکز بن گیا۔ فردوسی کے ذریعہ شاہ نامہ لکھا گیا۔

- **مذہبی عمارتیں**: اسلامی دنیا کی پہچان، ان عمارتوں میں مسجدیں، خانقاہیں اور مقبرے شامل تھے۔ پہلی اسلامی صدی میں مسجد نے ایک تعمیراتی وضع حاصل کر لی۔ گنبد، مینار، محراب، صحن اور ستونوں کے سہارے بنی ہوئی چھتیں۔

- کاغذ: مرکزی اسلامی ممالک میں کاغذ چین سے آتا تھا۔ کاغذ کے متعارف ہونے کے بعد تصانیف کی اشاعت میں تیزی آئی۔ انسانی تاریخ سے متعلق دو اہم تخلیقات انصب الاشرف بالا دھری کے ذریعے اور تاریخ الرسول والملک (پیغمبروں اور بادشاہوں کی تاریخ) تابری کے ذریعے تخلیق کی گئی۔

- جانداروں کی تصویریں بنانے کو ممنوع قرار دیے جانے سے فن کی دو صورتیں — خوش نویسی (خطاطی یا خوش خط لکھنے کا فن) اور عربیسک (جیومیٹریکل اور نباتاتی ڈیزائن) کو بڑھاوا ملا۔

- **ادب**: ادب ایک اصلاح تھی جس کو لفظی اور ثقافتی شائستگی کے لیے استعمال کیا گیا۔

- ابن سینا (980-1037) ایک پیشہ ور طبیب اور فلاسفر تھا۔

## ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات

1۔ حدیث کیا ہے۔

A۔ محمدؐ کی باتیں اور اعمال کے ریکارڈ　B۔ سیرت
C۔ تفسیر　D۔ ان میں سے کوئی نہیں

2۔ پیغمبر محمدؐ کو خدا کا نبی کب بنایا گیا۔

A۔ 610 عیسوی میں　B۔ 612 عیسوی
C۔ 622 عیسوی　D۔ 632 عیسوی

3۔ پہلے خلیفہ کا کیا نام تھا۔

A۔ حضرت ابوبکرؓ　　B۔ حضرت عمرؓ

C۔ حضرت عثمانؓ　　D۔ حضرت علیؓ

4۔ بنوامیہ خاندان کا خاتمہ کس خاندان نے کیا۔

A۔ ایرانی　　B۔ عباسی

C۔ خراسانی　　D۔ ان میں سے کوئی نہیں

5۔ یروشلم میں پتھر کا گنبد کس نے بنوایا۔

A۔ حضرت علی نے　　B۔ حضرت عثمان نے

C۔ عبدالملک نے　　D۔ ان میں سے کوئی نہیں

6۔ سلجوقیوں نے خراسان کو فتح کر کس جگہ کو اپنی راجدھانی بنایا۔

A۔ بلخ　　B۔ بخارا

C۔ بغداد　　D۔ نیشاپور

7۔ مقدس سرزمین کسے کہا گیا۔

A۔ یروشلم　　B۔ بصرہ

C۔ ہرات　　D۔ نیشاپور

8۔ مندرجہ ذیل میں سے کس شہر کو فوجی شہر کہا گیا۔

A۔ کوفہ　　B۔ بصرہ

C۔ فسطاط　　D۔ ان میں سبھی

9۔ علماء کنہیں کہا جاتا ہے۔

A۔ مسلم مذہبی عالم　　B۔ خلیفہ

C۔ بادشاہ　　D۔ ان میں سے کوئی نہیں

10۔ خوش نویسی کسے کہا جاتا ہے۔

A۔ جیومیٹرک　　B۔ خوش خط لکھنا

C۔ عمارت　　D۔ باغ

11۔ شاہنامہ کس نے لکھا ہے۔

A۔ ابن ندین　　B۔ فردوسی

C۔ ابن سینا　　D۔ ارسطو

## مختصر ترین جواب والے سوالات

1۔ پیغمبر محمدؐ کے قبیلہ کا نام بتایئے۔

2۔ پیغمبر محمدؐ کے اپنے پیروکاروں کے ہمراہ مدینہ جانے کو کیا کہا جاتا ہے؟

3۔ پیغمبر کا جانشین کو کیا کہا جاتا ہے؟

4۔ بنواُمیہ خاندان کا قیام کس نے کیا؟

5۔ عباسی انقلاب کے شروعات کس تحریک سے ہوئی؟

6۔ عباسیوں نے اپنی راجدھانی کس جگہ کو بنایا؟

7۔ کتنی صلیبی جنگیں ہوئیں؟

8۔ کاغذ کی ایجاد کہاں ہوئی؟

9۔ تاجر اور ساہوکاروں نے رقم کو ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنے کے لیے کس کا استعمال کیا؟

10۔ شریعت کسے کہا جاتا ہے؟

11۔ کسی مسلم صوفی سنت عورت کا نام لکھیے؟

12۔ بخیلوں سے متعلق تفریحی کے قصّے کس کتاب میں لکھے گئے ہیں؟

13۔ طغرائی گلکاری (اربیسک) کیا ہے؟

14۔ نخلستانوں میں صحرائی محل کس نے بنوائے؟

## مختصر جواب والے سوالات (4 نمبر والے)

1۔ پیغمبر حضرت محمد ﷺ نے عرب ممالک کے بڑے حصے کو اپنے مذہب، فرقہ اور سلطنت میں شامل کرنے میں کس طرح کامیابی حاصل کی؟ تبصرہ کیجیے۔

2۔ خلافت سے کیا مراد ہے؟

3۔ اوّل چار خلیفاؤں نے اپنی حکومت کی توسیع کس طرح سے کی تھی؟

4۔ بنواُمیہ نے موروثی جانشینی کی شروعات کیسے کی تھی؟

5۔ عباسی انقلاب کیا تھا؟ عباسی حکومت کے اثرات بیان کیجیے۔

6۔ 'تصوت کا دروازہ تمام لوگوں کے لیے کھلا ہے' کو واضح کیجیے۔

7۔ مسجد کی عالمی خصوصیات بیان کیجیے۔

8۔ نویں صدی عیسوی میں عباسی حکومت کے کمزور ہو جانے کی وجوہات اور نتائج کا تذکرہ کیجیے۔

9۔ اسلامی حکومت میں زرعی نظام کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟ وضاحت کیجیے۔ ان خصوصیات کی وجہ سے پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

10۔ عہدِ وسطیٰ کے اسلامی دور کی کون سی تخلیقات یوروپ پہنچیں اور ان سے فلسفہ اور سائنس کے میدان میں دلچسپی پیدا ہوئی؟

11۔ اسلامی دنیا کی عمارتوں کی خصوصیات بیان کیجیے۔

12۔ عہدِ وسطیٰ میں معاشی زندگی میں مسلم دنیا کا سب سے بڑا تعاون کیا تھا؟ تجارتی سفر کس طرح سے زیادہ محفوظ ہو گئے؟

13۔ ساتویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں خانہ بدوشوں (بدوؤں) کی زندگی کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔

14۔ صلیبی جنگ سے کیا مراد ہے؟ صلیبی جنگوں کا ایشیا اور یوروپ پر کیا اثر پڑا؟

15۔ ابن سینا کون تھا؟ اس کی کتاب کا نام بتایئے۔ اس کی خصوصیات کا مختصر تذکرہ کیجیے۔

16۔ ادب کے کیا معنی ہیں؟ عہد وسطیٰ میں اسلامی سماج میں کسی شخص کی کن خوبیوں کو سب سے زیادہ بہترین خوبیوں میں شمار کیا جاتا تھا؟

17۔ اسلام میں جانداروں کی تصویریں ممنوع قرار دیے جانے سے فن کی فن دو شکلوں کو بڑھاوا ملا؟

## طویل جواب والے سوالات (8 نمبر والے)

1۔ وسطی عہد کی اسلامی دنیا میں شہرکاری کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟ وضاحت کیجیے۔

2۔ اسلامی فن تعمیر اور رومن فن تعمیر کا موازانہ کیجیے۔

3۔ ''فتح کیے گئے سبھی صوبوں میں خلیفاؤں نے نیا نظام حکومت لاگو کیا'' یہ نظام حکومت کا کون سا طریقہ تھا؟ تذکرہ کیجیے۔

4۔ اموی حکومت اب ایک سامراجی طاقت بن گئی تھی۔ اب وہ براہ راست اسلام کے آئین پر مبنی نہیں تھی؟ ثابت کیجیے۔

## طویل جوابات (8 نمبر والے)

1۔
- شہروں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا
- اسلامی تہذیب کا پھلنا پھولنا
- اہم مقصد: عرب فوجیوں کو آباد کرنا، کوفہ، بصری، فشان، قاہرہ، بغداد اور ثمر قند جیسے فوجی شہر
- شہروں کی ترقی اور توسیع کے لیے غذائی اجناس اور صنعتوں کو بڑھاوا۔
- دو طرح کی عمارتیں: ایک مسجد (مسجد الجامعی) دوسری مرکزی منڈی (سق)
- مرکزی منڈی میں دوکانوں کی قطاریں، تاجروں کی رہائش (فندو) سناروں کا دفتر، منتظمین، علما اور تاجروں کے مکانات
- منڈی کی ہر ایک اکائی کی اپنی مسجد، چرچ یا سینگاگ (یہودیوں کی عبات گاہ)
- شہر کے باہری علاقوں میں غریبوں کے مکان، سبزی، پھلوں کے بازار، قافلوں کے ٹھکانے، دوکانیں وغیرہ۔
- شہر کی چہار دیواری باہر قبرستان اور سرائے
- شہروں کے نقشوں میں مساوات کی کمی

2۔ مذہبی عمارتیں دنیا کی سب سے بڑی علامتیں

- اسپین سے وسطی ایشیا تک پھیلی مسجدیں، عبادت گاہیں اور مقبرے
- عمارتیں مسلمانوں کی روحانیت اور اخلاقیت کو ظاہر کرتی ہیں۔
- اسلامی پہلی صدی ہجری میں مسجد نے فن تعمیر کی ایک بہترین شکل اختیار کر لی۔
- نخلستانوں میں ریگستانی محل
- محلوں کی تعمیر رومن اور ساسانی فن تعمیر کے طرز پر
- عباسیوں کے ذریعے سمراپانی کے بیچ ایک نئے شاہی شہر کی تعمیر
- مینار نئے مذہب کے طور پر
- عوامی غسل خانے روم کی شہری زندگی کی خصوصیت
- روم کے انجینئروں کے ذریعے تین براعظموں کے پار پانی لے جانے کے لیے عظیم پلوں کی تعمیر
- روم کی فن تعمیر بہترین نمونہ
- پتھروں اور اینٹوں کے ٹکڑوں کا استعمال/ستونوں کی تعمیر

3۔
- خلفا نے ایک نیا انتظامی ڈھانچہ لاگو کیا۔
- گورنر (امیر) اور قبائلی سردار (اشراف)
- مرکزی خزانہ (بیت المال) کی آمدنی کا ذریعہ مسلمانوں کی طرف سے دی گئی محصول اور مال غنیمت میں ملنے والا حصہ
- خلیفہ کے فوجی جوز یادہ تر بدو تھے۔
- ریگستان کے کنارے کے فوجی شہروں جیسے کوفہ اور بصرہ میں آباد ہو گئے
- غیر مسلموں کو خراج اور جزیہ ادا کرنا پڑتا تھا۔
- یہودیوں اور عیسائیوں کو ذمی (حکومت کے ذریعہ امان یافتہ) قرار دیا گیا

- ان کو اپنے مذہبی معاملات کی ادائیگی میں کافی حد تک خودمختاری دی گئی

4۔

- پہلے امیر خلیفہ کے ذریعے دمشق کو راجدھانی بنانا
- بازنطینی سلطنت کے انتظامی اداروں اور درباری رسومات کو اپنانا
- موروثی جانشینی کی ابتدا
- حکومت چلانے میں ماہر
- انتظامیہ میں عیسائی مشیر، زرتشت منشی اور افسران شامل
- اپنی عربی شناخت کو قائم رکھنا، عربی کو درباری زبان بنانا
- اسلامی سکوں کو متعارف کرانا
- سونے کے دینار اور چاندی کے درہم سے پہلوی نقش، آتشی قربان گاہ اور صلیب کی نشانیوں کو ختم کرنا
- یروشلم میں پتھر کا گنبد (Dome of The Rock) بنوا کر عبدالمالک نے اسلامی شناخت کا اہم کارنامہ انجام دیا۔

## سیکشن-دو

# باب-5: خانہ بدوش اقوام کی سلطنتیں

**یاد رکھنے لائق نکات:**

**خانہ بدوش سماجوں کے تواریخی مآخذ**

- کچھ اہم ماخذ چینی، منگولی، فارسی، عربی زبانوں میں بھی دستیاب ہوئے
- شہری ادیبوں کے دستاویزات
- سفرنامے
- وقائع

- خانہ بدوش سلطنتوں کی اصطلاح متضاد معلوم ہوتی ہے کیوں کہ خانہ بدوش عام طور پر ایک جگہ سے دوسری جگہ گھومتے پھرتے ہیں۔ وسطی ایشیا کے منگولوں نے ایک ایسی براعظمی سلطنت کا قیام کیا اور ایک خوفناک فوجی تنظیم اور حکومت کرنے کے ایک بہترین طریقے کے طور پر استعمال کیا۔
- وسطی ایشیا کے صحرا میں تیرہویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں چنگیز خاں نے منگولوں کو متحد کیا۔ منگول مختلف قسم کے لوگوں پر مشتمل جماعت تھی۔ جن میں تاتار، کھتان، مانچوس اور ترک قبیلے شامل تھے۔ یہ لوگ چرواہے تھے اور شکار کر کے غذا اکھٹا کرتے تھے۔ یہ لوگ کھیتی نہیں کرتے تھے۔ نسلی اور لسانی تعلقات نے منگولوں کو متحد کر رکھا تھا۔
- صحرائی علاقوں کی ناکافی وسائل کی وجہ سے منگولوں اور وسطی ایشائی خانہ بدوشوں کو تجارت اور اشیا کے مبادلے کے لیے چین جانا پڑتا تھا۔ چینی لوگوں کو یہ شکار کیے گئے جانور، گھوڑے اور پوستین (فر) دے کر ان کے بدلے میں زرعی پیداوار، لوہے کے اوزار لاتے تھے۔
- ''بربر'' لفظ یونانی زبان کے بابوس سے ماخوذ ہے جس سے مراد غیر قانونی لوگوں سے ہے۔

- خانہ بدوش قبیلے چین پر بار بار حملے کرتے تھے اور شہریوں کو لوٹ لیتے تھے۔ان کے حملوں سے بچنے کے لیے چینی حکمرانوں نے ''عظیم دیوار چین''، تعمیر کرائی۔

- چنگیز خاں جس کا پرانا نام تموجن تھا1206 تک اپنے دشمنوں کو زیر کر دیا اور صحرائی علاقوں کا سب سے بااثر شخص بن گیا۔اسی لیے1206 میں قرل تنی کی ایک مجلس میں وہ چنگیز خاں، بحری خاں، عالمگیر خاں جیسے خطابات کے ساتھ تخت نشین ہوا۔

**چنگیز خاں کے فوجی کارنامے**

- آتش گیر گولہ باری
- مہموں کے دوران ہلکے نقل پذیر آلات کا استعمال
- محاصراتی حربی مشین
- نشانہ لگانے والے فوجی
- گھوڑ سواری میں مہارت رکھنے والے فوجی

- نئے فوجی دستوں کو جو اس کے چار بیٹوں کے ماتحت تھے''نویان'' کہا جاتا تھا۔

- خانہ بدوش منگولی ثقافت کی ترقی کا تین مرحلوں میں مطالعہ کیا جاسکتا ہے

■ چنگیز خان قدیم قبیلائی گروپ بندی کو تقسیم کر اس کے ممبران کوئی فوجی اکائیوں میں بانٹ دیا۔فوجیوں کی سب سب سے بڑی اکائی جو تقریباً10 ہزار فوجیوں پر مشتمل تھی'تومان' کہا جاتا تھا۔اس میں مختلف خاندان اور قبیلوں کے لوگ شامل تھے۔

- اپنی سلطنت کے دور دراز علاقوں سے تعلقات قائم رکھنے کے لیے تیز رفتار ہرکارہ نظام قائم کیا۔مقررہ دوری پر چوکیاں تعمیر کرائی گئیں جن میں صحت منداور طاقت ور گھوڑے اور گھوڑ سوار پیغام رساں تعینات کیے۔اس کے لیے منگول خانہ بدوش، گھوڑوں اور دیگر مویشیوں کا دسواں حصہ بطور ٹیکس ادا کرتے تھے۔اسے قوبکر ٹیکس کہا جاتا تھا۔

- چنگیز خاں نے فتح کیے گئے علاقوں کی حکومت اپنے چار بیٹوں کو سونپ دی۔اس طرح چار الوس کی تشکیل ہوئی۔

- تیرہویں صدی کے وسط تک منگولوں نے متحد لوگوں کی حیثیت حاصل کر لی تھی۔جنھوں نے ایک عظیم سلطنت کی تشکیل کی۔

انھوں نے بہت پیچیدہ سماجوں پر حکومت کی جن کی اپنی تاریخ، تہذیب اور قوانین تھے۔ اگر چہ منگولوں کو اپنی حکومت پر سیاسی غلبہ حاصل تھا مگر وہ تعداد کے اعتبار سے اقلیت میں تھے۔ اپنی شناخت اور امتیازی حیثیت کو محفوظ رکھنے کے لیے انھوں نے ''یاسا'' مشترکہ عقائد کو اپنایا۔

- ''یاسا'' کو شروع میں ''یاساق'' لکھا جاتا تھا۔ چنگیز خاں نے اسے 1206 میں قرلمی میں نافذ کیا تھا۔ اس (یاساق) کا مطلب تھا قانون، فرمان یا حکم یاساق کے متعلق جو کچھ تفصیلات ہمارے پاس ہیں وہ شکار انظام، فوج اور ڈاک جیسے قواعد وضوابط سے متعلق تھیں۔

- **منگولوں کے زوال کی بنیادی وجوہات**

  ■ ان کی تعداد کم تھی وہ اپنی رعایا کے مقابلے غیر مہذب تھے

  ■ آپسی دشمنی اور اپنی تہذیب کو فتح کیے گئے ممالک کی تہذیب سے ملانا

  ■ منگولوں کے ذریعہ دوسرے مذہبوں کو اپنانا

**چنگیز خان کی کامیابی**

- تیز رفتار ہرکارہ نظام
- تجارتی راستوں اور بازاروں کی بحالی کرنا
- حکومت کثیر نسلی، کثیر لسانی اور کثیر مذہبی
- طاقتور اور فوج
- بہت بڑی پار براعظمی سلطنت کا قیام
- قبیلوں کو آپسی جھگڑوں اور چینیوں کے استحصال سے آزادی دلانا
- منگولوں کو متحد کرنا

- آج منگولیہ ایک آزاد ریاست ہے اور چنگیز خاں ایک عظیم قومی ہیرو کے طور پر عوام میں اس کی بہت زیادہ تعظیم وتکریم کی جاتی ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے)

1۔ ''فتح کیے گئے علاقوں کے لوگوں کو اپنے خانہ بدوش حکمرانوں سے کوئی لگاؤ نہیں تھا'' اس کے لیے جوابدہ وجوہات کا تذکرہ کیجیے۔

2۔ منگول قبیلوں کو نئے سماجی اور فوجی اکائیوں میں تقسیم کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ واضح کیجیے۔

3۔ منگولوں کے فوجی نظام کا تذکرہ کیجیے۔

4۔ چنگیز خاں کے ہرکارہ نظام پر روشنی ڈالیے۔ اس کی کیا خصوصیات تھیں؟

5۔ چنگیز خاں کے چاروں بیٹوں کے نام لکھ کر ان کے نظام حکومت کا مختصراً تذکرہ کیجیے۔

6۔ جموکا کون تھا؟ چنگیز خاں نے جموکا کو شکست دینے کے لیے کون سی پالیسی اپنائی؟

7۔ منگولوں کی تاریخ پر یقین نہ کرنے کی کیا وجوہات ہیں؟

8۔ منگولوں کے سماجی حالات کا تذکرہ کیجیے۔

9۔ چنگیز خاں ایک عظیم حکمراں تھا۔ اس کی کیا وجوہات تھیں؟

## طویل جواب والے سوالات (8 نمبر والے)

1۔ چنگیز خاں کے فوجی کارناموں کا تذرہ کیجیے۔ اس کی کامیابی کی کیا وجوہات تھیں؟

2۔ ''یاسا'' کیا تھا؟ اس کے معنی میں تبدیلی کی کیا وجوہات تھیں؟ ''یاسا'' کی اہمیت پر تبصرہ کیجیے۔

3۔ منگول سلطنت کے زوال کی کیا وجوہات تھیں؟ بیان کیجیے۔

4۔ چنگیز خاں کون تھا؟ چنگیز خاں اور منگولوں کا عالمی تاریخ میں کیا مقام ہے؟ تذکرہ کیجیے۔

## ایک سے زیادہ انتخاب کے سوال

1۔ مندرجہ ذیل میں سے منگولوں کا اہم پیشہ کیا تھا؟

A۔ زراعت　　B۔ دستکاری

C۔ گلہ بانی اور شکار کے ذریعہ غذا جمع کرنا　　D۔ نجومی

2۔ باربیرین ایک یونانی لفظ ہے جس کے معنی ہیں۔

A۔ طاقتور B۔ شکاری

C۔ غیر یونانی D۔ ظالم

3۔ چین کی عظیم دیوار بنوائی گئی۔

A۔ تجارت کو فروغ دینے کے لیے B۔ زراعتی علاقے کو قلعہ بند کرنے کے لیے

C۔ سلطنت کی خوبصورتی بڑھانے کے لیے D۔ چین کی حفاظت کے لیے

4۔ چنگیز خان کے چار بیٹوں میں تقسیم نئی فوجی ٹکڑیوں کو کیا کہا جاتا تھا۔

A۔ یاسا B۔ ہرکارہ نظام

C۔ نویان D۔ قرل تئی

5۔ منگولیا میں چنگیز خان کو کیا اہمیت حاصل ہے۔

A۔ ظالم B۔ عظیم قومی ہیرو

C۔ فلسفی D۔ خانہ بدوش

## مختصر ترین جواب والے سوالات

1۔ وسطی ایشیا کے خانہ بدوش چین کیوں جاتے تھے؟

2۔ چنگیز خان کو کس خطاب سے نوازہ گیا؟

3۔ منگولوں کو ہرکارہ نظام کے لیے گھوڑے اور دیگر جانوروں کے 1/10 حصّہ دینے کو کیا کہا جاتا تھا؟

4۔ خانہ بدوش بنیادی طور پر کون تھے؟

5۔ اپنی نسلی شناخت کو برقرار رکھنے کے لیے منگولوں نے کس قانونی نظام کو اپنایا؟

6۔ چنگیز خان کی فوج کی سب سے بڑی اکائی کو کیا جہا جاتا تھا؟

## مندرجہ ذیل کو پڑھ کر صحیح یا غلط کے نشان لگائیے۔

1۔ چنگیز خان کا ابتدائی نام یسوگئی تھا۔

2۔ ہرکارہ نظام کے ذریعہ سلطنت کے دور دراز کے علاقوں میں آپسی تعلقات قائم رکھا جاتا تھا۔

3۔ منگول سلطنت کثیر نسلی، کثیر السانی، کثیر مذہبی تھی۔

4۔ بربر ایک فارسی لفظ ہے جس کا مطلب غیر قانونی ہے۔

5۔ چنگیز خان نے اس بات کا اشارہ دیا تھا کہ اس کا تیسرا لڑکا اوگوڈی خان اعظم کی حیثیت سے اس کا جانشین ہوگا۔

## طویل جوابات (8 نمبر والے)

1۔ چنگیز خاں کے فوجی کارنامے

- ماہر گھوڑسوار فوج
- تیراندازی میں ماہر
- موسم کی معلومات
- عامراتی حربی مشین
- آتش گیر گولہ باری
- ہلکے پھلکے ہتھیار تیار کرنا (دیگر مناسب نکات)

2۔ یاسا— ابتدائی ضابطہ سازی اس اصطلاح کو یاساق (Yasaq) کہا گیا۔ یہ وہ ضابطہ قانون ہے) جسے چنگیز خاں نے 1206 میں قرل تئ میں لاگو کیے۔

- معنی قانون، فرمان یا حکم
- شکار کا نظام، فوج اور ڈاک کے نظام کے قوانین
- معنی یا تبدیلی کی وجوہات

- تیرہویں صدی کے وسط تک منگولوں کے ذریعے متحد وسیع سلطنت کا قیام
- منگولوں نے سیاسی طور پر علاقوں پر غلبہ کر لیا تھا کیوں کہ وہ عددی طور پر اقلیت میں تھے
- اپنی شناخت اور امتیاز کو محفوظ رکھنے کے لیے یاسا کے مقدس قانون پر دعوی کرنا
- یاسا کو اپنے اباواجداد چنگیز خاں کے واضح قوانین ہونے کا دعوی کر کے رعایا پر نافذ کیا
- چنگیز خاں اور اجداد کی منگولوں سے قرابت کو تسلیم کیا
- یاسا، منگول قبائل کے رسم ورواج اور روایات کی تدوین
- شکست خوردہ رعایا پر نافذ کرنے کے لیے اعتماد بخشا
- چنگیز خاں کو اپنی سیاسی بصیرت سے تحریک ملی اور جس نے عالمگیر منگول سلطنت قائم کرنے میں اہم کردار ادا کیا

## 3۔ منگول سلطنت کا زوال

منگولوں کے زوال کی بنیادی وجوہات

- ان کی تعداد بہت کم تھی وہ اپنی رعایا کے مقابلے کم مہذب تھے
- آپسی رنجش اور اپنی تہذیب کو فاتح ملکوں کی تہذیب سے جوڑا
- منگولوں کے ذریعے دیگر مذاہب کو اپنانا
- ان کی حکومت کثیر لسانی، کثیر مذہبی تھی
- منگول حکمرانوں نے تمام گروہوں اور مذاہب کے لوگوں کو منتظمین کے طور پر اور مسلح دستوں میں بھرتی کیا
- دیگر کوئی

4۔ چنگیز خاں کی پیدائش 1162 عیسوی میں منگولیا میں ہوئی۔ اس کا نام تموجن (Tamujin) رکھا گیا

- 1206 عیسوی میں نائما (Naiman) لوگوں اور طاقت اور جموقا کی آخری شکست نے تموجن صحرائی علاقوں کی سیاست میں ایک با اثر شخصیت کے طور پر ابھرا۔
- اس نے چنگیز خاں، بحری خاں، عالمگیر خاں کے خطابات حاصل کیے
- وہ منگولوں کا عظیم رہنما بن کر ابھرا
- منگولوں اور چنگیز خاں کا عالمی تاریخ میں مقام
- منگولوں کے لیے چنگیز خاں ایک عظیم حکمراں تھا

- اس نے منگولوں کو متحد کیا
- اس نے منگولوں کو چین کے استحصال سے آزادی دلائی اور ایک برِاعظمی سلطنت کی بنیاد ڈالی
- تجارتی راستوں اور بازاروں کو پھر سے آباد کرایا
- اس کی حکومت کثیر نسلی، کثیر لسانی اور کثیر مذہبی تھی
- اب منگولیا ایک آزاد ملک ہے اور چنگیز خاں ایک عظیم قومی رہنما کے طور پر ہے۔

# سیکشن۔ تین

# باب-6: تین طبقات

## یاد رکھنے لائق نکات:

- **یوروپین تاریخ کے اہم ماخذ:** زمینداروں کے دستاویزات، قدروں اور قانونی دستاویزات جیسے چرچ میں ملنے والی پیدائش، وفات اور شادی سے متعلق تحریریں۔ چرچ سے حاصل دستاویزات نے تجارتی تنظیموں اور نظموں اور کہانیوں کے ذریعہ تیوہاروں اور سماجی سرگرمیوں سے روشناس کرانا۔
- اقتصادی نقطۂ نظر سے جاگیرداری سے مراد زرعی پیداوار کی ایک ایسی قسم جو لارڈ اور کسانوں کے درمیان پائے جانے والے تعلقات کی بنیاد پر قائم تھے۔ کسان اپنے ساتھ ساتھ لارڈ کی زمینوں میں کاشتکاری کرتے وہ لارڈ کے لیے مشتق آمیز خدمات انجام دیتے جو اس کے عوض انھیں فوجی تحفظ فراہم کرتے تھے۔
- جاگیرداری اصطلاح جرمن FEUD سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی ہیں ایک قطعۂ زمین۔
- جاگیرداری پر سب سے پہلے کام کرنے والے فرانسیسی مفکر مارک بلاک کے مطابق انسان کی تاریخ سازی میں جغرافیہ کا اہم کردار ہے۔ اور لوگوں کے رویوں اور باہمی سلوک کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

**فرانس میں سماج کی تقسیم**

- **کسان**
  - صرف یا غلام کسان یہ جن زمینوں میں کام کرتے وہ زمین لارڈ کی ہوتی تھی۔
- **آزاد کسان**
  - یہ لارڈ کی آسامی کی حیثیت سے زمینوں کے مالک تھے۔
- **امراء**
  - اپنی جائیداد پر دائمی اختیار۔
  - اپنی فوجی طاقت کا مالک
  - اپنی عدالت لگانے کا حق
  - ذاتی سکّے ڈھالنے کا حق
  - نائٹ طبقہ کا ظہور
- **پادری**
  - عیسائی سماج کی رہنمائی
  - چرچ میں مذہبی خطاب
  - راہبوں کے لیے قانون
  - مذہبی جماعتوں میں رہنا
  - خانقاہوں میں رہنا
  - آبادی سے دور رہنا

- بادشاہ کے ذریعہ کسانوں پر کبھی بھی ایک بلواسطہ ٹیکس (TELI) ٹیلی لگاتے تھے۔ پادری اور امرا طبقہ اس ٹیکس سے آزاد تھے۔
- لارڈ کی جاگیروں پر کسانوں کے خاندانوں کو ہفتہ میں تین یا اس سے زیادہ دن کام کرنا پڑتا تھا۔ اس کام سے ہونے والی پیداوار فاضل قرار مقدار کہلاتی تھی۔
- زراعت میں توسیع کے ساتھ ساتھ اس سے وابستہ تین چیزوں یعنی آبادی تجارت اور قصبات میں بھی اضافہ ہوا اور شہری لوگوں کی شکل میں چوتھے طبقے کا ظہور ہوا۔
- شہروں کی آزاد آب و ہوا، تنخواہ پر کام اور لارڈ کی غلامی، آزادی، جاگیردارانہ تعلقات کے کمزور ہونے کا سبب بن گئے۔
- گیارہویں صدی سے یوروپ میں گرمی والے موسم کی شروعات ہوئی۔ لکڑی کی جگہ لوہے کے پُل کا استعمال جانوروں کو کھیتوں میں جوتنے کے طریقوں میں سدھار، جانوروں کے کھروں میں لوہے کی نال لگانا اور دو کھیتوں والے نظام سے تین کھیتوں والے نظام میں تبدیل کرنا، اس تبدیلی سے کھیتی میں انقلابی، بدلاؤ آیا۔ جس سے بادی توانائی اور آبی توانائی کے استعمال نے زرعی حلقہ میں انقلاب برپا کردیا۔
- چودھویں صدی کا بحران: چودہویں صدی کے ابتدا میں یوروپ کے اقتصادی پھیلاؤ کی رفتار سست پڑنے کی وجوہات۔
  - موسم میں تبدیلی پیدوار والے موسم چھوٹے ہوگئے۔
  - زیادہ کھیتی نے زمین کی زرخیزی کو کمزور کردیا۔
  - آبادی میں اضافہ سے دستیاب وسائل کا کم پڑنا۔
  - آسٹریا اور سربیا میں چاندی کی پیداوار کا کم ہونا نتیجتاً تجارت متاثر۔
  - خشک سالی
- سیاسی تبدیلیاں: نئی طاقتور ریاستوں کا ظہور، منظّم فوج، ایک مستقل نوکرشاہی اور سرکاری ٹیکس نظام قائم کرنے کی ابتدا۔
- نیا نظام حکومت پرانے نظام سے مختلف: بادشاہ اب اہرام کی اس کی چوٹی پر مزید بیٹھا نہیں رہ سکتا تھا۔ جہاں وفاداری، شخصی انحصار اور اعتماد کی بات تھی۔ وہ ایک وسیع درباری سماج کے درمیان سرپرست اور گاہک کے مابین رشتوں کا تانا بانا تھا۔

## ایک سے زیادہ انتخاب والے سوالات

س1۔ 'جاگیرداری' جرمن لفظ "Feud" سے مشتق ہے جس کے معنی ہے:۔

A۔ کسان B۔ زمین کا ایک ٹکڑا

C۔ مذہبی گروپ D۔ آپسی جھگڑا

س2۔ لارڈ کے ذریعہ نائٹ کو دیا جانے والا زمین کا ٹکڑا کیا کہا جاتا ہے۔

A۔ ٹیلی B۔ فرایر

C۔ فیف D۔ فیوڈ

س3۔ چوتھا طبقہ ''شہری لوگ'' کے ظہور کی کیا وجوہات تھیں؟

A۔ چرچ اور پادری کی طاقت میں اضافہ B۔ 14ویں صدی کا بحران

C۔ نئی طاقتور حکومتوں کا ظہور D۔ زرعی پیداوار میں اضافہ آبادی اور نگروں کا بڑا ہونا

س4۔ گلڈز (Guilds) سے کیا مراد ہے۔

A۔ راہبوں کے رہنے کی جگہ B۔ نگروں میں رہنے والا تاجر طبقہ

C۔ ہجری کیلنڈر پر مبنی تہوار

D۔ پیشہ واران کی انجمن جو پیداوار کی معیار اس وقت کی قیمت اور خرید کو کنٹرول کرتی تھی

س5۔ چرچ کسان سے سال میں زراعتی پیداوار کا 10واں حصہ (عشر) لیتا تھا جسے کہا جاتا تھا۔

A۔ ٹیلی B۔ گلڈز (Guilds)

C۔ ٹیتھ (Tithe) D۔ اسٹیٹ

## مختصر ترین جواب والے سوالات

س1۔ 'فرایر' کسے کہا جاتا تھا؟

س2۔ دو سب سے مشہور مٹھ کون سے تھے اور کہاں تعمیر کیے گیے؟

س4۔ لیبر کرایہ (Labour Rent) کسے کہا جاتا تھا؟

س5۔ گیارہویں صدی میں یوروپ کے درجہ حرارت میں کیا تبدیلی آئی اور اس کا زراعت پر کیسا اثر پڑا؟

## مندرجہ ذیل کو پڑھ کر صحیح یا غلط کا نشان لگائیے۔

1۔ Abbey مشتق ہے Syriac abba سے جس کے معنی ہیں گھر۔

2۔ فرانس کے بادشاہ کا عوام سے جڑا ؤ ایک روایت کی وجہ سے تھا اس روایت کو Vassalage کہا جاتا تھا۔

3۔ عیسائی مذہب میں راہب صرف مرد ہی بن سکتے تھے۔

4۔ فرانس میں بڑے بڑے چرچ جنہیں کیتھیڈرل کہا جاتا تھا ان کی کھڑکیوں کے لیے دودھیا شیشے کا استعمال کیا جاتا تھا۔

5۔ جاگیردارانہ نظام میں آزادی کے متمنی بہت سے زرعی غلام فرار ہو کر شہروں میں روپوش ہونے لگے۔

## مختصر جواب والے سوالات (3: نمبر)

1۔ سینیور لارڈ لفظ کے کیا معنی ہیں؟ فرانسیسی سماج میں امراء طبقہ کی ایک اہم حیثیت تھی، بیان کیجیے؟

2۔ عہد وسطیٰ کے یوروپ میں مٹھوں میں راہب کیسی زندگی گزارتے تھے؟

3۔ نائٹ طبقہ کا ظہور کیوں ہو؟ لارڈ اور نائٹ کے آپسی تعلقات کو مختصراً بیان کیجیے؟

4۔ جاگیردارانہ نظام کے تحت یوروپ میں کسانوں کی کیا حالت تھی؟

5۔ ابتدائی یوروپ میں زراعت سے متعلق مسائل کیا تھے؟ انھوں نے لارڈ اور کسانوں کے تعلقات کو کس طرح متاثر کیا؟

6۔ مینر انظام کے بارے میں لکھیے۔

7۔ فرانس کے سرف اور روم کے غلاموں کے حالات زندگی کا موازنہ کیجیے؟

8۔ یوروپ کے سماج میں پھیلی بے اطمینانی کی وجوہات کو بیان کیجیے۔

9۔ وسطی دور کے آخری سالوں کے یوروپ میں کس نئے سماجی طبقہ کی ترقی ہوئی؟ اس طبقہ کی ترقی کی وجوہات کیا تھیں؟

10۔ فرانس میں کیتھڈرل نگر کس طرح وجود میں آئے؟

## طویل جواب والے سوالات(8: نمبر)

1۔ چودھویں صدی کے آتے آتے یوروپ کی اقتصادی ترقی کی رفتار سست پڑ چکی تھی۔ اایسا کن وجوہات کی بنا پر ہوا تھا؟

2۔ بادشاہ اب اہرام کی اس چوٹی پر مزید بیٹھا نہیں رہ سکتا تھا جہاں وفاداری شخصی انحصار اور اعتماد کی بات تھی۔ بلکہ وہ ایک وسیع درباری سماج کے درمیان سرپرست اور گاہک کے مابین رشتوں کا مرکزی نقطہ تھا۔ یوروپ کے نئے نظام کے سیاق میں اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

3۔ گیارہویں صدی میں یوروپ میں ہونے والی مختلف تکنیکی تبدیلیوں پر تبصرہ کیجیے۔

## طویل جوابات (8: نمبروالے)

1۔ اقتصادی وسعت سست پڑنے کی وجوہات

- تیرہویں صدی کے آخر میں شمالی یوروپ میں موسم گرما کی جگہ موسم سرما نے لے لی۔
- پیداواری موسم چھوٹے، طوفان اور سمندری سیلاب نے کھیتوں کو برباد کر دیا۔
- حکومتوں کو ٹیکس سے ہونے والی آمدنی میں کمی۔
- سخت جتائی نے تین فصلوں کی گردش نے کھیتوں کی زرخیزی کو کمزور کر دیا۔
- چراگاہوں کی کمی وجہ سے مویشیوں کی تعداد میں کمی۔
- آبادی میں اضافے کی وجہ سے وسائل میں کمی۔
- 1315 اور 1317 میں یوروپ میں قحط سالی، 1320 کی دہائی میں کثیر تعداد میں مویشی ہلاک۔
- آسٹریا اور سربیا کی چاندی کی کانوں سے پیداوار میں کمی۔
- دھات میں کمی سے تجارت متاثر۔
- جہازوں کے ساتھ چوہے بھی آ گئے جو مہلک طاعون (سیاہ موت) جیسی بیماری بھی ساتھ لائے۔
- لاکھوں لوگوں کی اموات۔
- معاشی بحران کے ساتھ ساتھ یہ بلا ناگہانی سخت سماجی اتھل پتھل کا سبب بنی۔
- مزدوروں کی تعداد میں کمی آئی اور اس سے مزدوری کی شرح میں 250 فی صد تک اضافہ ہوا۔

2۔ بارہویں اور تیرہویں صدی میں ہوئی سماجی تبدیلیاں نئے شہنشاہیت کی کامیابی کی وجہ

- جاگیرداری اور امرا کے الحاق اور سست اقتصادی ترقی سے بادشاہ بااثر
- پندرہویں اور سولہویں صدی میں بادشاہوں کا فوجی اور مالی حالت مضبوط کرنا۔
- امرا کی طرف سے بغیر کسی مزاحمت کے مرکزیت کی مخالفت نئے بادشاہوں کی طاقت کے سامنے احتجاج کی طاقت کے ٹکڑے ٹکڑے۔

- امرا طبقہ نے اپنے وجود کو بچانے کے لیے خود کو بادشاہوں کے وفادار کے طور پر بدلا۔
- لارڈ جو پہلے جاگیردارانہ نظام کا حاکم تھا۔ اب بھی سیاست کے گلیاروں میں انھیں کا غلبہ تھا۔
- بادشاہوں کو مضبوط لوگوں کی حمایت چاہیے تھی۔ دولت حمایت کے ذریعہ۔
- دولت مند غیر امرا (تاجر اور مالدار) کا دربار میں داخلہ بادشاہ کو سرمایہ ادھار۔

3۔
- لکڑی کے بجائے لوہے کی بھاری نوک والے ہل اور سانچے دار پٹڑے کا استعمال۔
- بیلوں کی گردن کے بجائے اب جوا کندھوں پر۔
- گھوڑے کے کھروں پر لوہے کی نعل کا استعمال۔
- شراب کشید کرنے اور اناج کو پیسنے کے لیے چکیوں میں ہوائی اور آبی توانائی کا استعمال۔
- دو کھیتوں سے تین کھیتوں کے نظام کی طرف تبدیلی سے زیادہ انقلابی عمل۔
- زرعی پیداوار میں تیزی سے اضافہ۔ غذائی مقدار میں اضافہ دوگنا۔
- کاشتکاروں کے لیے بہتر مواقع۔
- چھوٹے کھیت۔ اس سے زیادہ مہارت کے ساتھ کاشتکاری اور کم محنت کی ضرورت۔
- کسانوں کو دوسری سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے مواقع کی فراہمی

# سیکشن- تین

# باب-7: بدلتی تہذیبی روایات

## یاد رکھنے لائق نکات:

**نشاۃ ثانیہ**
لغوی معنی دوبارہ پیدائش
تہذیبی تبدیلیوں کا دور

- 14ویں سے 16ویں صدی کے دوران نگری تہذیب کی ترقی اور بڑی تعداد میں کتابیں دستیاب ہوئی۔
- اچھے سلوک اور پیار محبت سے بولنے، پہناوے اور انسانی صلاحیت پر زور دیا۔
- سائنس دانوں کی ایجادات اور فنکاروں نے مجسمے اور پینٹنگ بنائی۔
- عورتوں کو آزادی تعلیم اور معاشی اقتدار اور جائداد میں حصے پر بحث۔
- چرچ سے متعلق عہد درمیانی عہد کی سوچ میں تبدیلی۔
- اٹلی سب سے پہلے انسان شناس مضمون جیسے۔ تاریخ، فلسفہ، بلاغت، قواعد اور شاعری کے مطالعہ کی شروعات۔

- اٹلی میں سب سے پہلے انسان دوسرے مضامین مثلاً تاریخ، گرامر (قواعد) بلاغت، شاعری اور فلسفہ اخلاق وغیرہ مضامین کا مطالعہ شروع ہوا۔
- انسان شناس نظریہ کی دلیل تھی کہ ''وسطی دور میں چرچ نے لوگوں کی سوچ کو اس طرح جکڑ رکھا تھا کہ یونان اور روس کے لوگوں کا پورا علم ان کے دماغ سے نکال چکا تھا۔
- ادویات کے پروفیسر اینڈ ریس ویسالیوس (1564–1515) نے سب سے پہلے انسان جسم کی چیر پھاڑ کی۔ یہ جدید علم الاعضا کی شروعات تھی۔

- انسان شناسی میں اچھے سلوک اور پیار ومحبت سے بولنے والے اور دماغی کنٹرول پر زور دیا۔
- عورتوں کو سماج میں اپنی پہچان بنانے کے لیے زیادہ معاشی اقتدار، جائیداد اور تعلیم ملنی چاہیے۔
- عربوں نے پلیٹو کو افلاطون اور ارسٹوٹل کو ارسطو کہا تھا۔
- انسان شناس یہ مانتے تھے کہ انسان کو خدا نے پیدا کیا ہے لیکن اسے اپنی زندگی اپنی مرضی سے گزارنے کی آزادی ہے۔ انسان کو اپنی خوشی اسی موجودہ دور میں تلاش کرنی چاہیے۔
- مارٹن لوتھر کنگ کے ہم عصر کوپرنیکسن (1543-1473) نے مشاہدہ کرکے بتایا کہ زمین کے ساتھ ساتھ سبھی سیارے سورج کے گرد گھومتے ہیں۔
- لیونارڈو دی ونچی ایک مشہور مفکر تھا۔ اس کی دلچسپی علم نباتات، علم الاعضا، سائنس سے لے کر علم ریاضی اور فنون لطیفہ تک تھی، انھوں نے ہی مونالیزا اور دی لاسٹ سفر جیسی تصاویر کو جلا بخشی۔
- جرمنی کے جوہنس گٹن برگ نے سب سے پہلے چھاپے خانے کی ایجاد کی۔ اس نے سب سے پہلے بائبل کے 150 نسخے چھاپے۔
- جرمن حکمرانوں نے روم کے یورپ سے تعلقات ختم کر کے انگلینڈ کے چرچ کے مخصوص بن گئے۔
- عیسائی مذہب کے اندر اختلافات، گناہوں کو قبول کرنے سے متعلق دستاویزوں کی تنقید، چرچ کے ذریعہ لگائے گئے ٹیکسوں سے مخالفت۔
- کیتھولک چرچ نے بھی بہت سی اصلاحات کیں اس نے سادہ زندگی اور غریبوں کی خدمت پر زور دیا۔
- گیلیلیو اٹلی کا ایک عظیم سائنس داں تھا۔ اس نے دوربین کی ایجاد کی۔ اس نے علم فلکیات کے بہت سے رازوں کا انکشاف کیا۔
- ریشمی راستے بننے سے اٹلی کے شہر اپنے آپ کو آزاد ریاستوں کے گروپ میں دیکھنے لگے۔
- نجی اور پبلک حلقوں کا ظہور۔
- سماج اور اسلامی ممالک اور بارہویں صدی میں منگولوں اور چین کے درمیان تجارت بڑھنے سے اٹلی کے شہر خاص طور پر دوبارہ ابھر کر آئے۔
- اسپین میں اگنا ٹیس لو یولا نے احتجاجی مسیحیوں سے لڑائی کی ایک کوشش کے لیے 1540 میں جیسس سوسائٹی بنائی۔

## مختصر جواب والے سوالات (3: نمبر)

1۔ نشاۃ ثانیہ کی چار اہم وجوہات کا تذکرہ کیجیے۔

2۔ سائنس اور فلسفہ کے حلقہ میں عربوں کے تعاون کو بیان کیجیے؟

3۔ انسان شناس نظریہ کی کیا خصوصیات تھیں؟

4۔ مذہبی اصلاحی تحریک کے اہم مقاصد کیا تھے؟

5۔ مارٹن لوتھر کون تھا؟ اس نے پوپ کے خلاف بغاوت کیوں کی؟

6۔ کوپرنکس انقلاب سے کیا مراد ہے؟

7۔ سائنسی انقلاب کیا تھا؟ اس کا لوگوں پر کیا اثر پڑا؟

8۔ سماج میں عورتوں کو مناسب مقام کیسے مل سکتا ہے؟

9۔ مطبوعہ کتابوں کی دستیابی سے کیا فایدا ہوا؟

10۔ انسان شناسی نظریہ کی چار اہم خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

11۔ نشاۃ ثانیہ نے ادب کو کس طرح متاثر کیا؟

12۔ 1429 عیسوی سے 1520 عیسوی کے درمیان کون کون سی جغرافیائی ایجادات ہوئیں؟

## ایک سے زیادہ انتخاب والے سوالات

1۔ 'دی لاسٹ سپر' تصویر بنانے والے فنکار کا کیا نام تھا؟

A۔ لیونارڈو دی ونسی B۔ مائیکل اینجلو

C۔ گٹن برگ D۔ پیٹراک

2۔ گٹن برگ کے ذریعہ 1455 میں سب سے پہلے اپنے چھاپے خانے میں کیا چھاپی؟

A۔ انسان شناس مضمون کی کتابیں B۔ ادویات کی کتاب

C۔ بائبل کی 150 کتابیں D۔ دی پرنس کتاب

3۔ مارٹن لوتھر کنگ نے کیتھولک چرچ کے خلاف کون سی تحریک چلائی؟

A۔ نشاۃ ثانیہ تحریک B۔ پروٹیسٹنٹ تحریک

C۔ بخشش نامہ D۔ انقلابی سیاسی تحریک

4۔ کوپرنیکس نے کس سچائی کو زور دے کر بیان کیا؟

A۔ سیارے بشمول زمین سب سورج کے گرد چکر لگاتے ہیں۔

B۔ یہ زمین گناہوں سے بھری ہے اس لیے نا قابل حرکت ہے۔

C۔ بخشش نامہ دستاویزات سے گناہوں سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔

D۔ کسی بھی شخص کو خدا سے رابطہ قائم کرنے کے لیے پادریوں کی چاہت نہیں ہے۔

5۔ 'سوسائٹی آف جیسس' کیا تھی؟

A۔ انسان شناس خیالات سوسائٹی B۔ کیتھولک چرچ میں سدھار کے لیے بنائی گئی سوسائٹی

C۔ اٹلی کی یونیورسٹی میں فلسفہ کے مطالعہ کا مرکز

D۔ کینسڈ رافیڈل کے ذریعہ عورتوں کے حقوق پر بات کرنے والی سوسائٹی۔

## مندرجہ ذیل کو پڑھ کر صحیح یا غلط کا نشان لگائیے۔

1۔ 'The civilisation of the renaissance in Itly' نامی کتاب برک ہارڈ نے لکھی۔

2۔ جب منگولوں نے شاہراہ ریشم کے ذریعے چین کے ساتھ تجارت کا آغاز کیا تو یوروپی ملکوں کے ساتھ تجارت میں اضافہ نہیں ہوا۔

3۔ 15 ویں صدی میں روم کے شہر کی نا قابل دید تجدید کاری ہوئی۔

4۔ کیسنڈ رفیڈل عورتوں کی تعلیم کے خلاف تھی۔

5۔ سن 1517 میں ایک جرمن نوجوان راہب مارٹن لوتھر نے کیتھولک چرچ (کلیسا) کے خلاف مہم چلائی۔

## مختصر ترین جواب والے سوالات

1۔ 'دی پائٹا' کی تصویر کس نے اور کہاں پر بنائی؟

2۔ مارچیسا ازابیلا ڈی ایسٹے کا سے متعلق تذکرہ کس شکل میں کیا گیا ہے؟

3۔ نیوٹیسٹامنٹ (عہدنامہ) کیا ہے؟

4۔ نشاۃ ثانیہ انسان لفظ کا استعمال کس کے لیے کیا جاتا ہے؟

5۔ حقیقت پسندی سے کیا مراد ہے؟

6۔ کیسنڈرا فیڈیلا کے ذریعے عورتوں کی تعلیم پر زور دینا کے جیسا ہی آج کے دور میں کون سا نعرہ دیا گیا ہے؟

7۔ فلورینس کو مشہور بنانے میں کن دو لوگوں کا تعاون ہے؟

## طویل جواب والے سوالات (8: نمبر)

1۔ چودھویں اور سترہویں صدی کے وسط میں یوروپین تہذیب میں آئی تبدیلیوں اور خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

2۔ عیسائی مذہب کے تحت بحث ومباحثہ کیوں ہوا اور اس کے کیا نتائج نکلے؟

3۔ سولہویں صدی میں عورتوں کے حالات کو بیان کیجیے۔

## طویل جوابات: (8: نمبر والے)

1۔
- شہروں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا تھا۔
- شہری تہذیب کی ترقی ہو رہی تھی۔ فلورینس، وینس رومن فن اور تعلیم کے مرکز بن گئے۔
- بادشاہوں اور چرچ نے شہروں کو کچھ اختیارات دے دیئے تھے؟
- جاگیردار اور امرا طبقہ فنکاروں کو امداد دیتے تھے؟
- پرنٹنگ (چھاپہ خانہ) کی ایجاد سے کتابیں لوگوں کو ملنے لگیں۔
- ہر انسان کو مذہبی آزادی۔

- کتابوں کی چھپائی سے لوگوں کے علم میں اضافہ ہونے لگا۔

(دیگر کوئی نکات)

2۔
- غیر ضروری رسومات کو چھوڑنا۔
- عیسائیوں کو اپنے مذہبی رسومات قدیم متن کے مطابق کرنے کو کہا۔
- انسان ایک آزاد اور ذی العقول کارکن ہے۔
- انسان کو آزاد زندگی جینے کی مکمل آزادی دی ہے۔
- گناہوں کو قبول کرنے سے متعلق دستاویزات کی تنقید کی ہے۔
- بائبل کے مقامی زبانوں میں ترجمے چھپے ہونے سے لوگوں پتہ چلا کہ مذہب میں دھوکہ دھڑی اور لوٹ کھسوٹ کے لیے کوئی اجازت اور جگہ نہیں ہے۔
- چرچ کے ذریعہ کسانوں پر لگائے ٹیکسوں کی مخالفت کی گئی۔
- بادشاہ بھی حکومت کے کاموں میں چرچ کی مداخلت سے ناراض تھے۔

3۔
- عورتوں کو تجارت کے کاموں میں مشورہ دینے کا حق نہیں تھا۔
- جہیز کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے لڑکیوں کو راہبہ بنا دیا جاتا تھا۔
- درحقیقت عورتوں کا عوامی کردار محدود تھا۔
- تاجر خاندانوں میں عورتوں کو دوکان چلانے کا حق تھا۔
- انسان شناسی میں تعلیم کی اہمیت سے متعلق کچھ عورتیں فکری اعتبار سے کافی حساس اور تخلیقی قوت کی حامل تھیں۔
- وینس کی رہنے والی کینڈراینڈل جو یونانی اور لاطینی زبان کی ماہر تھی۔
- عوامی زندگی پر اعلیٰ خاندان کے مردوں کا غلبہ تھا۔
- مٹوآ کی مارچیسا ازابیلا ڈی ایسٹے جنھوں نے اپنے شوہر کی عدم موجودگی میں اپنی چھوٹی سی ریاست پر حکومت کی۔

# سیکشن۔ تین

# باب-8: تہذیبوں کا تصادم

**یاد رکھنے لائق نکات:**

- یوروپی لوگوں کے ذریعہ نامعلوم سمندروں میں ہمت افزوں مہمیں جہاں سے وہ مسالے اور چاندی حاصل کر سکتے تھے۔
- یہ کام سب سے پہلے اسپین اور پرتگال کے لوگوں کے ذریعہ کیا گیا۔ انھوں نے پوپ سے ان ملکوں پر حکومت کرنے کا حق حاصل کر لیا۔
- امریکہ کے اصل باشندوں اور یوروپ کے باشندوں کے مابین جھگڑے ہوئے۔ یوروپ کے لوگوں نے امریکی لوگوں کے مخطوطات اور یادگاروں کو برباد کر دیا۔
- اراوا کی لوگ جھگڑا کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔ ان کی تہذیب کی اصل بنیاد یہ تھی کہ سب ایک ساتھ مل کر اشیائے خوردنی کی پیداوار کریں اور قوم کے تمام لوگوں کو غذا میسر ہو۔
- اراوا کی لوگوں کا رویہ اتنا نرم تھا کہ وہ سونے کی تلاش میں اسپینی لوگوں کا ساتھ دینے کو تیار تھے۔
- توپی نامبا۔ جنوبی امریکہ کے مشرقی ساحل پر برازیل نام کے درختوں کے جنگلات کے گاؤں میں آباد لوگ۔

**جنوبی امریکہ کی کچھ طاقتور حکومتوں کا نظام**

| پیرو کے انکا | مایا | ایزٹیک |
|---|---|---|
| 1۔ ترقی کی بنیاد زراعت۔ | 1۔ ترقی یافتہ زرعی پیداوار کے طریقے۔ | 1۔ میکسیکو کی مرکزی وادی میں رہنے والے۔ |
| 2۔ اہم فصلیں اناج، مکّہ اور آلو وغیرہ اور ماہر معمار | 2۔ مکّہ کی کھیتی | 2۔ سلطنت کی بنیاد دہی |
| 3۔ تنظیمی ڈھانچہ اہرام نما۔ | 3۔ فن تعمیرات، علم ہیئت اور علم الحساب۔ | 3۔ نرکل کی چٹائیاں بنا کر ان پر مصنوعی جزیرے بنائے |
| 4۔ قیچوا سرکاری زبان | 4۔ تصویری رسم الخط | 4۔ ایزٹیک کال میکاک امراء طبقہ کے بچوں اور ٹیپوک کالی باقی سب بچوں کے اسکول |

- مختلف سائنسی ایجادات ۔قطب نما، بڑے جہازوں کی ایجاد، اپنی حفاظت کے لیے ہتھیاروں کا استعمال، سفر کے بارے میں معلومات، یوروپ کی معیشت کا زوال، عیسائی مذہب کی تبلیغ کی خواہش نے بھی ان اسفار کو متاثر کیا۔
- چی نامپاس:۔ نرکل کی چٹائیاں بن کر اور انہیں مٹی کیچڑ اور پودوں سے ڈھک کر میکسیکو جھیل میں مصنوی جزیرے بنائے۔
- کرسٹوفر کولمبس خود تعلیم یافتہ شخص، اٹلانٹک سفر ایک چھوٹا سا بیڑا لے کر سانتا ماریا اور دو کیریبین، نیٹا اور نینا کو لے کر کیریبین سمندر میں واقع ''بہیمانہ'' پہنچا۔
- اسپینی سلطنت کی توسیع بارود اور گھوڑوں کے استعمال پر منحصر اور فوجی طاقت کی بنیاد پر ہوئی۔ اسپینی لوگوں کے ذریعہ حملوں اور قحط سالی نے امریکہ کے اصل باشندوں کو تباہ و برباد کر دیا۔
- کورٹیس نے دو سال کے اندر میکسیکو پر فتح حاصل کر لی۔ ایزٹیکوں اور اسپینوں کے ساتھ 600 ظالم و جابر فاتح اور اتنے ہی ٹیکس کلان کے لوگ مارے گئے۔ اس سانحہ کی رات کو آنسوں بھری رات کے نام سے جانا جاتا ہے۔
- پیچارو ایک غریب اور ناخواندہ فوج میں بھرتی ہو کر کیریبین جزائر پہنچا۔ اسے معلوم ہوا کہ انکا ریاست سونے اور چاندی کا ملک ہے۔ اسپین کے بادشاہ کی مدد سے انکا ریاست کو فتح کرنے کا منصوبہ بنایا اور کامیابی حاصل کی۔
- پرتگالی باشندے کیبرال نے ٹمبر کے لالچ میں برازیل پر بالادستی قائم کرنے کی کوشش کی۔
- امریکہ کی کھوج سے سونے چاندی کا سیلاب سا آ گیا۔ اس زیادتی سے بین الاقوامی تجارت اور تکنیک میں ترقی ہوئی۔
- شمالی امریکہ اور جنوبی امریکہ کے اصل باشندوں کی آبادی میں کمی، ان کی طرز زندگی کی بربادی، غلام بنا کر کان کنی، باغانوں اور کارخانوں میں کام لیا جانے لگا۔
- ایزٹیک اور انکا تہذیب کا زوال، سرمایہ داری کا برا اثر۔
- نئی اقتصادی سرگرمیوں کی ابتدا جنگلات کا صفایا، مویشی پالن، سونے کی کھوج سے کانوں میں کام شروع۔ ان سب کے لیے سستے مزدوروں کی مانگ، غلاموں کا رواج۔

## ایک سے زیادہ انتخاب والے سوالات

1۔ چی نامپہ کسے کہا جاتا تھا؟

A۔ نرکلی کی چٹائیوں سے بنے منصوعی جزیرے　　B۔ انکا تہذیب کا اہرام نما ڈھانچہ

C۔ آراواک لوگوں کے ذریعہ بنائے گئے جھولے

D۔ ایزٹیک تہذیب میں امراء طبقے کے بچوں کا اسکول

2۔ اراواکی لوگ کھلے سمندر میں سفر کس طرح کیا کرتے تھے؟

A۔ بڑے بڑے سمندری جہازوں کے ذریعہ　B۔ لکڑی سے بنی مضبوط کشتی کے ذریعہ

C۔ درختوں کے تنوں سے بنائی گئی ڈونگیوں کے ذریعہ

D۔ دھات سے بنے چھوٹے جہازوں کے ذریعے

3۔ مایا تہذیب کی اہم معاشی بنیاد کیا تھی؟

A۔ جانوروں کو پالنا　B۔ مکے کی کھیتی کرنا

C۔ ملکوں کے ساتھ تجارت　D۔ پھل اور سبزیوں کی پیداوار

4۔ کولمبس ہندوستان کا راستہ دریافت کرتے ہوئے کس جزیرہ پر پہنچ گیا؟

A۔ آئبیریا　B۔ کیریبین۔

C۔ بحرالکاہل　D۔ گواناہانی۔

5۔ 1477ء میں پٹولمی کی کس کتاب کو پڑھ کر یوروپیوں نے دنیا سے متعلق جانکاری حاصل کی؟

A۔ سرمایہ داری اور غلامی　B۔ دی ہسٹری آف میکسیکو

C۔ جغرافیہ　D۔ امیگومنڈی۔

## مختصر ترین جواب والے سوالات

1۔ کورٹیس کون تھا؟ اس نے کس علاقے پر فتح حاصل کی تھی؟

2۔ انکا تہذیب کے لوگ عمارتوں کو بنانے میں پتھروں کو خوبصورت شکل دینے کے لیے کس تکنیک کا استعمال کرتے تھے؟

3۔ کیپو سے کیا مراد ہے؟

4۔ مایا تہذیب کا رسم الخط کیسا تھا؟

5۔ ایزٹیک تہذہب میں امراء طبقے کے بچوں کو کہاں بھرتی کیا جاتا تھا؟

6۔ پیزارو کون تھا اور اس نے کس علاقے پر قبضہ کیا؟

7۔ اسپینیوں کے طاقتور ہونے کی کیا وجہ تھی؟

8۔ انکا تہذیب میں کون سی زبان بولنی پڑتی تھی؟

## مندرجہ ذیل کو پڑھ کر صحیح یا غلط کا نشان لگائیے۔

1۔ امریکہ کا نام 'امریگو ویس پُسی' فلورینس کے ایک جغرافیہ داں کے نام پر رکھا گیا۔

2۔ اراوا کی لوگ تصادم کے مقابلے گفت وشنید کو ترجیح دیتے تھے۔

3۔ ایزٹیک تہذیب میں ٹیپوک کالی اسکول امراء طبقہ کے بچوں کے لیے تھے۔

4۔ پٹولمی نے اپنی کتاب 'جغرافیہ' میں سمندروں کی چوڑائی کو ٹھیک ناپا تھا۔

5۔ کولمبس جزیزہ گوانا ہانی جو کہ بہاماس میں واقع ہے پہنچا تو اسے انڈیا سمجھا۔

## مختصر جواب والے سوالات(3: نمبر)

1۔ آراواکوں اور اسپینی باشندوں میں فرق واضح کیجیے؟ ان میں سے آپ کون سے فرق کو زیادہ اہم مانتے ہیں؟

2۔ آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ایزٹیک سماج درجہ بند تھا۔

3۔ مایا تہذیب کی اہم خصوصیات کو بیان کیجیے؟

4۔ انکا سلطنت مرکزی حکومت پر مبنی تھی؟ اس جملے پر تبصرہ کیجیے؟

5۔ ایسی کون سی وجوہات تھیں جن سے پندرہویں صدی میں یوروپین کو مدد ملی؟

6۔ ایزٹیک لوگ کس طرح تعلیم کے تئیں بیدار تھے؟

7۔ کورٹیس نے ایزٹیک پر کس طرح اپنا اقتدار قائم کیا؟

8۔ کولمبس کون تھا؟ اس کے بحری اسفار کا تذکرہ کیجیے۔

## طویل جواب والے سوالات (8: نمبر)

1۔ تحقیقاتی بحری سفر کے کیا نتائج نکلے؟ نوآبادیاتی اور غلاموں کی تجارت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے؟

2۔ کیبرال کس طرح قسمت سے برازیل پہنچا؟ اس نے برازیل کے وسائل کو کس طرح برباد کیا؟ اس کے تئیں برازیل لوگوں کا ردعمل کیا تھا؟

3۔ امریکہ میں اسپین کی سلطنت کا قیام عمل میں آیا؟ بیان کیجیے؟

## طویل جوابات (8: نمبروالے)

### 1۔ تحقیقاتی بحری سفروں کے نتائج

- امریکی براعظم کی کھوج ہوئی جس کی وجہ سے عالمی تجارت کو فروغ ملا۔
- ہندوستان جانے کے لیے ایک نئے راستے کی تحقیق ہوئی۔
- یوروپ کے کئی ملکوں انگلینڈ، فرانس، اسپین، پرتگال وغیرہ میں نوآبادیات قائم کرنے اور سلطنت کو قائم کرنے میں مقابلہ آرائی شروع ہوگئی۔
- امریکہ میں یوروپین تہذیب پھیلنے لگی اور عیسائی مذہب کی اشاعت و تبلیغ ہونے لگی۔

### نوآبادیاتی نظام اور غلاموں کی تجارت

- امریکہ کے اصل باشندوں کو غلام بنا کر کان کنی، باغانوں اور کارخانوں میں کام لیا جانے لگا۔
- اس کے ساتھ ساتھ پیداوار میں سرمایہ دارانہ نظام کے نتائج بہتر نہ لگے۔
- نئی نئی معاشی سرگرمیاں زوروں پر شروع ہوئیں۔ جنگلات کو صاف کر کے حاصل زمین پر مویشی پالن کیا جانے لگا۔
- تمام کاموں کے لیے سستے مزدوروں کی مانگ۔

### 2۔ کابرال اور برازیل

- کابرال نے سمندری طوفانی ہواؤں سے بچنے کے لیے اس نے مغربی افریقہ کا ایک بڑا چکر لگایا۔ وہ اس ملک کے ساحل پر پہنچ گیا جسے آج برازیل کہا جاتا ہے۔

- اس طرح کابرال قسمت سے برازیل پہنچ گیا۔
- برازیل میں ایک قدرتی وسیلہ عمارتی لکڑی کا مکمل فائدہ اٹھایا۔
- برازیل کے لوگ لوہے کا چاقو، چھریوں اور آریوں کے بدلے میں درختوں کو کاٹ کر ان کے لٹّھے بنا کر جہازوں تک لے جانے کے لیے تیار ہو گئے۔
- برازیل کے مقامی لوگوں کا ردِعمل۔
- برازیل کے مقامی لوگوں نے فرانسیسی پادریوں سے کہا کہ جو زمین تمہاری پرورش کرتی ہے کیا تمہارے بچوں کو رزق مہیا کرانے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔
- جب چینی ملوں میں مقامی لوگوں نے کام کرنے سے انکار کر دیا تو مل مالکوں نے آخری حربہ کے طور پر ان کو اغوا کرنا شروع کر دیا اور ان سے غلاموں کی طرح کام کروانے لگے۔

## 3۔ امریکہ میں اسپینی شہنشاہیت کا قیام

- اسپینی سلطنت کی توسیع عسکری قوت کے مظاہر مع بارود اور گھوڑوں کے استعمال پر مبنی تھی۔
- ابتدائی دریافت کے بعد چھوٹی نوآبادی قائم ہوئی جس میں اسپینی لوگوں کی کچھ تعداد آباد ہوئی۔ جو مقامی باشندوں کے کام کی نگرانی کرتی تھی۔
- مقامی، جاگیرداروں کو مہم میں شامل کیا گیا تاکہ نئے علاقوں کی کھوج اور متوقع طور پر مزید سونے کے منبع تک پہنچنے میں مدد۔
- عسکری ظلم اور جبری لازمی خدمت۔
- اراواک باشندوں کو چیچک جیسی مہلک بیماری نے تباہ کر کے رکھ دیا کیونکہ ان میں جراثیم کے خلاف قوت مدافعت نہیں تھی۔

- مقامی باشندوں کو لگا کہ یہ بیماریاں ان ''غیر مرئی گولیوں'' کی وجہ سے ہیں۔ جو اسپینیوں نے چلائیں۔
- یہ کام دو شخصیتوں ہرنن کورٹس اور فرانسس کو پزارو کا تھا۔
- ان کی تحقیقی مہموں کے لیے سرمایہ اسپین کے زمینداروں، میونسپلٹی کے افسران اور شرفا نے فراہم کیا۔

# سیکشن-چار

# باب-9: صنعتی انقلاب

## یاد رکھنے لائق نکات:

- 1780 اور1850 کی دہائیوں کے درمیان برطانیہ میں صنعت اور اقتصادیت پر جو تصویر سامنے آئی اسے پہلا صنعتی انقلاب کہا جاتا ہے۔
- دوسرا صنعتی انقلاب1850 کی دہائی کے بعد ہوا۔ جس میں کیمیکل اور بجلی کے سامان کے نئے صنعتی کارخانوں کا فروغ ہوا۔
- مشینوں اور کل پرزوں کی ایجادات نے پہلے ہی ہاتھ کی بنی ہوئی اشیا کے مقابلے میں بڑے پیانے پر اشیا کی پیداوار کو ممکن بنایا۔
- 1780 کی دہائی اور1820 کی دہائی کے دوران کپاس، لوہے کی صنعتوں، کوئلہ کان کنی سڑکوں اور نہروں کی تعمیر اور غیر ملکی تجارت میں ترقی ہوئی۔
- صنعتی انقلاب کے تئیں نظریہ: اس لفظ کا استعمال یوروپین دانشوروں جیسے جارجش مثلے (فرانس) اور فرائڈرک اینجلس (جرمنی) کے ذریعہ لکھا گیا۔ انگریزی میں اس لفظ کا استعمال سب سے پہلے فلاسفر اور ماہر اقتصادیات آرنالڈٹائن بی کے ذریعہ ان تبدیلیوں کے لیے کیا گیا جو برطانیہ کی صنعتی ترقی میں1760 اور1820 کے درمیان ہوئیں۔
- برطانیہ پہلا ملک تھا جس نے سب سے پہلے جدید صنعت کاری کا تجربہ کیا۔ اس کی وجوہات برطانیہ کا سیاسی نظام، قانونی نظام، کرنسی نظام، بازار کا نظام ایک ہی قسم کی کرنسی کا استعمال۔
- زرعی انقلاب: اٹھارہویں صدی میں انگلینڈ ایک بڑی معاشی تبدیلی سے گزر رہا تھا۔ یہ انقلاب ایک ایسا ردعمل تھا جس کے ذریعہ بڑے بڑے زمینداروں نے اپنے آس پاس کے چھوٹے کھیت خرید لیے اور گاؤں کی عوامی زمین پر قبضہ کرلیا۔ انہوں نے اپنی زمینوں کو وسیع کرلیا جس کی وجہ سے اشیائے خوردنی میں اضافہ ہوا۔

- لندن کی اہمیت: لندن انگلینڈ، افریقہ اور ویسٹ انڈیز کے مابین سہ فریقی تجارت کا مرکز بن گیا۔

- برطانیہ میں صنعت کاری کی وجوہات! گاؤں سے آئے غریب لوگ شہروں میں کام کے لیے دستیاب، صنعتیں قائم کرنے کے لیے بنکوں کے ذریعہ قرض کا انتظام۔

- 1709 میں ابراہم ڈابی اوّل نے دھمن بھٹی کی ایجاد کی، ڈربی دوم نے پگ آئرن (لوہے کا ڈالا جو بھٹی سے نکل کر مستطیل کی شکل میں جم جاتا) کی روٹ آئرن (کوٹ کر ٹھیک کیا ہوا لوہا جس میں کم لوچ تھا) تیار کرنے کے عمل کو فروغ دیا۔ ڈربی سوم نے 1779 میں دنیا کا سب سے پہلا لوہے کا پل تعمیر کیا۔

- بھاپ کی توانائی کا استعمال: برطانیہ کی صنعتوں میں بھاپ کی توانائی کا بڑے پیمانے پر استعمال سے جہازوں اور ریل گاڑیوں کے ذریعہ آمدورفت کی رفتار میں اضافہ ہوا۔ بلچر۔1814 میں ایک ریلوے انجینئر جارج اسٹیفن سن کے ذریعہ بنایا گیا ریل انجن، بھاپ کی طاقت کا استعمال سب سے پہلے کانکنی میں کیا گیا۔

- پہلی نہر ''ورسلی کینال'' 1761 میں جیمس برنڈلی نے تیار کرائی اس نہر کا استعمال کوئلے کی کانوں سے کوئلے کو شہروں تک پہنچانا تھا۔1796-1788 آٹھ سال کی مدت کو ''نہروں کا جنون'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔46 نہروں کی تعمیر کے لیے منصوبے تیار کیے گئے۔

- ان سالوں کے دوران بااثر لوگوں کے لیے انقلابی تبدیلی۔ سرمائے میں مال، آمدنی، خدمات، علم، پیداوار اور مہارت کی شکل میں اچانک اضافہ ہونا۔

صنعت کاری سے نقصان- خاندانوں میں بکھراؤ، پرانے موسم میں تبدیلی، روزگار کی تلاش میں گاؤں سے شہروں کی جانب ہجرت، شہروں کا وسیع ہونا۔

- برطانیہ کو صنعت کاری کی کتنی انسانی اور مادی قیمت ادا کرنی پڑی۔ غریب مزدور خاص طور پر بچوں کی بدترین حالت۔ ماحولیاتی آلودگی، ہیضہ، ٹائفائڈ، تپ دق کی بیماریاں۔

- سماجواد، پیداوار کا ایک خاص اصول جس کے تحت پیداوار کے ذرائع پر سماج کا مکمل اختیار قائم رہتا ہے۔

- صنعتی انقلاب کے بچوں اور عورتوں پر منفی اثرات مرتب ہوئے۔ پیدائش کے وقت بچوں کی اموات، گھنی اور گندی بستیوں میں رہنا، کم مزدوری، کام کے گھنٹوں میں زیادتی۔

- بچوں اور عورتوں کے حالات درست کرنے کے لیے قانون بنائے گئے۔ جیسے 1833-1842 کان کنی اور کوئلے کی کان کنی کا قانون (آرٹیکل) دس سال سے کم عمر کے بچوں اور عورتوں کے فیلڈرس فیکٹری دفعہ (18 سال سے کم عمر کے بچوں اور عورتوں سے یومیہ 10 گھنٹے سے زیادہ کام نہ لیا جائے۔

- 1795 کے متحدہ قانون کارن لاز (اناج کے قانون) اور چک بندی قانون نے مزدوروں کی کمر توڑ دی۔ انہوں نے اپنا غصہ مشینوں پر نکالا۔ بہت بڑے پیمانے پر مشینوں کو توڑا گیا۔۔

- کرشمائی شخصیت جنرل نیڈلڈ کے ذریعے چلائی گئی تحریک جولڈازم کے نام سے جانی جاتی ہے، نے ایک دوسرے قسم کے مظاہرے کی مثال قائم کی۔ لڈازم کے ماننے والے نہ صرف کم از مزدوری کی مانگ کر رہے تھے۔ یہ بچوں اور عورتوں کی صحت پر کنٹرول، مشینوں کی آمد کی وجہ سے بے روزگار ہوئے افراد کے لیے کام اور قانونی طور پر اپنی مانگیں پیش کرنے کے لیے مزدور یونین تشکیل کرنے کے حق کی بھی مانگ کرتے تھے۔

- صنعتی انقلاب کے نتیجہ کے طور پر سماج میں دو طرح کے طبقوں کا ظہور ہوا۔ (i) مالک (ii) مزدور۔ گھریلو اور چھوٹی صنعتوں کی بربادی سے بے روزگاری میں اضافہ۔ صرف سرمایہ داروں کو فائدہ۔



## کپڑے کی صنعت سے متعلق ایجادات

- اسپنگ جینی (جیمس ہرگریوز)
- میول (سیمیول کراپٹن)
- پاورلوم (ایڈمنڈ کارٹ رائٹ)
- واٹرفریم (رچرڈ آرک رائٹ)
- فلائنگ شٹل لوم (جون کے)

## صنعتی انقلاب کے سماجی اور معاشی اثرات

- نوآبادیات کو بڑھاوا دینا
- رہائش صحت اور صفائی سے متعلق مسائل
- نقل وحمل نیز ترسیل کے ذرائع کو فروغ
- تھکا دینے والی محنت سے چھٹکارا
- کفایتی مصنوعات کا ملنا
- قومی آمدنی میں اضافہ
- بے روزگاری میں اضافہ
- ایک نئے طبقہ کا ظہور




## مختصر جواب والے سوالات (3۔نمبر)

1۔ نہر اور ریلوے سے ہونے والے مفاد کا تذکرہ کیجیے؟

2۔ صنعتی انقلاب کی ابتدا سب سے پہلے برطانیہ میں کیوں ہوئی ؟ تبصرہ کیجیے؟

3۔ صنعتی انقلاب کی اہم خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔

4۔ سن 1750 اور سن 1850 کے درمیان ان اہم محققوں کے نام لکھیے جنھوں نے صنعتی انقلاب میں اہم کردار ادا کیا۔

5۔ 1780 کی دہائی کے سالوں سے کپاس کی صنعت کس طرح برطانوی صنعت کاری کی پہچان بن گئی۔

6۔ صنعتی انقلاب کے اقتصادی اثرات پر تبصرہ کیجیے؟

7۔ برطانیہ کے صنعتی انقلاب کا ہندوستانی معیشت پر کیا اثر پڑا؟

## طویل جواب والے سوالات (8: نمبر)

1۔ اس جملے سے آپ کہاں تک متفق ہیں کہ ''صنعتی انقلاب ایک مشترکہ تحفہ ثابت ہوا؟

2۔ صنعتی انقلاب کے نتائج کے طور پر عورتوں اور بچوں کی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟ تذکرہ کیجیے۔

3۔ صنعتی مزدوروں کی حالت بہتر بنانے کے لیے کون سے قانونی اقدامات اٹھائے گئے؟

4۔ بھاپ کی توانائی کا مختلف حلقوں میں وسیع پیمانے پر استعمال ہونے لگا۔ تفصیل سے بیان کیجیے۔

## ایک سے زیادہ انتخاب والے سوالات

1۔ ''صنعتی انقلاب'' لفظ کا استعمال انگریزی میں سب سے پہلے کس یوروپی دانشور نے کیا تھا؟

A۔ فرائڈرک اینجلز B۔ ارنلڈ ٹائن بی

C۔ ٹی ایس آشٹن D۔ ایرک ہوبس بام

2۔ ''انجن بھٹی'' (Blastfurnace) کی ایجاد کس نے کی تھی؟

A۔ ابراہم ڈربی اول B۔ ہینری کورٹ

C۔ جون ولکنسن D۔ ڈربی سوم

3۔ مضبوط اور عمدہ سوت کاتنے والی ''میول'' مشین کی ایجاد کس نے کی تھی؟

A۔ جون کے B۔ رچرڈ آرک رائٹ

C۔ جیمس ہرگریوز D۔ سیمیول کراپٹن

4۔ ''ہارڈ ٹائمس'' ناول کے مصنف کون ہے؟

A۔ ایڈورڈ پینٹر B۔ چارلس ڈکنس

C۔ ڈی ایچ لارنس D۔ نیڈ لڈ

5۔ ''بینک آف انگلینڈ'' کا قیام کب عمل میں آیا؟

A۔ 1800ء B۔ 1820ء

C۔ 1694ء D۔ 1784ء

6۔ خالی جگہ پر کیجیے۔

A۔ صنعتی انقلاب کے دوران برطانیہ میں..................کی حکومت تھی۔

B۔ ..................جدید صنعت کاری احساس کرنے والا پہلا ملک ہے۔

C۔ 'ہورس پاور'..................ہے۔

D۔ کتائی مشین کی ایجاد..................نے سب سے پہلے کی تھی۔

E۔ واٹر فریم مشین کی ایجاد..................نے کیا تھا۔

7۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو واضح کیجیے۔

A۔ پہلا صنعتی انقلاب　　B۔ نہروں کا جنون

C۔ لڈازم　　D۔ پیٹرلو قتل عام　　E۔ دو متحدہ قوانین

## طویل جوابات (8: نمبروالے)

### 1۔ صنعتی انقلاب کے مثبت اثرات

- صنعتی انقلاب سے نئی نئی مشینوں کی کھوج ہوئی۔ پیداوار میں مشینوں کا استعمال ہونے سے لوگوں کو بھاری کاموں سے چھٹکارا ملا۔
- صنعتی انقلاب سے آمدورفت اور ذرائع مواصلات کی نئی نئی کھوجیں ہوئیں۔ ٹرانسپورٹ کی رفتار لوگوں نے دوری پر فتح حاصل کر لی۔
- انسان کو آرام وسکون کی چیزیں کم قیمتوں پر دستیاب ہونے لگیں۔
- خام مال کی مانگ بڑھنے سے زراعتی حلقہ میں انقلابی سطح پر اصلاحات۔
- بینکنگ نظام کی ترقی۔

### صنعتی انقلاب کے منفی اثرات

- دیہی لوگوں کی روزگار کی تلاش میں شہروں کی جانب ہجرت۔
- شہری آبادی میں اضافے کی وجہ سے صحت، تعلیم، پینے کا پانی اور رہائش کے مسائل۔

- عورتوں اور بچوں کے استحصال ہونے کی وجہ سے صحت پر برے اثرات۔
- گھریلو اور چھوٹی صنعتوں کا خاتمہ۔

## 2۔ صنعتی انقلاب کا عورتوں اوربچوں کی زندگی پر اثر

- اعلیٰ طبقہ کے لوگوں کی عورتوں کی زندگی عیش وآرام کی اوراس کے برخلاف نچلے طبقہ کی عورتوں کی زندگی جدوجہد سے بھرپور۔
- مردوں کے مقابلے عورتوں کی مزدوری میں کمی۔
- عورتوں کو کمتر حالت میں بھی کام کرنا پڑتا تھا۔
- عورتوں کو صحت سے متعلق کئی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔
- عورتوں کو مالی آزادی ملی، عزت افزائی۔
- کام کرنے کے خراب حالات کے تئیں کم ہی مشتعل ہوتی تھیں۔
- بچوں کے بال (بچہ) مشینوں میں پھنس جانا اوران کے ہاتھ کچل جانا۔
- کوئلہ کی کانوں میں راستہ تنگ ہونے کی وجہ سے بچوں کو بھیجتے تھے جس سے حادثہ کا خدشہ رہتا تھا۔

## 3۔ صنعتی مزدوروں کی حالت میں قانون کے ذریعے اصلاحات

- حکومت نے سن 1819 میں ملازموں کی حالت میں اصلاح کے لیے قانون پاس کیے۔
- نوسال سے کم عمر کے بچوں پر فیکٹریوں، کارخانوں میں کام کرنے پر پابندی۔
- نو سے بارہ سال کی عمر کے بچوں سے کام کرانے کے اوقات کو ایک دن میں 12 گھنٹوں تک محدود کردیا۔
- 1883 میں ایک قانون پاس کیا گیا جس کے تحت 9 سال سے کم عمر کے بچوں کو ریشم کی صنعت میں کام کرنے کی اجازت۔
- بڑے بچوں کے کام کے اوقات محدود کردیے گئے۔
- فیکٹری انسپکٹروں کا بندوبست کیا گیا۔

- 1842 کے مائنس اور کوئلہ قانون نے دس سال سے کم عمر کے بچوں اور عورتوں سے کانوں کے اندر کام کروانے پر پابندی۔
- 1847 میں یہ قانون بنا کہ 18 سال سے کم عمر کے بچوں اور عورتوں سے 10 گھنٹوں سے زیادہ کام نہ لیا جائے۔

4۔
- بھاپ کی طاقت کا مختلف حلقوں میں وسیع پیمانے پر استعمال۔
- بھاپ عمل پذیر ہونے کے بعد زبردست طاقت پیدا کرسکتی ہے۔ یہ چیز بڑے پیمانے پر صنعت کاری کے لیے فیصلہ کن ثابت ہوئی۔
- بھاپ کی طاقت اونچے درجۂ حرارت پر دباؤ پیدا کرتی ہے۔ جس سے مختلف طرح کی مشینیں چلائی جاسکتی ہے۔
- بھاپ کی طاقت واحد ذریعہ تھی جو اپنے آپ میں مشینیں بنانے کے لیے بھروسہ بند اور کفایتی تھی۔
- تھامس ساوری نے کانوں سے پانی باہر نکالنے کے لیے مائنزس فرینڈ نامی ایک بھاپ انجن کا ماڈل تیار کیا یہ انجن کم گہرائی میں آہستہ آہستہ کام کرتا تھا۔
- تھامس نیوکاملین نے 1712 میں ایک دوسرا بھاپ انجن بنایا۔ اس کی سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ اس کا آلۂ تکثیف کے لگاتار ٹھنڈا ہونے کی وجہ سے اس کی طاقت کم ہوتی رہتی ہے۔
- 1769 میں جیمس واٹ نے ایک ایسی مشین بنائی جس میں بھاپ کا انجن صرف عام پمپ کو پرائم صورت کی شکل میں کام کرے۔
- اٹھارہویں صدی کے آخیر تک جیمس واٹ کے بھاپ کے انجن ماقوائی طاقت کی جگہ لینی شروع کردی۔

## سیکشن-چار

# باب-10: اصل باشندوں کی بے دخلی

### یاد رکھنے لائق نکات:

- **نو آبادیاتی توسیع:** سترہویں صدی کے بعد اسپینی اور پرتگالی امریکہ کی توسیع نہیں ہوئی تھی۔فرانس، ہالینڈ اور انگلینڈ جیسے دوسرے ممالک نے اپنی تجارتی سرگرمیوں کو تیز کر دیا اور امریکہ افریقہ اور ایشیا میں اپنی نو آبادیاں بسانا شروع کر دیں۔

- سیٹلر (آبادگار) لفظ جنوبی افریقہ میں ڈچ کے لیے آئرلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں برطانیہ کے لیے، امریکہ میں یوروپی لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

- نیٹو: ایسا شخص جہاں وہ پیدا ہوا تھا وہیں رہتا ہو، بیسویں صدی کے اوائل تک یہ اصطلاح یوروپین لوگ ان ملکوں کے باشندوں کے لیے استعمال کرتے تھے جن کو انھوں نے نو آبادیات بنایا تھا۔

- وایم بیلٹ: رنگیں سیپیوں کو آپس میں سٹا کر بنائی جانے والی بیلٹ ہے۔اسے کسی معاہدے کے بعد مقامی قبیلوں کے درمیان لین دین کیا جاتا تھا۔

- اٹھارہویں صدی میں مغربی یوروپ کے لوگ مہذب لوگوں کی شناخت تعلیم یافتہ، منظّم، مذہب اور شہری پن کی بنیاد پر کرتے تھے۔

  زبان: شمالی امریکہ میں بہت سی زبانیں بولی جاتی تھیں۔لیکن وہ لکھی نہیں جاتی تھیں۔

- سونے کے لیے رش اور صنعتوں کی ترقی: 1840 میں کیلی فورنیا میں سونے کی دریافت ہوئی اور گولڈ رش کا سبب بنا۔ ریلوے لائنوں کی تعمیر، صنعتی شہروں کی ترقی، کارخانوں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔

- ایبوری جینز: شمالی اور جنوبی امریکہ کی طرح ہی اس میں بھی انسانی آبادی کی تاریخ ملتی ہے۔ابتدائی انسان یا قدیم انسان کو یہ نام ملا۔

- 1911 میں آسٹریلیا کی راجدھانی وڈ وبٹ گولڈ تجویز کیا گیا اور آخر میں اسے کینبیرا ایک قدیم لفظ جس کے معنی مجلس یا ملنے کی جگہ تھا، کا نام دیا گیا۔

- ابتدا میں آسٹریلیائی اصل باشندوں کے ساتھ دوستانہ برتاؤ کرتے لیکن بعد میں ''ہوائی'' میں کیپٹن کک کے قتل کے بعد برطانوی لوگوں کا رویہ پوری طرح سے بدل گیا۔اس حادثہ کا استعمال نوآبادیاتی طاقتوں کے ذریعہ ظلم وتشدد آمیز رویہ کے مقصد کو پورا کرنے کے لیے کیا گیا۔

- شمالی امریکہ کے اصل باشندے دریائی وادی کے ساتھ ساتھ آبادگاؤں میں گروپ کے ساتھ رہتے تھے۔وہ مچھلی اور گوشت کھاتے تھے اس کے علاوہ سبزیاں اور مکئی کی کاشت کرتے تھے۔

- فرنٹیئر: کسی مقتدر علاقے کی سرحد۔

- سرکار نے آسٹریلیا کی زمین کو ''ٹیرانیولیس'' کہا یعنی جو کسی کی بھی نہیں۔

- البتہ اصل باشندوں کو چھوٹے علاقوں میں مرکوز کر دیا۔جنہیں ریزرویشن (محفوظ) کہا جاتا تھا۔ یہ عام طور پر ایسی زمین تھی جس کے ساتھ ان کا کوئی تعلق ہی نہیں تھا۔

- 1968 میں انسانی علوم کے ماہر ڈبلیو، ای۔ایچ۔اسٹیر کی وضاحت۔تاریخ دانوں کی اصل باشندوں کے بارے میں خاموشی کے بعد یہاں بدلاؤ کی لہر آئی۔

- آسٹریلیا کے اصل باشندوں کی تہذیب کا مطالعہ کرنے کے لیے یونیورسٹیوں میں شعبے کھولے گئے۔

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے)

1۔ امریکیوں کے لیے سرحد (فرنٹیر) کا کیا مطلب تھا؟

2۔ یوروپین لوگوں کے ذریعہ ''نئی دنیا'' کے ممالک کو دیے ناموں کا تذکرہ کیجیے؟

3۔ سترہویں صدی میں یوروپین تاجروں کے ساتھ شمالی امریکہ کے مقامی لوگوں نے کیا برتاؤ کیا؟

4۔ آسٹریلیا میں انسانی آبادی کی تاریخ کا تذکرہ کرتے ہوئے وہاں کے اصل باشندوں کی خصوصیات لکھئے؟

5۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں غلام بنانے کے رواج اور اس کے خاتمہ کی وجوہات بیان کیجیے۔

## طویل جواب والے سوالات(8:نمبر)

1۔ گولڈرش سے کیا مراد ہے؟ گولڈرش کی وجہ سے امریکہ کی صنعتوں میں کس طرح ترقی ہوئی ؟

2۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے اصل باشندوں کو ان کی زمین سے بے دخل کیوں کر دیا گیا؟ اس کے لیے کون کون سی وجوہات جوابدہ ہیں؟

3۔ 1970 کی دہائی میں آئیں تبدیلیوں کی وجہ سے آسٹریلیا کے اصل باشندوں کی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟

## ایک سے زیادہ انتخاب والے سوالات

1۔ آئرلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں 'آبادکار' لفظ کا استعمال کس لیے کیا جاتا تھا؟

A۔ ڈچ　　B۔ برطانیہ

C۔ فرانس　　D۔ پرتگال

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کیپٹن کک کا قتل کہاں پر کیا گیا؟

A۔ آسٹریلیا میں　　B۔ فرانس میں

C۔ ہوائی میں　　D۔ نیوساوتھ ویلس میں

3۔ آسٹریلیا کی راجدھانی کا نام مندرجہ ذیل میں سے کون سا ہے؟

A۔ سڈنی　　B۔ پرتھ

C۔ میلبورن　　D۔ کینبرا

4۔ ٹیرانولیوس (Terra Nullius) سے کیا مراد ہے؟

A۔ کسی کی ملکیت نہیں　　B۔ اصل باشندے

C۔ آبادکار　　D۔ سہامنڈپ

5۔ ''قومی یوم معافی'' کب منایا جاتا ہے؟

A۔ 1اپریل　　B۔ 26مئی

C۔ 5جون D۔ 26جنوری

## خالی جگہ پر کیجیے۔

1۔ یوروپ سے آئے لوگوں کو دوسرے ملکوں میں آباد ہونے والے علاقوں کو.................کہا جاتا ہے۔

2۔ قدیم انسان کو.................کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔

3۔ اٹھارہویں صدی کے آخر میں مقامی قوموں کی تعداد.................کے درمیان تھی۔

4۔ مقامی قوموں اور یوروپ کے لوگوں کے درمیان اختلافات کی تحقیق کے مطالعہ کے لیے.................مضمون شروع کیا گیا۔

5۔ کینبرا ایک قدیم لفظ کیمبرا سے بنا ہے جس کا مطلب ہے.................

6۔ .................کتاب میں ریزرویشن میں اصلی باشندوں کی بہت ہی گھٹیا صحت اور تعلیمی سہولیات سے متعلق دل دہلا دینے والی تصویر کشی کی ہے۔

7۔ 1934ء میں.................قانون جس نے اصل باشندوں کو محفوظ علاقوں میں زمین خریدنے اور قرض لینے کا حق عطا کیا۔

8۔ 1968ء کے ایک ماہر بشریات ڈبلیو۔ای۔ایچ۔اسٹینر کے اہم لیکچر کا عنوان.................تھا۔

9۔ کارل مارکس ایک.................تھے۔

10۔ یو ایس اے کی ایک ریاست جورجیا میں.................نام کا قبیلہ رہتا تھا۔

11۔ سن.................کے دوران غلامی کے نظام کو برقرار رکھنے والوں اور اس نظام کے مخالفوں میں جنگ ہوئی۔

12۔ انسان کو جانوروں کی طرح بیچنے کی روایت کو.................کہا جاتا ہے۔

## مندرجہ ذیل اصطلاحات کو واضح کیجیے۔

A۔ نیٹیو

B۔ سیٹلر

C۔ گولڈ رش

D۔ محفوظ علاقے

E۔ چیروکی

F۔ ٹیرانولیوس

G۔ واپمم بیلٹ

H۔ نوآبادی

I۔ آنسوؤں کی پگڈنڈی

J۔ ایبوری جنیز

## طویل جوابات:(8:نمبروالے)

1۔ ■ 1840 کی دہائی میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے کیلی فورنیا میں سونے کی دریافت ہوئی اور یہ گولڈرش کا سبب بنی۔ جب یوروپ کے ہزاروں لالچی باشندوں نے کم وقت میں اپنے قسمت سنوارنے کی امید میں، بے تابی کے ساتھ امریکہ پہنچے۔

■ گولڈرش کی وجہ سے پورے امریکی براعظم میں ریلوے لائن کی تعمیر ہوئی۔

■ ہزاروں چینی مزدوروں کو بھرتی کیا گیا۔

■ صنعتوں کی نشوونما ریلوے کے سازوسامان بنانے کی وجہ سے ہوئی۔

■ بڑے پیمانے پر زراعت کرنے والی مشینوں کی تیاری۔

■ ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور کناڈا میں صنعتی شہروں کا فروغ۔

2۔ ■ اصل باشندوں کو زمین سے بے دخل کرنا

■ برطانیہ اور فرانس سے آئے کچھ صاحب ایسے تھے جو خانوادہ میں چھوٹے بیٹے ہونے کی وجہ سے والد کی جائیداد کے حقدار نہیں تھے۔ وہ امریکہ میں زمین کے مالک بننا چاہتے تھے۔

■ کیتھولک اکثریت والے ممالک میں رہنے والے پروٹسٹنٹ یا ان ممالک میں رہنے والے کیتھولک جہاں پر پروٹسٹنٹ فرقہ رسمی مذہب تھا۔ جس کی وجہ سے بہت سے لوگ یوروپ چھوڑ کر امریکہ آکر بس گئے۔

- وہ ایسی فصلیں اُ گا کر جو یورپ میں نہیں اُ گائی جاتی تھیں منافع کمانا چاہتے تھے۔
- اصل باشندوں کو بے دخل کرنا غلط نہیں مانتے تھے کیوں کہ ان کے مطابق مقامی باشندے زمین کا استعمال کرنا نہیں جانتے تھے۔
- دھوکہ دھڑی کر کے زیادہ زمین حاصل کر لی۔
- پیسہ دینے میں وعدہ خلافی کی۔
- زمین فروخت کرنے کے معاہدے پر دستخط کرانے کے بعد اصلباشندوں کو بے دخل کرنے کے لیے مجبور کیا۔
- چروکی قبیلوں کو بے دخل کرنے کے لیے امریکی فوج کا سہارہ لیا۔
- زمین کے اندر معدنیات، سیسہ، سونا ہونے کی صورت میں اصل لوگوں کو ان کی زمینوں سے دوبارہ بے دخل کیا۔

## 3- تبدیلی کی لھر:

- آسٹریلیا کے مقامی باشندوں کو نئے روپ میں سمجھنے کی خواہش جاگی۔
- اصل باشندوں کو مخصوص ثقافتوں والے فرقہ کے طور پر دیکھا گیا۔
- قدرت اور آب وہوا کو سمجھنے کی ان کی صلاحیتوں کی پہچان کی گئی۔
- ان کی تہذیب کا مطالعہ کرنے کے لیے یونیورسٹیوں میں شعبہ جات قائم کیے گئے میوزیم میں آرٹ گیلریوں کو جگہ دی گئی۔
- اصل باشندوں کی وراثت جیسے کہانیاں، پارچہ بافی، مصوری اور مجسمہ سازی کو سراہا گیا۔
- اصل باشندوں نے اپنی تاریخ لکھنا شروع کیا۔
- اصل باشندوں کی تہذیب کا احترام کیا گیا۔
- اصل باشندوں کے اپنی زمین سے تعلق کو احترام کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا۔

# سیکشن-چار

# باب-11: جدید کاری کے راستے

## یاد رکھنے لائق نکات:

- چین ایک وسیع براعظمی ملک ہے جس میں آب وہوا اور علاقائی تنوع ہے۔
- چین کی سب سے اہم قوم ''ہان'' ہے اور اہم زبان چینی ہے۔
- چین کے برخلاف جاپان ایک جزیرائی سلسلے والا ملک ہے۔اس میں چار بڑے جزیرے ہیں جیسے ہونشو، کیوشو، شیکوکو اور ہوکائیڈو۔
- بارہویں صدی کی ابتدا میں جاپان پر شوگنس کا اقتدار قائم ہوا جو حقیقت میں بادشاہ تھے۔
- 1603 سے 1867 کے وسط تک ''توکوگاوا'' خاندان کے لوگ شوگنس کے عہدے پر فائز تھے۔
- میجی کی بحالی کا مطلب ہے جاپان میں حکومت کی تشکیل۔1867-68 کے دوران میجی خاندان کا ظہور ہوا اور ملک میں موجود کئی طرح کی بے اطمینانی میجی لوگوں کو دوبارہ اقتدار میں لانے کی وجہ بنی۔
- بادشاہ میجی کو ایڈو لایا گیا۔اور ایڈو راجدھانی بنا کر اس کا نام ٹوکیو رکھا گیا۔
- 1870 کی دہائی میں جاپان میں نئے طرز کے اسکولوں کا قیام شروع ہوا۔لڑکے اور لڑکیوں کے لیے اسکولی تعلیم کو لازمی قرار دیا گیا۔اور کتابوں کے ذریعے والدین کے آپسی ادب واحترام قوم کے تئیں وفاداری اور اچھے شہری بننے کی تعلیم دی جانے لگی۔
- ڈائٹ (Diet) جاپانی پارلیمنٹ کا نام ہے اور یہ جرمن نظریہ پر مبنی ہے۔
- فوکوزاور یوکچی۔یہ میجی دور کا ایک اہم دانشور تھا۔ان کا کہنا تھا کہ جاپان کو ایشیا سے نکال باہر کر دینا چاہیے۔
- جاپان میں معیشت کی جدید کاری: زرعی ٹیکس لگا کر فنڈ اکٹھا گیا۔ریلوے کی ترقی، کپڑے کی صنعت میں مشینوں کا استعمال، مزدوروں کو تربیت دی گئی۔جدید بینکنگ اداروں کے قیام کی شروعات ہوئی۔

- فوکو — جس کے معنی ہے خوشحال ملک اور مضبوط فوج۔
- دوسر عالمی جنگ میں جاپان کے ہیروشیما اور ناگاسا کی شہروں پر امریکہ کے ذریعہ ایٹم بم گرائے گئے۔ یہ کہا گیا ہے کہ جنگ کو جلدی ختم کرنے کے لیے ایسا کیا گیا۔
- امریکی کنٹرول کے دوران جاپان کو ترک افواج کر دیا گیا اور ایک نیا آئین (دستور) لاگو کیا گیا۔ پھر بھی اپنی بہت بری شکست کے باوجود جاپان نے اپنی معیشت کو پھر سے تشکیل کیا جسے جنگ کے بعد ایک کرشمہ کہا گیا ہے۔
- چین کی جدید تاریخ: خودمختاری کا دوبارہ حصول، بیرونی قبضہ کی ذلت کا خاتمہ اور مساوات و ترقی کو ممکن بنانے پر مبنی تھی۔
- پہلی افیون جنگ (1842-1839) ہوئی۔ اس نے قونگ خاندان کی حکمرانی کو کمزور کر دیا۔ اصلاح اور تغیر کی مانگ کو مستحکم کیا۔
- 1911 میں مانچو سلطنت کا خاتمہ کر دیا گیا اور سن یات سین کی قیادت میں جمہوریت کا قیام عمل میں آیا۔
- سن یات سین کے تین اصول: قومیت، جمہوریت، سماجواد
- چین میں کمیونسٹ پارٹی کا قیام 1921 میں روسی انقلاب کے کچھ مدت کے بعد عمل میں آیا تھا۔ اس میں ماؤزے ڈانگ ایک اہم رہنما بن کر ابھرے۔
- چین کی عوامی جمہوری (People's Republic of China) حکومت کا قیام 1949 میں عمل میں آیا۔
- چین میں 1978-1965 کا دور "سماجوادی شخص" کی تشکیل کا تھا۔ ماؤوادیوں نے پرانی تہذیب، پرانے رسم و رواج اور پرانی عادتوں کے خلاف مہم چلائی۔



## جاپان کے ذریعے اپنائے گئے جدید کاری کے راستے

- جاپانی قوم پرستی
- مغربیت پر عمل
- جدید تکنیک کا استعمال
- سمراٹ کے تئیں وفادار رہنے کی تعلیم
- ایک وفادار شہری بننا

## تائیوان میں چیانگ کائی شیک سے جڑے واقعات

- زمینی اصلاحات نافذ اور زرعی پیداوار میں اضافہ
- تائیوان میں جمہوریت کا قیام
- گومنڈانگ کی جابرانہ حکومت کا قیام
- بولنے کی آزادی پر اور سیاسی مخالفت پر پابندی
- کل قومی پیداوار میں ایشیا کے بعد دوسرے نمبر پر
- امیر اور غریب کے درمیان فرق میں کمی

## خالی جگہ پر کیجیے۔

1۔ 19 ویں صدی کی شروعات میں.................. کا مشرقی ایشیا پر قبضہ تھا۔

2۔ .................. نے چین کو 1894 میں اور روس کو 1905 میں شکست دی۔

3۔ جاپان کا جدید کاری کا سفر.................. کے اصولوں پر مبنی تھا۔

4۔ چین کی عوامی جمہوری حکومت (Reople's Republic of China) کا قیام.................. عمل میں آیا۔

5۔ چین کے کمیونسٹ پارٹی کا قیام.................. میں عمل میں آیا۔

6۔ پیکنگ یونیورسٹی کا قیام.................. میں عمل میں آیا۔

7۔ سن یات سین کی موت کے بعد.................. گومن ڈانگ سیاسی طاقت بن کر ابھرے۔

8۔ جاپان بلٹ ٹرین کا جال.................. میں شروع کیا۔

9۔ جاپان 250 حصوں میں تقسیم تھا جس پر حکومت..................کرتے تھے۔

10۔ جاپان چین سے اور ہندوستان سے..................جیسا آسائشی سامان درآمد کرتا تھا۔

11۔ ..................کا ریشم پوری دنیا میں بہترین ریشم مانا گیا۔

12۔ 1867-68 میں میجی خاندان کی رہنمائی میں..................کی حکومت کا خاتمہ کیا گیا۔

13۔ فوکوزاوا یوکیچی کا کہنا تھا کہ جاپان کو..................سے نکال باہر کردینا چاہیے۔

14۔ لینن اور ٹراٹسکی جیسے لیڈروں نے مارچ..................میں کمنٹرن (بین الاقوامی اشتراکیت) یا تیسری بین الاقوامی قائم کی۔

15۔ ..................سی پی سی کے اہم لیڈر کون تھے۔

## ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات

1۔ دنیا کی سب سے لمبی ندی کون سی ہے۔

A۔ یانگتسی B۔ ہوانگہو

C۔ پرل D۔ جانگ جیانگ

2۔ چین کی سب سے اہم قوم کون سی ہے۔

A۔ ہوئی B۔ مانچو

C۔ اوئی گھور D۔ ہان

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا جزیرہ جاپان کا اہم جزیزہ نہیں ہے۔

A۔ ہونشو B۔ کیوشو

C۔ شیکوکو D۔ باہماس

4۔ جاپان کی راجدھانی کا نام ہے۔

A۔ شنگھائی B۔ ٹوکیو

C۔ ہوکائیڈو D۔ اوکی ناوان

5۔ جاپانیوں کی قانونی سوچ کس ملک کی سوچ سے متاثر ہے۔

A۔ برطانیہ B۔ جرمنی

C۔ چین D۔ فرانس

## مختصرترین جواب والے سوالات

1۔ ڈم سم کالفظی معنی ہے۔

2۔ ٹوکیوکا مطلب ہے۔

3۔ فوکوکیوہی کا مطلب ہے۔

4۔ جاپان کی پارلیمنٹ کا نام ہے۔

5۔ موگالفظ کامعنی ہے۔

6۔ بربرا کامعنی ہے۔

7۔ بولان وؤ کا مطلب ہے۔

8۔ چین کے سب سے اہم فلاسفر کا نام ہے۔

9۔ سن من چوئی کا مطلب ہے۔

10۔ سن یات سین کے اہم اصول ہیں۔

11۔ سن یات سین نے کن چار بڑی ضرورتوں کوواضح کیا۔

12۔ تویل مارچ تحریک

13۔ اشترا کی آدمی کے پانچ نظریہ۔

14۔ 1978 میں چینی پارٹی کے جدید کاری کے چار اپروگرام۔

## مختصر جواب والے سوالات (3: نمبر)

1۔ میجی کی بحالی کی اہم وجوہات کیا تھیں؟ بیان کیجیے؟

2۔ میجی کی اصلاحات کا اہم حصہ معاشی نظام کی جدید کاری تھا۔ وضاحت کیجیے؟

3۔ جاپان ایک ''جدید سماج'' میں کس طرح تبدیل ہوا؟ وضاحت کیجیے؟

4۔ افیون جنگ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کا چین کے لوگوں پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟

5۔ سن یات سین کے اہم اصولوں کو تفصیل سے بیان کیجیے؟

6۔ چین میں رائج کنفیوش ازم کے نظریے کا تذکرہ کیجیے۔

## طویل جواب والے سوالات (8: نمبر)

1۔ میجی حکومت کے تحت جاپان میں معیشت کی جدید کاری کس طرح ہوئی؟ مواصلات پر صنعتوں کی ترقی کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

2۔ کیوں من تانگ کے لیڈر کے طور پر چیانگ کائی شیک کے کارناموں کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ واضح کیجیے کہ کیومن تانگ کو یکجا کرنے کی کوششوں میں کیوں ناکام رہا؟

3۔ 1870 کی دہائی میں جاپان میں اسکولی نظام اور قوم کو متحد کرنے کے لیے کیا بدلاؤ کیے گئے؟ تفصیل سے سمجھائیے؟

4۔ جاپان اور چین نے آزاد اور جدید ملک بننے کے لیے بالکل علاحدہ علاحدہ راہیں اختیار کیں۔ تفصیل سے بیان کیجیے؟

5۔ تائیوان کا ایک جمہوری ملک میں تبدیل ہونا ایک ڈرامائی موڑ تھا۔ واضح کیجیے؟

## طویل جوابات (8: نمبر والے)

### 1۔ میجی حکومت کے تحت جاپان میں معیشت کی جدید کاری

- زراعتی ٹیکس
- ریلوے لائن بچھانا
- مزدوروں کوٹریننگ دینے کے لیے دوسرے ملکوں کے تکنیکی ملازم رکھے گئے۔
- جاپانی طلبہ کوتعلیم کے لیے غیر ممالک بھیجا جانے لگا۔
- جدید بینک کاری اداروں کا قیام عمل میں آیا۔
- کمپنیوں کوٹیکس میں چھوٹ اور مراعات دینا۔
- ماحولیات پر صنعتوں کی ترقی کے اثرات۔
- لکڑی جیسے قدرتی وسیلے کی مانگ سے ماحولیاتی گراوٹ
- صنعت کاری کی وجہ سے ہوائی آلودگی اور آبی آلودگی میں اضافہ۔
- زرعی پیداوار میں کمی کی اہم وجہ لوگوں کا شہروں کی جانب ہجرت کرنا۔

### 2- چیانگ کائی سیک کے کام:

- وارلارڈس پر قبضہ کرنا۔
- کمیونسٹ پارٹی کا خاتمہ۔
- سیکولر اور اقلیت پر مبنی اس عالمی کنفیوش ازم کی وکالت کی۔
- ملک کوفوجی نظام کے تحت لانے کی کوشش۔
- انھوں نے عورتوں کی چار اوصاف ، پاک دامنی، وضع قطع، کام اور گفتار کو بڑھاوا دینے کے سلسلے میں ہمت افزائی کی۔

### ملک کو متحد کرنے میں ناکامی کی وجوہات:

- تنگ نظر سماجی بنیاد
- محدود سیاسی نظریہ
- سرمایہ کے ضوابط اور زمین کو برابر تقسیم کرنے پر بھی کبھی عمل نہیں کیا۔

- لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کے بجائے اس نے فوجی نظام نافذ کرنے کی کوشش کی۔

3- **اسکولی نظام میں تبدیلی**

- لڑکے اور لڑکیوں کے لیے اسکول جانا لازمی۔
- اسکول کی فیس بہت کم۔
- ملک کے تئیں وفاداری اور جاپانی تاریخ کے مطالعہ پر زور دیا گیا۔
- کتابوں کے انتخاب اور استادوں کی تربیت پر کنٹرول کی ذمہ داری وزارت تعلیم پر تھی۔
- والدین کے تئیں ادب واحترام، ملک کے تئیں وفاداری اور اچھے شہری بننے کی تعلیم دی گئی۔

## قومی اتحاد کی کوشش:

- گاؤں اور زمینداروں کی حدوں کو تبدیل کر کے ایک نیا انتظامی ڈھانچہ تیار کیا۔
- انتظامی اکائی کے پاس کافی سرمایہ، جو مقامی اسکولوں، صحت کی سہولیات جاری رکھیں۔
- بیس سال سے زائد کے تمام نوجوانوں کو کچھ عرصہ تک فوجی خدمات انجام دینا ضروری تھا۔
- جدید فوجی طاقت تیار کی گئی۔
- سخت احتساب کو نافذ کرنے کے لیے ایک قانونی نظام تیار کیا گیا۔
- فوج اور نوکر شاہی بالواسطہ بادشاہ کے احکام کے تابع کر دیئے گئے۔

4- 
- جاپان اپنی آزادی برقرار رکھنے اور اپنی روایتی ہنرمندی اور مہارتوں کو نئے انداز میں استعمال کرنے میں کامیاب رہا۔
- اس کے امراطبقہ کی رہنمائی میں جدیدکاری نے انتہاپسند قومیت کو فروغ دیا اور استحصال اقتدار کو برقرار رکھا۔
- نوآبادیاتی سلطنت کا قیام عمل میں آیا جس سے اس علاقے میں دشمنی کے جذبے کو فروغ ملا۔ مغربی سامراجی طاقتوں کی نقل کرتے ہوئے اپنے مسائل کے حل تلاش کرنے کی خود کوشش کی۔ نئے اور تحقیقاتی طریقے استعمال کیے گئے جیسے نیا اسکولی نظام، بادشاہ کے تئیں وفاداری، اخلاقی تعلیم حاصل کرنا لازمی، اچھا شہری بنانا۔
- چین میں مغربی اور جاپانی سامراج نے سیاسی اور سماجی ماحول کو خرد برد کرنے کا ماحول بنا دیا۔ انیسویں اور

بیسویں صدی میں رسومات کو ٹھکرا دیا اور قومی یکجہتی اور پائیداری کے لیے نئے راستوں کی تلاش کی گئی۔لوگوں کو حقوق اور اقتدار عطا کرنے کی بات کی گئی۔لیکن حقیقت میں مرکزی ریاست کے قیام کی بات پر زور دیا گیا۔ تعلیم کی توسیع ہوئی، لوگوں میں بیداری پیدا ہوئی، بازار سے متعلق اصلاحات کے ذریعے اقتصادی لحاظ سے طاقتور بننے میں کامیابی حاصل ہوئی۔

5۔ ■ چینی کمیونسٹ پارٹی سے ناکام ہوکر چیانگ کائی شیک 1949 میں تائیوان بھاگ گئے اور وہاں انھوں نے چینی جمہوریت کو قائم کیا۔

■ کیومن تانگ نے چیانگ کائی شیک کی قیادت میں ایک جابرانہ حکومت کو قائم کیا لیکن زمینی اصلاحات نافذ کی گئیں۔اقتصادی نظام کی جدید کاری کی گئی۔

1975 میں چیانگ کائی شیک کی وفات کے بعد آہستہ آہستہ جمہوریت کی ابتدا ہوئی 1887 میں فوجی قانون ختم کر دیا گیا۔مخالف جماعتوں کو متحد ہونے کی اجازت ملی اور آزادانہ رائے شماری کے ذریعے تائیوان کے لوگوں کو اقتدار میں لانے کی کوشش شروع کی گئی۔تائیوان میں مکمل سفارتی تعلقات اور سفارت خانے قائم رکھنا ممکن نہیں ہے کیونکہ اسے چین کا ہی ایک حصہ مانا جاتا ہے۔

# جوابات(MCQ)

## باب نمبر1

(1) c (2) d (3) a (4) a (5) a

(6) b (7) d (8) c (9) d

## باب نمبر2

(1) d (2) b (3) a (4) a (5) c

(6) c (7) a (8) d (9) b

## باب نمبر3

(1) b (2) d (3) a (4) a (5) d

(6) b (7) d (8) a (9) d (10) c

## باب نمبر4

(1) a (2) b (3) a (4) b (5) c

(6) d (7) a (8) d (9) a (10) b (11) b

## باب نمبر5

(1) c (2) d (3) d (4) a (5) b

## باب نمبر6

(1) b (2) c (3) d (4) a

## باب نمبر7

(1) a (2) c (3) b (4) a (5) b

## باب نمبر8

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | b | (2) | c | (3) | a | (4) | d | (5) | c |

## باب نمبر9

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | d | (2) | a | (3) | c | (4) | b | (5) | d |

## باب نمبر10

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | b | (2) | a | (3) | d | (4) | a | (5) | b |

## باب نمبر11

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | d | (2) | d | (3) | d | (4) | b | (5) | b |

## باب نمبر 11

## جوابات

### خالی جگہ کو پر کرنا

(1) چین (2) جاپان (3) سرمایہ داری (4) 1949 (5) 1921

(6) 1902 (7) چیانگ کائی شیک (8) 1964 (9) دیمو (10) ریشم، کپڑا

(11) نشیجن (12) توکوگاوا (13) ایشیا (14) 1918

### مختصر ترین جواب والے سوالات

(1) دل کو چھونا (2) مشرقی راجدھانی (3) خوشحال دیش مضبوط فوج (4) ڈائٹ

(5) جدید لڑکی (6) بغیر کسی مقصد کے گھومنا (7) ہمیں پولینڈ کرنے کے لیے (8) کنفیوشیس

(9) قومیت، جمہوریت، ساجواد (10) قومیت، جمہوریت، ساجواد (11) کپڑا، کھانا، گھر، نقل و حمل

(12) امراد کی جنگ ختم کرنے کے لیے زمین سے متعلق اصلاحات کو نافذ کرنا اور غیر ملکیوں سے جنگ کرنے کے پروگرام کو آگے بڑھانا۔

(13) پدری وطن، عوام، محنت، سائنس اور عوامی جائداد سے محبت کرنا۔ (14) سائنس، صنعت، زراعت، دفاع کا فروغ۔

### صحیح غلط کے نشان والے سوالوں کے جواب۔

باب نمبر 5: (1) غلط (2) صحیح (3) صحیح (4) غلط (5) صحیح

باب نمبر 6: (1) غلط (2) صحیح (3) غلط (4) صحیح (5) غلط

باب نمبر 7: (1) صحیح (2) غلط (3) صحیح (4) غلط (5) غلط

باب نمبر 8: (1) صحیح (2) صحیح (3) غلط (4) غلط (5) صحیح

# اقتباس پر مبنی سوالات

# باب-1

# وقت کی ابتدا سے

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 1۔ الٹامیرا (Altamira) کی غاری تصاویر



الٹامیرا اسپین میں ایک غاری مقام ہے۔ایک مقامی زمیندار اور شائق فن ماہر آثار قدیمہ مارسیلی نو سانز ڈی سوٹولا (Marcelino Sanz de Sautuola) کی بیٹی ماریا (Maria) نے نومبر 1879 میں غار کی چھت پر بنی اس پینٹنگ کی طرف پہلی دفعہ توجہ مبذول کرائی تھی۔ چھوٹی سی ماریا مارسیلی نو سانز ڈی سوٹولا کی بیٹی غار میں دوڑ رہی تھی اور ادھر ادھر کھیل رہی تھی جبکہ اس کے والد غار کے فرش کی کھدائی کر رہے تھے۔اچانک ماریا نے چھت پر بنی اس تصویر کو دیکھا اور کہا ''دیکھو پاپا بیل'' پہلی دفعہ میں اس کے والد اس کی بات پر ہنسے مگر فوراً ہی انھیں یہ احساس ہو گیا کہ چھت پر واقعی کچھ پینٹنگس بنی ہوئی ہیں جن میں پینٹ کے بجائے کسی قسم کا لیپ استعمال کیا گیا ہے۔اور اس قدر جوش میں آ گیا کہ بمشکل تمام بول سکتا تھا۔اسی سال اس نے ایک کتابچہ شائع کیا مگر دو دہے بعد اس کی تحقیات کو یوروپی ماہرین آثار قدیمہ نے اس بنیاد پر خارج کر دیا کہ یہ تصاویر اتنی اچھی ہیں کہ یہ قدیم نہیں ہو سکتیں۔

## سوالات

1۔ الٹامیرا غار کس ملک میں واقع ہے؟ ان غاروں کی کن کی تصاویر ملتی ہیں؟ 2

2۔ مارسی لینو کون تھا؟ ان کی بیٹی ماریہ نے انھیں کیا بتایا تھا؟ 2

3۔ ''الٹامیرا'' کی غاری تصاویر کیوں مشہور ہیں؟ 1

# 2۔ ہاڈزا گروپ

''ہاڈزا'' شکار اور پیڑ پودوں سے غذا اکٹھی کرنے والے لوگوں کا ایک چھوٹا سا گروپ ہے جو ایاسی (Eyasi) نامی ایک کھاری پانی کی وادی (یہ وادی زمین کے پھٹنے سے بنی ہے) میں بنی جھیل کے قرب و جوار میں رہتے ہیں۔ مشرقی ہاڈزا کا علاقہ خشک اور چٹانی ہے جو خاردار جھاڑ جھنکار اور کیکر کے درختوں سے بھرا پڑا ہے اور جنگلی غذا سے مالا مال ہے۔ بیسویں صدی کے آغاز میں یہاں مختلف قسم کے جانوروں کی بھرمار تھی۔ یہاں کے بڑے جانوروں میں ہاتھی، گینڈے، بھینس، زراف، زیبرا، واٹر بک، ہرن، چنکارا، جنگلی سور، بیبون بندر، شیر، چیتا اور لکڑ بگھا جتنے عام ہیں اتنے ہی عام سا ہی مچھلی، خرگوش، گیدڑ، کچھوا جیسے چھوٹے جانور بھی ہیں۔ ہاڈزا لوگ ہاتھی کے علاوہ باقی سبھی جانوروں کا شکار کرتے ہیں اور ان کا گوشت کھاتے ہیں۔ شکار کے مستقبل کو خطرے میں ڈالے بغیر باقاعدہ طور پر جتنا گوشت یہاں کھایا جاتا ہے اتنا دنیا کے ایسے کسی بھی حصے میں نہیں کھایا جا سکتا جہاں اس قسم کے شکاری-غذا اکٹھا کرنے والے رہتے ہیں یا ماضی قریب میں رہتے تھے۔

## سوالات

1۔ ہاڈزا گروپ سے کیا مراد ہے؟ یہ لوگ کہاں رہتے تھے؟ 1

2۔ ہاڈزا لوگ کن کن جانوروں کا شکار کرتے تھے اور کن کن جانوروں کو نہیں کھاتے تھے؟ 2

3۔ ہاڈزا کے جغرافیائی حالات کی کوئی دو خوبیاں بیان کیجیے۔ 3

# باب -2

# فنِ تحریر اور شہری زندگی

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 1۔ مہر–ایک شہری فنی تخلیق (Artefact)

ہندوستان میں قدیم عہد میں پتھروں کی مہریں ثبت کی جاتی تھیں۔ میسوپوٹامیہ میں ایک ہزار ق م کے آخر تک پتھر کی اسطوانی لہروں کے درمیانی سوراخ میں ایک لکڑی ڈال کر اس کو گیلی مٹی پر گھمایا جاتا تھا اور اس طرح اس پر ایک مسلسل تصویر بن جاتی تھی۔ ان پر ماہر دستکاروں کے ذریعے نقش و نگار بنائے جاتے تھے۔ بعض اوقات ان پر مالک، اس کے دیوتا اور اس کے رسمی منصب وغیرہ لکھے ہوتے تھے۔ کسی برتن یا کپڑوں کے گٹھر کے منہ پر باندھی ہوئی ڈوری پر مٹی کو لیپ کر ان میں رکھی ہوئی چیزوں کی حفاظت کی غرض سے مہر لگائی جاسکتی ہے۔ اگر اسے چکنی مٹی کی تختی پر لکھے ہوئے خط پر ثبت کر دیا جاتا تھا تو یہ خط کے مستند ہونے کی دلیل ہوتی تھی۔ اس طرح مہر عوامی زندگی میں شہری باشندوں کے رول کی نشاندہی کرتی ہے۔

## سوالات

1۔ قدیم ہندوستان میں مُہریں کس سے بنائی جاتی تھیں؟ 1

2۔ میسوپوٹامیہ کی مہروں میں کس طرح کی تحریریں پائی جاتی ہیں؟ 2

3۔ مہروں کے بنانے والے ماہر کاری گروں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ 2

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 2۔ وارکا (Warka) کا سر

3000 ق م سے پہلے عورت کے اس سر کو شہر ارک (Uruk) میں ایک سفید سنگ مرمر کو تراش کر بنایا گیا تھا۔ اس کی آنکھوں اور بھوؤں پر بالترتیب نیلے چمکدار پتھر، سفید سیپ اور سیاہ بیٹومن کی مرصع کاری کی گئی تھی۔ سر کے اوپر ایک کھانچا بنا ہوا ہے جسے شاید زیور پہننے کے

لیے بنایا گیا تھا۔ یہ سنگ تراشی کا عالمی شہرت یافتہ نمونہ ہے۔ اس کے منہ، ٹھوڑی اور رخسار کی نازک و دلکش تمثیل کی وجہ سے اس کی تعریف کی جاتی ہے۔ اسے ایک ایسے سخت پتھر پر تراشا گیا ہے جسے بہت دور سے منگایا گیا ہوگا۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | عورت کا یہ سر کتنے سال پرانا ہے؟ یہ کس پتھر کو تراش کر بنایا تھا؟ | 1 |
| 2۔ | عورت کا سر کس طرح بنایا گیا اور اس کی کیا خصوصیات ہیں؟ | 2 |
| 3۔ | مذکورہ بالا شہر کا نام بتائیے۔ اس مجسمے یا سر کی شہرت کی وجہ کیا ہے؟ | 2 |

# باب-3

# تین براعظموں پر محیط سلطنت

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 1۔ غلاموں کے ساتھ سلوک

کچھ ہی وقت کے بعد شہر کے ناظم خصوصی لیوسیس پیڈے نیس سیکنڈس کو اس کے ایک غلام نے قتل کر دیا۔قتل کے بعد، پرانی رسم کے مطابق اس چھت کے نیچے رہنے والا ہر ایک غلام لازمی طور پر پھانسی کا مستحق تھا۔لیکن اتنی سارے بےقصور لوگوں کو بچانے کے لیے ایک بھیڑ جمع ہوگئی اور فساد شروع ہو گیا۔عمائد (Senate) کے گھر کو گھیر لیا گیا۔حالانکہ عمائد کے مکان میں حد سے زیادہ سختی و بدسلوکی کی مخالفت کی جارہی تھی لیکن زیادہ تر اراکین نے تبدیلی کی مخالفت کی۔جو اراکین پھانسی دینے کی حمایت کر رہے تھے ان کی بات مانی گئی۔ بہر حال پتھروں اور مشعلوں سے مسلح ہجوم نے اس حکم کی تعمیل نہ ہونے دی۔نیرو نے شاہی فرمان کے ذریعے عوام الناس کی سرزنش کی اور ان سبھی راستوں پر فوج تعینات کر دی گئی جن پر سزا یافتہ لوگوں کو پھانسی دینے کے لیے لے جایا جا رہا تھا۔

–ٹیسی ٹس(117-55)ابتدائی سلطنت کا مورخ

## سوالات

1۔ ٹیسی ٹس کون تھا؟ 1

2۔ نیرو نے ان لوگوں کے تئیں کیا رویہ اختیار کیا تھا؟ 2

3۔ رومی سلطنت میں عمائد (Senate) کا کیا مقام تھا؟ 2

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 2۔ رومی امیر طبقے کی آمدنی — پانچویں صدی کی ابتدا میں

روم کے ہر ایک اعلیٰ گھرانے میں وہ ساری چیزیں موجود تھیں جو ایک متوسط سائز کے شہر میں ہو سکتی ہیں۔ایک گھوڑ کا میدان (ہپوڈروم)

،چبوترے والے معابد،فوارے اور مختلف قسم کے حمام......بہت سے رومی گھروں کو اپنی جائیداد سے سالانہ 4000 پونڈ سونے کی آمدنی ہوتی تھی جس میں اناج،شراب اور دیگر پیداوار شامل نہیں تھیں۔اگر ان کو فروخت کیا جاتا تو سونے کی شکل میں حاصل ہونے والی آمدنی کے ایک تہائی کے برابر آمدنی ہوسکتی تھی۔روم میں دوئم درجے کے کنبوں کی آمدنی 1000 یا 1500 پونڈ سونا تھی۔

تھیبس کا اولمپیوڈورس

## سوالات

1۔ ہپوڈروم سے کیا مراد ہے؟ 1

2۔ روم میں دوسرے درجے کے گھرانوں کی سالانہ آمدنی کتنی تھی؟ 2

3۔ ابتدائی اور آخرعہدقدیم میں رومن سلطنت کتنے طبقوں میں منقسم تھی؟ 2

# باب-4

# اسلام کا ظہور اور توسیع

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 1۔ مثالی طالب علم

بارہویں صدی کے بغداد میں قانون اور طب کا عالم عبداللطیف اپنے مثالی طالب علم سے بات کر رہے ہیں۔

''میں تمھیں مشورہ دیتا ہوں کہ تم بغیر کسی کی مدد سے، صرف کتابوں کے ذریعے سائنس کو نہ سیکھیں، اگر چہ اسے سمجھنے کے لیے تمھیں اپنی صلاحیت پر پورا بھروسہ ہو۔ ہر ایک مضمون کے لیے، جس کا آپ علم حاصل کرنا چاہتے ہیں، اس کے استاد کی طرف رجوع کرو۔ اگر آپ کے استاد کا علم محدود ہے تو جو کچھ علم وہ تمھیں دے سکتا ہے اسے حاصل کرلو جب تک کہ آپ کو اس سے زیادہ قابل استاد نہ مل جائے۔ آپ کو اپنے استاد کا احترام کرنا چاہیے۔ جب تم ایک کتاب پڑھو تو تمھاری کوشش ہونی چاہیے کہ اسے زبانی یاد کرلو اور اس کے معنی کو مکمل طور پر سیکھ لو۔ تم یہ تصور کرو کہ وہ کتاب غائب ہوگئی ہے اور وہ تمھیں دوبارہ نہیں ملے گی تو اس کے ضائع ہونے کا تم پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ ہر شخص کو تاریخ کی کتابیں پڑھنی چاہئیں، سوانح حیات اور قوموں کے تجربات کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

## سوالات

1۔ عبداللطیف کون تھے؟ 1

2۔ عبداللطیف نے اپنے مثالی طالب علم کو کیا مشورہ دیا؟ 2

3۔ انسان کو تاریخ کی کتاب کیوں پڑھنی چاہیے؟ 2

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 2۔ کاغذ گنیزا دستاویزات اور تاریخ

کاغذ کی دستیابی کی وجہ سے تمام طرح کے تجارتی اور ذاتی دستاویزوں کو لکھنا آسان ہوگیا۔ 1896 میں قرون وسطیٰ کے یہودی

دستاویزات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ (گنیزا جس کا تلفظ غنیزا ہے) فسطاط (قدیم قاہرہ) کی بین از را عبادت گاہ کے ایک سیل بند کمرے سے حاصل ہوا ہے۔ یہ دستاویزات اس یہودی رواج کی وجہ سے سنبھال کر رکھے گئے تھے جس کے مطابق کسی بھی ایسی تحریر کو ضائع نہیں کرنا چاہیے جس میں خدا کا نام لکھا ہوا ہو۔ گنیزا میں آٹھویں صدی کے وسط تک کے تقریباً ڈھائی لاکھ دستاویزات اور ان کے ٹکڑے ہیں۔ زیادہ تر مواد دسویں صدی سے لے کر تیرہویں صدی تک کا ہے جو کہ فاطمی، ایوبی اور مملوک کا ابتدائی عہد تھا۔ یہ دستاویز تاجروں، خاندان اور دوستوں کے درمیان ذاتی خطوط، معاہدے، جہیز کے وعدے، فروخت کے دستاویز، دھلائی کے کپڑوں کی فہرست اور دیگر معمولی چیزوں کی معلومات پر مشتمل ہیں۔ زیادہ تر دستاویز یہودی- عربی زبان میں لکھے گئے تھے جو عبرانی رسم الخط میں لکھی جانے والی عربی زبان کی ہی ایک شکل تھی اور جس کا استعمال عام طور سے یہودی قوم عہد وسطیٰ میں بحیرہ روم کے علاقے میں کرتی تھی۔ گنیزا دستاویزات شخصی اور اقتصادی تجربات سے بھرے ہوئے ہیں اور بحیرۂ روم اور اسلامی ثقافت کی اندرونی معلومات مہیا کراتے ہیں۔ یہ دستاویزات اس بات کو بھی ظاہر کرتے ہیں کہ عالم اسلام کے عہد وسطیٰ کے تاجروں کی تجارتی مہارت اور طریق کاران کے یوروپی ہم پیشہ لوگوں کے مقابلے زیادہ ترقی یافتہ تھے۔ گوئٹین (Goitein) نے گنیز دستاویزات کی بنیاد پر کئی جلدوں میں بحیرۂ روم کی تاریخ لکھی ہے گنیزا کے ایک خط سے تحریک پا کر امیتاب گھوش نے اپنی کتاب اِن این اینٹیک لینڈ (In an Antique Land) میں ایک ہندوستانی غلام کی تاریخ بیان کی ہے۔

## سوالات

1۔ کاغذ سب سے پہلے کہاں سے آیا تھا؟ یہ کس طرح بنایا جاتا تھا؟ 1

2۔ وسطی دور کے یہودی دستاویزوں کا ایک بہت بڑا ذخیرہ کب اور کہاں ملا؟ 2

3۔ گنیزا دستاویزات میں کیا دیا گیا ہے اور یہ کس زبان میں لکھی گئی ہے؟ 2

**مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

## 3۔ اسلامی کیلینڈر

ہجری کیلینڈر کی شروعات حضرت عمر کے زمانہ خلافت میں ہوئی، جس کا پہلا سال 622 عیسوی ہے۔ ہجری سن کی تاریخ کو جب انگریزی میں لکھا جاتا ہے تو سن کے بعد حروف AH لکھے جاتے ہیں۔ ہجری 354 دنوں کا قمری سال ہوتا ہے۔ اس میں 29 یا 30 دن کے بارہ مہینے (محرم سے ذی الحجہ) ہوتے ہیں۔ ہر دن غروب آفتاب اور ہر مہینہ ہلال (پہلے دن کا چاند) دیکھنے سے شروع ہوتا ہے۔

ہجری سال شمسی سال سے تقریباً 11 دن کم ہوتا ہے۔ اسی لیے کوئی بھی اسلامی تہوار بشمول رمضان کے روزے، عید اور حج کبھی بھی موسم کے مطابق نہیں ہوتا ہے۔

## سوالات

1۔ پیغمبر محمد ﷺ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟ 1

2۔ ہجری سن کی شروعات کب اور کس سال ہوئی؟ اس کا پہلا سال کب پڑتا ہے؟ 2

3۔ ہجری سن میں کون کون سے مذہبی تہوار شامل ہیں؟ 2

## باب-5

# خانہ بدوش اقوام کی سلطنت

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 1۔ بخارا پر قبضہ

تیرہویں صدی کے ایران کے منگول حکمرانوں کے ایک فارسی وقائع نگار جوینی (Juwaini) نے 1220 میں بخارا پر قبضے کے واقعہ کو بیان کیا ہے۔ جوینی لکھتا ہے کہ شہر کی فتح کے بعد چنگیز خان تقریباتی میدان میں گیا جہاں شہر کے مالدار لوگ موجود تھے۔ اس نے ان سے خطاب کیا ''اے لوگو! جان لو کہ تم نے بڑے گناہوں کا ارتکاب کیا ہے۔ تم میں سے جو لوگ زیادہ امیر ہیں انھوں نے سب سے زیادہ گناہ کیے ہیں۔ اگر تم مجھ سے پوچھو کہ اس کا میرے پاس کیا ثبوت ہے تو اس کے لیے میں کہوں گا کہ میں خدا کا عذاب ہوں، اگر تم بڑے گناہوں کے مرتکب نہ ہوتے تو خدا تمھارے اوپر مجھ جیسا عذاب نہیں بھیجتا۔'' ایک آدمی بخارا پر قبضے کے بعد وہاں سے بھاگ گیا تھا اور خراسان چلا آیا تھا۔ اسی سے شہر کی تباہی کے بارے میں پوچھا گیا تو اس نے جواب دیا کہ ''وہ (شہر) آئے، دیواروں کو منہدم کر دیا، جلا دیا، لوگوں کو قتل کیا، لوٹ مار کی اور وہ چلے گئے۔''

### سوالات

1۔ جوینی کون تھا؟ 1

2۔ چنگیز خان نے تقریباتی میدان میں کن لوگوں کو خطاب کیا اور کیوں؟ 2

3۔ آدمی سے جب بخارہ شہر کے بارے میں پوچھا گیا تو اس نے کیا جواب دیا؟ 2

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## 2۔ یاس (Yasa)

1221 میں بخارا پر فتح حاصل کرنے کے بعد چنگیز خان نے وہاں کے امیر مسلم باشندوں کو تقریباتی میدان میں جمع کر کے ان کی مذمت کی۔ اس نے انھیں گناہ گار کہا اور متنبہ کیا کہ ان گناہوں کے کفارے کے طور پر انھیں اپنا پوشیدہ مال اسے دینا ہوگا۔ یہ ایک قابل ذکر

ڈرامائی واقعہ تھا جسے لوگوں نے لمبے عرصے تک یاد رکھا اور اس کی تصویریں بنائیں۔ سولہویں صدی کے آخیر میں چنگیز خان کے سب سے بڑے لڑکے جوچی کا دور کا رشتہ دار عبداللہ خان بخارا کے اسی میدان میں گیا۔ چنگیز خان کے برخلاف عبداللہ خان وہاں عید کی نماز ادا کرنے گیا تھا۔ اس کے مؤرخ حافظ تابش نے اپنے آقا کے مسلم تقویٰ کو بیان کیا ہے اور ایک حیرت انگیز بات بھی کہی ''کہ یہ عمل چنگیز خان کے یاس کے مطابق تھا''

## سوالات

1۔ یاس سے کیا مراد ہے؟ اسے کس نے اور کب رائج کیا؟ 2

2۔ حافظ تابش نے عبداللہ خان کے بارے میں کیا بات کہی؟ 1

3۔ چنگیز خان نے مسلمانوں کو کہاں جمع کیا اور انھیں کس سلسلے میں متنبہ کیا؟ 2

**مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

# 3۔ غازان خان کی تقریر

غازان خان (1295-1304) پہلا ال کانی حکمراں تھا جس نے اسلام قبول کیا تھا۔ اس نے مندرجہ ذیل تقریر منگول ترک خانہ بدوش قائدوں کے سامنے کی تھی۔ یہ تقریر غالباً اس کے فارسی وزیر رشید الدین کے ذریعے کی گئی تھی اور یہ وزیر کے خطوط میں شامل ہے۔

''میں فارسی کسانوں کی طرف نہیں ہوں اور اگر ان سب کو لوٹنے سے کوئی مقصد حل ہو رہا ہے تو اس کام کو کرنے کے لیے مجھ سے زیادہ طاقتور کوئی نہیں ہے۔ آؤ ہم سب مل کر انھیں لوٹ لیں۔ لیکن اگر تم مستقبل میں اپنے دسترخوان پر اناج اور کھانے کو یقینی بنانا چاہتے ہو تو یہ ضروری ہے کہ میں تمھارے ساتھ سختی سے پیش آؤں۔ تمھیں حکمت کی بات ضرور سیکھنی چاہیے۔ اگر تم کسانوں کی بے عزتی کرتے ہو، ان کے بیلوں اور بیج کو لیتے ہو اور ان کی فصلوں کو روندتے ہو تو تم مستقبل میں کیا کرو گے؟...........لازمی طور پر وفادار کسانوں کو باغی کسانوں سے الگ رکھا جانا چاہیے..............''

## سوالات

1۔ غازان خان کون تھا؟ 1

2۔ غازان خان کے ذریعے کسانوں کی حمایت کرنے کی کیا وجوہات تھیں؟ 2

3۔ رشید الدین کون تھا؟ اس کے تعاون کو لکھیے۔ 2

باب-6

# تین طبقات

**مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

بارہویں صدی میں بنگین (Bingen) کے آبیس ہلڈیگارڈ (Abbes Hildegard) نے لکھا۔ کون چرواہا اپنے تمام مویشیوں، گایوں، گدھوں، بھیڑوں اور بکریوں کو بنا کسی تفریق کے ایک اصطبل میں رکھنے کے بارے میں سوچے گا؟ اس لیے ضروری ہے کہ انسانوں کے مابین بھی تفریق قائم کی جائے تاکہ وہ ایک دوسرے کو تباہ نہ کریں........خدا اپنے ریوڑ میں امتیاز قائم رکھتا ہے چاہے جنت میں یا زمین پر۔ وہ سب سے محبت کرتا ہے تاہم ان کے درمیان مساوات نہیں ہے۔''

## سوالات

1۔ مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف کا نام بتایئے۔ 1

2۔ انسانوں کے مابین امتیاز قائم رکھنا ضروری تھا۔ اس کے لیے دلائل دیجیے۔ 2

3۔ چرواہا اپنے مویشیوں کو کہاں رکھنے کی سوچے گا؟ 2

**2- مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

''جگہ کی تنگی، جسے ہم نے عام طور پر جشن کے دن محسوس کیا ہے، اس کی وجہ سے کیونکہ عورتیں مردوں کے سروں کے اوپر سے قربان گاہ کی طرف جانے کے لئے مجبور ہوتی تھیں جس کی وجہ سے بہت تکلیف اور شور وغل ہوتا تھا

(ہم نے فیصلہ کیا کہ مقدس چرچ کو بڑا اور اونچا بنایا جائے......

ہم نے نئی کھڑکیوں کی شاندار اقسام کو مختلف علاقوں کے ماہرین کے ہاتھوں پینٹ کرنے کا بندوبست کیا...... کیونکہ یہ کھڑکیاں اپنے شاندار کمال فن (Execution)، اور پینٹ کئے گئے نیلگوں شیشوں پر فراخدلی کے ساتھ خرچ کی گئی رقم کی وجہ سے بہت اہمیت کی حامل ہیں، اس لئے ان کی حفاظت کے لئے ہم نے ماہر سرکاری دست کار اور ایک سنار کو مقرر کیا ہے جنہیں ان کے

الاؤنس یعنی ان کو سکّے قربان گاہ سے اور''برادران'' (Brethren) کے عام گودام سے آٹا ملتا رہے گا اور جوفنون لطیفہ کہ ان اشیاء کے تئیں دیکھ بھال کے تعلق سے اپنے فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی نہیں برتیں گے''۔

ایبوٹ سوگر Abbot suger (1081-1151) نے پیرس کے قریب سینٹ ڈینس (St. Denis) کی خانقاہ کے متعلق تھا۔

## سوالات

1۔ مقدس چرچ کو بڑا اور اونچا بنانے کا فیصلہ کیوں کیا گیا؟ کوئی دو وجوہات لکھئے۔

2۔ بڑے بڑے چرچوں کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

3۔ بڑے چرچ میں ایک ماہر سرکاری دستکار اور ایک سنار کو مقرر کیوں کیا گیا؟

### 3- مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

بینیڈکٹین (Benedictine) کی خانقاہوں میں راہبوں کے لیے ہاتھ سے لکھی ہوئی ایک کتاب ہوتی تھی جس میں قوانین کے 73 ابواب تھے۔ کئی صدیوں تک راہب اس کتاب پر عمل کرتے رہے۔ اس کتاب کے کچھ قوانین درج ذیل ہیں۔

باب 6 : راہبوں کو بولنے کی اجازت شاذ و نادر ہی دی جانی چاہیے۔

باب 7 : انکسار کا مطلب انقیاد ہے۔

باب 33 : کوئی بھی راہب ذاتی ملکیت کا مالک نہیں ہونا چاہیے۔

باب 47 : کاہلی روح کی دشمن ہے اس لیے راہب اور راہبہ کو مقررہ اوقات میں جسمانی محنت اور کچھ گھنٹوں تک مقدس کتاب خوانی کرنی چاہیے۔

باب 48 : خانقاہیں اس طرح بنانی چاہئیں کہ ضرورت کی تمام چیزیں۔ پانی، چکی، باغ اور مرمت خانے سبھی اس کے احاطے میں دستیاب ہوں۔

## سوالات

1۔ انکسار کا کیا مطلب ہے؟ یہ انسانوں کے لیے کیوں ضروری ہے؟ 1

2۔ ملک سے متعلق قانون کس باب میں ہیں؟ کاہلی سے کیا مراد ہے؟ 2

3۔ خانقاہیں کس طرح بنائی جانی چاہئیں؟ 2

# باب-7

# بدلتی تہذیبی روایات

**1- مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

**''فنکار اور حقیقت پسندی''**



''فن کائنات سے پوری طرح جڑا ہوا ہے جو اس کے مفہوم کو سمجھ سکتا ہے وہی اسے حاصل کر سکتا ہے.......اس کے علاوہ آپ اپنے فن کو ریاضی کے ذریعے ثابت کر سکتے ہیں۔ آپ کا تخلیقی کام زندگی سے جتنا قریب ہوگا وہ اتنا ہی حسین دکھائی پڑے گا......کوئی انسان اپنے تخیل سے اس وقت تک خوبصورت تصویر نہیں بنا سکتا جب تک کہ اس نے زندگی کی بہت زیادہ نقل کر کے اس کو اپنے دماغ میں محفوظ نہ کر لیا ہو۔''

## سوالات

1۔ انسان خوب صورت تصویر کس طرح بنا سکتا ہے؟ 1

2۔ حقیقت پسندی سے کیا مراد ہے؟ 2

3۔ انسان اپنے تخیل سے ایک خوب صورت تصویر نہیں بنا سکتا۔ تذکرہ کیجیے۔ 2

**2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

نکولو میکیا ویلی اپنی کتاب دی پرنس (1513) کے پندرہویں باب میں انسانی فطرت کے بارے میں لکھتا ہے:

''تخیلاتی چیزوں کو اگر الگ کر دیں اور صرف ان چیزوں کے بارے میں سوچیں جن کا حقیقت وجود ہے، تو میں یہ کہتا ہوں کہ جب بھی انسان کے بارے میں گفتگو ہوتی ہے (خاص طور سے شہزادوں کے بارے میں جن پر عوام الناس کی نظر زیادہ رہتی ہے) تو ان میں بہت سی صفات نظر آتی ہیں جن کی وجہ سے وہ تعریف یا مذمت کے مستحق بنے ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ لوگ فیاض سمجھے جاتے ہیں اور کچھ لوگ بخیل، کچھ لوگ محسن ہوتے ہیں تو کچھ لوگ لالچی، کچھ لوگ ظالم ہوتے ہیں اور کچھ لوگ رحم دل، ایک انسان بے ایمان ہوتا ہے تو دوسرا ایماندار، ایک آدمی نامرد اور بزدل ہوتا ہے تو دوسرا طاقتور اور ہمت والا، ایک آدمی خوش اخلاق تو دوسرا

مغرور ہوتا ہے، ایک بھولا بھالا تو دوسرا فریبی۔ ایک ضدی تو دوسرا نرم خو، ایک سنجیدہ تو دوسرا غیر سنجیدہ، ایک مذہبی تو دوسرا مشکوک وغیرہ وغیرہ''

میکیا ویلی یہ مانتے تھے کہ ''سبھی انسان برے ہیں اور وہ اپنی بری فطرت کو ظاہر کرنے کے لیے ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ کیونکہ کچھ حد تک انسان کی خواہشات نامکمل رہ جاتی ہیں۔' میکیا ویلی نے دیکھا کہ اس کے پیچھے اہم وجہ یہ ہے کہ انسان اپنے ہر کام میں اپنا ذاتی مفاد دیکھتا ہے۔

## سوالات

1۔ مذکورہ بالا اقتباس کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ 2

2۔ میکیا ویلی نے انسان کی فطرت کے بارے میں کیا خیالات پیش کیے؟ 2

3۔ انسان کی خواہشات نامکمل کیوں رہ جاتی ہیں؟ 1

**3۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1506 میں بائبل کا انگریزی میں ترجمہ کرنے والے لوتھر نواز ولیم ٹنڈیل (William Tyndale 1494-1536) نے پروٹیسٹینٹ ازم کا دفاع اس طرح کیا:

''اس بات سے سبھی لوگ متفق ہوں گے کہ وہ آپ کو مذہبی کتاب کے علم سے دور رکھنے کے لیے یہ چاہتے تھے کہ مذہبی کتاب کا ترجمہ آپ کی مادری زبان میں دستیاب نہ ہو سکے جس سے دنیا اندھیرے میں ہی رہے اور وہ (پادری طبقہ) لوگوں کے ضمیر میں بنے رہیں جس سے ان کے ذریعے بنائے گئے جھوٹے عقائد اور اوہام پرستی کو جاری رکھا جا سکے، تا کہ ان کی خواہشات کی تکمیل ہو سکے۔ اس طرح وہ اپنی عظمت کو راجہ، بادشاہ اور یہاں تک کہ خدا سے بھی برتر رکھ سکیں.... جس بات نے مجھے خاص طور سے نئے ٹیسٹا منٹ کا ترجمہ کرنے کے لیے اکسایا۔ مجھے اپنے تجربات سے معلوم ہوا کہ عام لوگوں کو کسی بھی سچائی کی معلومات اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک ان کے پاس اپنی مذہبی کتاب کا مادری زبان میں ترجمہ دستیاب نہ ہو۔ ان تراجم کی مدد سے ہی وہ مذہبی کتاب کے متن، نظم وضبط اور مفہوم کو سمجھ سکیں۔

## سوالات

1۔ مذہبی کتابوں کا مادری زبان میں دستیاب ہونا کیوں ضروری ہے؟ 1

2۔ گناہ قبول کرنے سے کیا مراد ہے؟ 2

3۔ تھامس مور(Thomas More)اور اراس مس(Erasmus) کون تھے؟ چرچ کے بارے میں ان کے کیا نظریات تھے؟ 2

باب-8

# تہذیبوں کا تصادم

## 1۔ ڈونا میرینا (Dona Marina)

برنارڈ ڈیاز ڈیل کاسٹیلو (Bernard Diaz del Castillo 1495-1584) نے اپنی کتاب ''میکسیکو کی فتح کی سچی تاریخ'' (True Historyof the Conquest of Mexico) میں لکھا ہے کہ تاباسکو (Tobasco) کے باشندوں نے کورٹیس کو خدمت گذار کے طور پر ایک عورت ڈونا میرینا دی۔ وہ مقامی زبانیں روانی سے بول سکتی تھی، جس کی وجہ سے وہ کورٹیس کے لیے ترجمانی میں اہم کردار ادا کر سکی۔ یہ ہماری فتوحات کی عظیم الشان ابتدا تھی اور بغیر ڈونا میرینا کے ہم جدید اسپین اور میکسیکو کی زبان نہیں سمجھ سکتے تھے۔

ڈیاز کا خیال تھا کہ وہ ایک شہزادی تھی۔ لیکن میکسیکو کے لوگ اسے مالنچے (Malinche) کہتے تھے جس کے معنی 'غدّاری' ہے۔ مالنچستا (Malinchista) کے معنی ہیں وہ شخص جو غلامانہ ذہنیت کے ساتھ دوسری قوموں کے لباس اور زبان کی نقل کرتا ہو۔

## سوالات

1۔ کورٹیس کون تھا؟ اُس نے کس نگر کو فتح کیا؟ 2

2۔ ڈونا میرینا کون تھی؟ کس طرح اس نے کورٹیس کی مدد کی؟ 2

3۔ مالنچستا کے کیا معنی ہیں؟ 1

### 2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

انکا نسل کے لوگوں کے فن (فنون لطیفہ) اور مہارت کو دیکھ کر آج بیشتر زائرین ششدر رہ جاتے ہیں۔ چلّی کے شاعر نرودا (Neruda) کی طرح کچھ لوگوں نے محنت ومشقت کے ان گھنٹوں کے بارے میں سوچا جن میں کام کرنے کے لئے ہزار لوگ مجبور کئے گئے ہوں گے۔ تاکہ اس قدر اعلیٰ زرعی پیداوار اس قدر غیر معمولی تعمیر اور اس قدر شاندار دستکاری اس مشکل ماحول میں پیش کر سکیں۔

زمین کی گہرائیوں سے میری طرف دیکھو، کھیتوں میں جتنے والے، بننے والے، خاموش چرواہوں

......

اونچے خطرناک برف میں دھنس جانے والے، مچانوں پر کام کرنے والے، راج مستریو،

اینڈین کو کھر چنے والے برفبانی انسانو،

کچلی ہوئی انگلیوں والے، جوہریو،



اپنے لگائے پودوں کے درمیان پریشان حال کسانو،

اپنی مٹی کے درمیان تباہ حال کمہارو،

اس زندگی نو کے لئے پیالہ بھرلاؤ،

اپنے پرانے مدفون غموں کو،

مجھے اپنا خون اور اپنی پیشانی کی لکیریں دکھاؤ،

مجھے بتاؤ: یہیں مجھے کوڑے لگائے گئے تھے۔

کیوں کہ ایک ہیرا کند تھا یا زمین کند تھی

اپنے اناج یا پتھر کا دسواں حصہ وقت پر دینے میں ناکام ہوگئی تھی۔

پیلونرودا(1904-1973)''ماچوپچوں کی اونچائیاں'' 1943(The Heights of Machu Picchu)

# سوالات

1۔ شاعر نرودا کون تھا؟ انھوں نے انکا لوگوں کے فن اور مہارت کو دیکھ کر کیسا محسوس کیا؟

2۔ انکا لوگوں کو محنت و مشقت کرنے کے لئے کس نے مجبور کیا؟

3۔ انکا لوگوں کی محنت کی دو مثال لکھئے۔

# باب-9

# صنعتی انقلاب

**1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

برطانیہ کے مضمون نگار اور ناول نگار ڈی-ایچ-لارینس (D.H.Lawrence1885-1930) ڈکنس کے 70 سال بعد کوئلہ علاقے میں واقع ایک گاؤں میں آئی ایسی تبدیلی کو بیان کیا ہے جس کا اس نے خود تجربہ نہیں کیا تھا۔ اس کے متعلق اس نے بزرگوں سے سنا تھا۔

''ایسٹ ووڈ (Eastwood)......انیسویں صدی کی ابتداء میں یقیناً ایک چھوٹا سا گاؤں رہا ہوگا۔ یہ چھوٹی چھوٹی چھونپڑیوں کا مقام تھا اور کان مزدوروں کے چار کمروں والے چھوٹے چھوٹے گھروں کی بکھری قطاریں تھیں اور پرانے کان مالکان کے مکانات...... لیکن 1820 کے آس پاس کمپنی نے پہلی بڑی شافٹ (Shaft) چینی کی اونچی سی نان تیار کی اور حقیقی کوئلہ کان کنی کی صنعت کی پہلی مشینری لگائی......مزدوروں کے چھوٹے چھوٹے گھروں کی قطاریں زیادہ تر گرا دی گئیں اور ناٹنگھم (Nottingham) روڈ کے ساتھ ساتھ بے لطف چھوٹی چھوٹی دکانیں بننا شروع ہو گئیں......اگر چہ نیچے ڈھلان پر...... کمپنی نے عمارتیں تعمیر کیں، جنہیں آج بھی نئی عمارات (New Building) کے نام سے جانا جاتا ہے......خالی گلی میں باہر سے نظر آنے والے وحشت ناک چھوٹے چھوٹے چار کمروں والے گھر اور عقب کی طرف نظر آنے والا ویران چوک تھا جو بیرکوں کے احاطہ کی طرح بند کر دیا گیا تھا، بہت عجیب ہے یہ۔''

## سوالات

1۔ مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف کون ہے؟

2۔ کیا مصنف نے اس اقتباس میں اپنے خود کے تجربہ کو بیان کیا ہے؟

3۔ اس اقتباس کے ذریعہ مصنف کیا پیغام دینے کی کوشش کر رہا ہے؟

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

صنعت کاری کے نتیجے میں غریبوں کے لیے جو بھیانک حالات پیدا ہوئے اس کا شاید سخت ترین ہم عصر ناقد چارلس ڈکنس (1812-70) تھا۔اس نے اپنے ناول ''ہارڈ ٹائمس''(Hard Times) میں ایک صنعتی شہر کوک ٹاؤن کی کہانی بڑے ہی موزوں انداز میں بیان کی ہے۔''یہ سرخ اینٹوں سے بنا ایک شہر تھا۔اس کی اینٹوں کا رنگ اسی وقت سرخ رہ سکتا تھا اگر دھوئیں اور راکھ نے اسے پوت کر بدرنگ نہ کر دیا ہوتا،لیکن حالت یہ تھی کہ یہ قصبہ عجیب سرخ اور سیاہ رنگ کے آمیزہ سے رنگا تھا جیسے کسی خونخوار آدمی کا چہرہ ہو۔یہ مشینوں اور ان اونچی فلک بوس چمنیوں کا شہر تھا جن میں سے دھوئیں کے سانپوں کی اٹوٹ قطاریں کبھی بھی بل نہ کھاتے ہوئے مسلسل نکلتی رہتی تھیں۔اس شہر میں ایک کالی نہر تھی اور ایک ندی بھی تھی جس کا بہتا پانی گندگی کی وجہ سے بینگنی رنگ کا ہو گیا تھا۔وہاں متعدد عمارتیں تھیں جو ان کے اندر چلنے والی مشینوں کی وجہ سے ہر وقت لرزتی رہتی تھیں اور ان کی کھڑکیاں ہمیشہ کھڑکھڑاتی رہتی تھیں اور وہاں بھاپ کے انجن کا پسٹن یکساں طور پر اوپر نیچے ہوتا رہتا تھا،جیسے کسی ہاتھی کا سر جو اپنے وحشت انگیز پاگل پن میں آنکھیں پھاڑے ایک ہی طرف دیکھ رہا ہو۔

## سوالات

1۔ کیا آپ چارلس ڈکنس کے ذریعے بیان کیے گئے صنعت کاری کے اثرات سے متفق ہیں؟اگر ہاں تو کیوں؟

2۔ صنعت کاری کے عورتوں اور بچوں پر اثرات کا تذکرہ کیجیے۔

3۔ عورتوں اور بچوں کے کام کے حالات میں سدھار لانے کے لیے بنائے گئے قوانین کو بیان کیجیے۔

باب -10

# اصل باشندوں کی بے دخلی

**1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

اس لیے واشنگٹن کا عظیم الشان چیف جب یہ پیغام بھیجتا ہے کہ وہ ہماری زمین خریدنا چاہتا ہے تو وہ ہم سے کچھ زیادہ ہی امید کرتا ہے۔ عظیم الشان چیف کا پیغام ہے کہ وہ ہمارے لیے کوئی جگہ مقرر کر دیں گے تا کہ ہم آرام سے رہ سکیں۔ وہ ہمارا باپ ہوگا اور ہم اس کی اولاد ہوں گے۔ اس لیے ہم اپنی زمین کو خریدے جانے کی پیش کش پر غور کریں گے۔ لیکن یہ آسان نہ ہوگا، کیونکہ یہ زمین ہمارے لیے مقدس ہے۔ ندیوں اور چشموں میں بہنے والا صاف اور شفاف پانی صرف پانی نہیں ہے بلکہ ہمارے آبا واجداد کا خون ہے۔ اگر ہم آپ کو زمین بیچتے ہیں تو آپ کو یہ ضرور یاد رکھنا ہوگا کہ یہ زمین مقدس ہے اور اپنے بچوں کو سکھانا ہوگا کہ یہ زمین مقدس ہے اور تالابوں کے صاف و شفاف پانی میں ہر عکس ہمارے لوگوں کی زندگی کے واقعات اور ان کی یادوں کا بیان کرتا ہے۔ پانی کی سرسراہٹ میرے والد کے والد کی آواز ہے۔

## سوالات

1۔ عظیم الشان چیف کا کیا پیغام تھا؟ 1

2۔ مقامی باشندوں کو اپنی زمین اور وسائل کے تئیں لگاؤ کیوں تھا؟ 2

3۔ ندیوں اور چشموں میں بہنے والا صاف اور شفاف پانی صرف پانی کیوں نہیں ہے؟ واضح کیجیے۔ 2

## 2۔ سڈنی کے علاقے کا ایک بیان

**مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

''برطانیہ کی موجودگی نے قبائلیوں کی پیداوار کو ڈرامائی انداز میں درہم برہم کر دیا۔ ہزاروں بھوکے لوگوں کی آمد اور اس کے بعد سینکڑوں لوگوں کی مزید آمد نے مقامی غذائی وسائل پر بے مثال دباؤ ڈالا۔

پس لوگوں نے ان سب چیزوں کے بارے میں سوچا ہوگا؟ ان کے لیے اتنے بڑے پیمانے پر مقدس جگہوں کی تباہی، ان کی زمین پر عجیب وغریب اور پرتشدد سلوک نا قابل فہم تھا۔ نئے آنے والے لوگ درختوں کو بے وجہ کاٹتے جاتے۔ یہ بے وجہ اس لیے معلوم ہوتا تھا کیونکہ انھیں نہ تو کشتی (ڈونگی) بنانی تھی، نہ جنگلی شہد اکٹھا کرنا تھا اور نہ ہی جانوروں کو پکڑنا مقصود تھا۔ پتھروں کو ہٹا کر ان کا انبار لگا دیا گیا، مٹی کھود کر اسے شکل دی گئی اور پکا کر دیا گیا، زمین میں گڑھے بنا دیے گیے، بڑی اور ضخیم عمارتیں تعمیر کی گئیں۔ ابتدا میں انھوں نے شاید یہ سوچا ہو کہ زمین سے درختوں کو کاٹ کر ایک مقدس مذہبی میدان بنایا جائے گا۔ شاید انھوں نے سوچا ہو کہ مذہبی رسوم کا ایک بڑا اجتماع ہونے والا ہے اور اس خطرناک کام سے انھیں پوری طرح دور رہنا چاہیے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کے بعد ڈارک (Daruks) ان بستیوں سے بچ کر رہنے لگے، اور سرکاری طور پر اغوا کر لینا انھیں واپس لانے کا واحد طریقہ تھا''

(-پی گرمشا، ایم۔لیک۔، اے۔ میک گرا، ایم۔کوارٹلی، کری ایٹنگ اے نیشن)

## سوالات

1۔ مذکورہ بالا بیان کس کے بارے میں ہے اور کب اور کس شہر کے بارے میں بیان کیا گیا ہے؟ 1

2۔ قبائلیوں کی پیداوار کو تباہ کرنے کے کیا صنعتی اثرات پڑے؟ بیان کیجیے۔ 2

3۔ نئے آنے والے لوگوں کے ذریعے کیے گیے کام سے قبائلیوں پر کیا اثرات پڑے؟ 2

### مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

غروب شمس کے وقت امریکہ کے وجود میں آنے سے پہلے (یعنی یوروپین کے آنے سے اور براعظم کو یہ نام دینے سے پہلے) ہر جگہ تنوع ہی تنوع تھا۔ لوگ سینکڑوں زبان اور ان کی ممکنہ آمیزش کو اختیار کر کے زندگی بسر کرتے زمین کی کیفیت وصفات اور اس کو استعمال اور دیکھ بھال کرنے میں صرف ہونے والی محنت یہ فیصلہ کرتی کہ کس طرح کی طریقۂ زندگی کو اختیار کرنا ہے۔ ثقافتی اور سماجی تعصب بھی کچھ دوسرے طریقہ زندگی کا تعین کرتے۔ مچھلی یا غلہ یا باغوں کے پودے یا گوشت کی فاضل مقدار کی وجہ سے یہاں طاقتور اور طبقاتی سماج پیدا ہوئے لیکن وہاں نہیں۔ یعنی ثقافتی ہزاروں سال تک باقی رہی --- ولیم میکلیش

William-Macleiesh the Day Before

## سوالات

1۔ مندرجہ بالا اقتباس میں مصنف کا نام بتایئے اور اس اقتباس میں کہاں کے لوگوں کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

2۔ 'امریکہ کے غروب شمس کے وقت' سے کیا مراد ہے؟

3۔ یہاں کے لوگوں کے اہم پیشے کون کون سے تھے۔

## باب-11

# جدیدکاری کے راستے

**1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

چین کی عوامی جمہوری (Poeple's Republic of China) حکومت کا قیام 1949 میں عمل میں آیا۔اس کی بنیاد سوویت یونین کے مطابق قدم جما چکی ''محنت کش طبقہ کی آمریت'' پر نہیں بلکہ تمام طبقوں پر مشتمل ''نئی جمہوریت'' پر تھی۔معیشت کے انتہائی اہم علاقے حکومت کے کنٹرول میں رکھے گئے اور نجی کارخانوں اور زمین کی ذاتی ملکیت کو بتدریج ختم کر دیا گیا۔یہ پروگرام 1933 تک باقی رہا۔جب حکومت نے اعلان کیا کہ وہ ایک اشتراکی تبدیلی پر مبنی پروگرام شروع کرے گی۔1958 میں شروع کی گئی لمبی چھلانگ والی تحریک ملک کو تیزی سے صنعتی بنانے کی کوشش کی ایک پالیسی تھی۔لوگوں کو ان کے گھروں کے پچھلے حصے میں فولاد کی بھٹیاں لگانے پر حوصلہ افزائی کی گئی۔دیہی علاقوں میں پنچایتوں (Poeples's Communes) (جہاں زمین مشترکہ ہوتی تھی اور کھیتی مشترکہ طور پر کی جاتی تھی) کا آغاز ہوا۔1958 تک 26000 پنچایتیں تھیں جو کاشت کرنے والی آبادی کے 98 فیصد لوگوں پر مشتمل تھی۔

## سوالات

1۔ چین کی عوامی جمہوری حکومت کا قیام کب عمل میں آیا؟ 1

2۔ ''محنت کش طبقہ کی آمریت'' سے کیا مراد ہے؟ 2

3۔ صنعت کاری سے لوگوں میں کس طرح کی تبدیلیاں رونما ہوئیں؟ بیان کیجیے۔ 2

**2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

جاپانی زبان میں ایک ساتھ تین رسم الخط استعمال ہوتے ہیں۔ان میں سے ایک رسم الخط – کانجی، جاپانیوں نے چینیوں سے چھٹی صدی میں لیا۔چونکہ ان کی زبان چینی زبان سے کافی مختلف ہے، انھوں نے دوصوتی حروف تہجی – ہیرا گانا (Hiragana) اور کتا کانا (Katakana) کو فروغ دیا۔ہیرا گانا کو مؤنث سمجھا جاتا ہے کیونکہ ہیان عہد میں اسے زیادہ تر عورتیں ہی استعمال کرتی تھیں – جیسے مورا ساکی۔یہ چینی تصویری علامتوں اور صوتیات (ہیرا گانا یا کتا کانا) کو ملا کر لکھی جاتی ہے۔لفظ کا اہم حصہ کانجی کی علامت میں لکھا جاتا ہے اور باقی حصہ ہیرا گانا میں۔

صوتی حروف تہجی کی موجودگی کی وجہ سے علم اعلیٰ طبقے سے سماج میں نسبتاً زیادہ تیزی سے پھیلا۔ 1880 کی دہائی میں یہ تجویز رکھی گئی کہ جاپانی یا تو ایک مکمل صوتیاتی رسم الخط کو فروغ دیں یا پھر کسی یوروپی زبان کو اختیار کرلیں۔ لیکن ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔

## سوالات

1۔ کانجی رسم الخط جاپانیوں نے کس ملک سے اور کب لیا؟

2۔ ہیراگانا کو مؤنث کیوں سمجھا جاتا ہے؟ واضح کیجیے۔

3۔ دو صوتی حروف تہجی کے نام لکھیے اور واضح کیجیے۔

**مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔**

## 3۔ فوکوزاوا یوکیچی (1835-1901)

ان کی پیدائش ایک غریب سمورائی گھرانے میں ہوئی۔ انھوں نے ناگاساکی اور اوساکا میں تعلیم حاصل کی۔ انھوں نے ڈچ اور مغربی سائنس کا علم حاصل کیا اور بعد میں انگریزی کی بھی تعلیم حاصل کی۔ 1860 میں وہ امریکہ میں جاپان کے پہلے سفارت خانے میں مترجم کے طور پر گئے۔ اس سے انھیں مغرب پر کتاب لکھنے کے لیے کافی مواد مل گیا۔ انھوں نے اپنے خیالات کلاسیکی انداز کے بجائے بول چال کے انداز میں لکھے۔ اس کتاب کو بہت شہرت ملی۔ انھوں نے ایک تعلیمی ادارہ قائم کیا جو آج کیو (Keio) یونیورسٹی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ وہ میروکشا (Meirokusha) سوسائٹی کے اراکین میں سے تھے۔ یہ سوسائٹی مغربی تعلیم کی اشاعت کرتی تھی۔

اپنی ایک کتاب، علم کے لیے ترغیب ( گاکونون نوسوسوے 78-1872) میں انھوں نے جاپانی علم کی بہت زیادہ تنقید کی ہے: ''جاپان کے پاس قدرتی نظاروں کے علاوہ کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جس پر فخر محسوس ہو'' انھوں نے جدید کارخانوں اور اداروں کے علاوہ مغرب کے ثقافتی جوہر اور تمدن کے جذبے کی بھی وکالت کی جو ان کے مطابق تہذیب کی روح ہے۔ اس کے ذریعے ایک نیا شہری بنانا ممکن ہو سکے گا۔ ان کا اصول تھا کہ ''قدرت نے انسانوں کو انسانوں کے اوپر نہیں بنایا ہے، نہ ہی انسان کو انسان کے نیچے''

## سوالات

1۔ فوکوزاوا یوکیچی جاپان کے کس دور کے اہم دانشوروں میں سے ایک تھے؟ تذکرہ کیجیے۔ 1

2۔ میروکشا کون تھے؟ وہ مغربی تعلیم کی اشاعت کیوں کرتے تھے؟ بیان کیجیے۔ 2

3۔ مندرجہ بالا نظریات کے علاوہ مغربیت اور رسومات سے متعلق دیگر نظریات کو بیان کیجیے۔ 2

4۔ تعلیم کی ہمت افزئی کرنے والی تنظیم (گاکومون نوسوسوے Gakumon no susume 1872-76) میں وہ جاپانی علوم کا بہت بڑا نقاد تھا ''جاپان کے پاس طبیعی مناظر کے علاوہ فخر کرنے کے لئے کچھ بھی نہیں ہے''۔اس نے جدید فیکٹریوں اور اداروں کے ساتھ ساتھ مغرب کے ثقافتی جوہر اور تمدن کے جذبہ کی بھی وکالت کی۔اس جذبہ کے ساتھ ایک نیا شہری بنانا ممکن ہوگا۔اس کا اصول تھا ''قدرت نے انسانوں کو انسانوں کے اوپر نہیں بنایا ہے، نا ہی انسانوں کو انسانوں کے نیچے''۔

## سوالات

1۔ مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف کا نام لکھئے۔

2۔ مصنف نے کس پر تنقید کی ہے؟ تنقید کرنے کے لئے کیا دلیل دی ہے؟

3۔ مصنف نے کس جذبہ کی وکالت کی ہے؟

# موضوع-1

## نقشہ برائے مشق (افریقہ)




1۔ دیئے گئے افریقہ کے نقشے کے خاکے میں مندرجہ ذیل کو دکھایئے۔

1۔ لائے ٹولی 2 ۔چاڈ 3۔کینیا 4۔ صومالیہ 5۔ موزامبیک 6۔اتھوپیا

1۔ دیئے گئے افریقہ کے نقشے کے خاکے میں ایک سے تین تک مقامات دیئے گئے ہیں انہیں پہچان کران کے نام لکھئے۔

# موضوع-1

## نقشہ برائے مشق (افریقہ)



# موضوع-1

## نقشہ برائے مشق (یوروپ)



# موضوع-1

## نقشہ برائے مشق (یوروپ)




1- مندرجہ بالا یوروپ کے خاکے میں 1 سے 5 تک مقامات دیئے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجئے اوران کے نام لکھئے۔

2- دیئے گئے یوروپ کے نقشے میں مندرجہ ذیل کو دکھائیے۔

(i) اسپین (ii) اٹلی (iii) ٹیراماٹا (iv) لیزریٹ گپھا (v) بوکس گرو

# موضوع-2

## نقشہ برائے مشق (مغربی ایشیا)



# موضوع-2

## نقشہ برائے مشق (مغربی ایشیا)




1۔ مندرجہ بالا مغربی ایشیا کے خاکے میں 1 سے 3 تک مقامات دیئے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجئے اور ان کے نام لکھئے۔

2۔ دیئے گئے مغربی ایشیا کے نقشے میں مندرجہ ذیل کو دکھائیے۔

(i) دریائے دجلہ (ii) ایران (iii) ترکی

(iv) بیبیلون (v) سیریا (vi) فرات ندی

# موضوع-2

## نقشہ برائے مشق (میسوپوٹامیہ)



# موضوع-2

## نقشہ برائے مشق (میسوپوٹامیہ)

(پہاڑ، صحرا، ریگستان، جنوب کے آبپاشی کے علاقے)




1۔ مندرجہ بالا میسوپوٹامیہ کے خاکے میں 1 سے 5 تک مقامات دیئے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجئے اور ان کے نام لکھئے۔

# موضوع۔3

## یوروپ اور شمالی افریقہ



# موضوع۔3

## (یوروپ اور شمالی افریقہ)




1۔ دیے گیے یوروپ اور شمالی افریقہ کے نقشے میں مندرجہ ذیل کو دکھایئے۔

(i) روم (ii) سسلی (iii) دمشق (iv) قسطنطنیہ (v) نیپلس

مندرجہ بالا یوروپ اور شمالی افریقہ کے خاکے میں 1 سے 5 تک مقامات دیے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجیے اور ان کے نام لکھیے۔

# موضوع-3

## مغربی ایشیا



# موضوع۔3

## (مغربی ایشیا)




1۔ دیے گئے مغربی ایشیا کے خاکے میں 1 سے 5 تک مقامات دکھائیگئے ہیں۔ان کی شناخت کیجیےاوران کے نام لکھیے۔

2۔ درج ذیل مقامات کی نشان دہی کیجیےاور نام لکھیے۔

A مکّہ　　E ایران

B اینٹی اوک　　F بغداد

C مدینہ

D عراق

# موضوع-4

## اسلامی ممالک



# موضوع۔4

## اسلامی ممالک




1۔ دیے گئے خاکے میں اسلامی ممالک کے پانچ مقام 1 سے 5 تک دکھائے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجیے اور ان کے نام لکھیے۔

# موضوع۔5

## نقشہ: منگول سلطنت



# موضوع۔5

## منگول سلطنت




مندرجہ بالا منگول سلطنت کے خاکے میں 1 سے 5 تک مقامات دیے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجیے اور ان کے نام لکھیے ۔

# موضوع ۔5

## (منگولوں کی فوجی مہمیں)



# موضوع۔5

## (منگولوں کی فوجی مہمیں)



مندرجہ بالا نقشے میں منگول سلطنت سے متعلق مقامات کو دکھایئے

1. قراقورم 2. طرفان 3. حرات 4. مرو 5. تاشقند

# موضوع۔6

## نقشہ: مغربی یوروپ



# موضوع۔6

## مغربی یوروپ




مندرجہ بالا نقشے میں مغربی یوروپ کے 1 سے 5 تک مقامات دیے گئے ہیں۔ان کی شناخت کیجیےاوران کے نام لکھیے۔

# موضوع۔7

## نقشہ: اٹالین ریاستیں



# موضوع۔7

## (اٹالین ریاستیں)




1. مندرجہ بالا خاکے میں 1 سے 4 تک اٹالین ریاستیں دی گئی ہیں۔ان کی شناخت کیجیےاوران کے نام لکھیے۔

2. دیے گئے نقشے میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجیے۔

1. پادووا 2. فلورینس 3. روم 4.وینس 5.بولونیا

# موضوع۔8

## (مرکزی امریکہ اور کیریبین جزائر)



# موضوع۔8

## (مرکزی امریکہ اور کیریبین جزائر)



مندرجہ بالا مرکزی امریکہ کے خاکے میں دیے گئے مقامات کی نشاندہی کیجیے۔

1. ایزٹیک سلطنت 2. مایا تہذیب 3. انکا سلطنت 4. بہاماس 5. کیوبا

# موضوع۔8

## (جنوبی امریکہ)



# موضوع۔8

## (جنوبی امریکہ)



دیے گئے نقشے میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجیے۔

1. چلی 2. ایکوڈور 3. برازیل 4. پیرو 5. کویٹا

# موضوع۔8

## افریقہ: وہ علاقے جہاں سے غلاموں کو پکڑا گیا



# موضوع۔8




دیے گئے خاکے میں 1 سے 5 تک وہ مقامات جہاں سے غلاموں کو پکڑ کر لے جایا جاتا تھا۔ انکی شناخت کر کے نام لکھیے۔

# موضوع-9

## نقشہ: برطانیہ کپاس صنعت



# موضوع۔9

## (برطانیہ)




1۔ دئے گئے برطانیہ کے نقشے میں کپاس کی صنعت کے مندرجہ ذیل علاقوں کی نشان دہی کیجیے۔

A۔نیوکیسل B۔لنکاشایر C۔برمنگھم

2۔ مندرجہ بالا نقشے میں 1 سے 5 تک مقامات دیے گئے ہیں۔انکی شناخت کر کے نام لکھیے۔

# موضوع۔9

## نقشہ: برطانیہ آئرن صنعت



# موضوع۔9

## (برطانیہ آئرن صنعت)



ا۔ دیے گئے برطانیہ کے نقشے میں آئرن صنعت کے مندرجہ ذیل علاقوں کی نشاندہی کیجیے۔

نیوکیسل لنکاشایر مینچیسٹر برمنگھم لندن

# موضوع۔10

## آسٹریلیا



# موضوع۔10

## آسٹریلیا




دیے گئے آسٹریلیا کے نقشے میں 1 سے 5 تک کے مقامات کی شناخت کر ان کے نام لکھیے۔

# موضوع۔10

## نقشہ: بجراف ریاستہائے متحدہ امریکہ کی توسیع



# موضوع۔10

## (ریاستہائے متحدہ امریکہ)




دیے گئے نقشے میں 1 سے 5 تک کے مقامات کی شناخت کر کے ان کے نام لکھیے۔

# موضوع۔11

## نقشہ: مشرقی ایشیا



# موضوع۔11

## (مشرقی ایشیا)




دیے گئے مشرقی ایشیا کے نقشے میں 1 سے 5 تک مقامات کی شناخت کرکے ان کے نام لکھیے۔

# موضوع۔11

## (طویل مارچ)



# سیمپل پیپر۔1

# تاریخ

# کلاس XI

# حصّہ I

وقت: 3 گھنٹے — کل نمبر:80

ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات کے جواب دیجیے—(ایک نمبر والے)

1۔ فاسل لفظ مندرجہ ذیل میں سے کس کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

A۔ پرانے پودھے کے لیے — B۔ جانوروں یا انسان کے باقیات کے لیے

C۔ a اور b دونوں کے لیے — D۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

2۔ قدیم انسان کے ذریعے بنائی گئی تصاویر کہاں پر ملی ہیں۔

A۔ لیس کاکس — B۔ شوویٹ

C۔ الٹامیرا — D۔ ان میں سے سبھی

3۔ میسوپوٹامیہ کے سماج میں کون سی خصوصیات پائی جاتی تھیں۔

A۔ وحدانی خاندان — B۔ طلاق دینا آسان

C۔ مرد اور عورت کے درمیان فرق — D۔ کچھ ہی لوگوں کا پڑھا لکھا ہونا۔

4۔ میسوپوٹامیہ کے کس شہر میں وارکا کا سر ملا ہے۔

A۔ اُر — B۔ اُرک

C۔ ماری — D۔ بیبیلون

5۔ دینارلیس کیا تھا۔

A۔ رومی چاندی کا سکّہ — B۔ رومی سونے کا سکّہ

C۔ ایک رسم — D۔ ان میں سے کوئی نہیں

6۔ ٹیتھ ٹیکس کس سے لیا جاتا تھا۔

A۔ پادری طبقہ سے　　B۔ کسان سے

C۔ غلاموں سے　　D۔ ان میں کوئی نہیں

7۔ لڈازم تحریک کیا تھی۔

A۔ ایک مخالف تحریک　　B۔ کم از مزدوری کی مانگ

C۔ عورتوں اور بچوں کے کام کرنے پر پابندی　　D۔ ان میں سبھی

8۔ سیٹلر لفظ کس کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

A۔ ڈچ　　B۔ برطانیہ

C۔ یورپی لوگوں　　D۔ ان میں سبھی

9۔ فوکوکو کیوہی کا کیا مطلب ہے۔

A۔ خوشحال ملک اور مضبوط فوج　　B۔ سمراٹ نظام

C۔ ڈائمو کی حکومت　　D۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

10۔ جدید انسان کے پرانے باقیات کے ثبوت.................. ماڈل کو مانتے ہیں۔

11۔ میسوپوٹامیہ کے سب سے پرانے مندر نگروں میں سے ایک نگر.................. تھا۔

12۔ .................. میں پیغمبر محمدؐ کو اپنے پیروکاروں کے ساتھ مدینہ جانا پڑا تھا۔

13۔ مائکل اینجلو نے.................. بت اور.................. چرچ کے گنبد کا ڈیزائن بنایا۔

14۔ امریکہ کے.................. میں گولڈ کے نشانات ملے۔

15۔ 1911ء میں مانچو خاندان کی حکومت کو ختم کر کے.................. کی رہنمائی میں جمہوریت کا قیام ہوا۔

ایک جملہ میں جواب دیجیے۔

16۔ قدیم انسان کے اوزار بنانے کی تکنیک کا نام لکھیے۔

17۔ میسوپوٹامیہ میں رسم الخط کے لیے کس کا استعمال کیا جاتا تھا۔

18۔ جیمک کی تشکیل کون کرتے تھے۔

19۔ سن یات سین کا اصول کیا تھا۔

20۔ چنگیز خان کن کن ناموں سے پکارا جاتا تھا۔

## حصّہ II

مندرجہ ذیل میں سے تین سوالوں کے جواب لکھیے۔

1۔ قدیم انسان کن کن طریقوں سے اپنی غذا حاصل کرتا تھا۔ 3

2۔ یورپ میں اشرافیہ طبقہ کی حالت کا جائزہ لیجیے۔ 3

3۔ نشاۃ ثانیہ دور میں عورتوں کی حالت کو بیان کیجیے۔ 3

4۔ سن یات سین کون تھا؟ ان کے اصولوں کو بیان کیجیے۔ 3

## حصّہ III

مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار سوالوں کے جواب لکھیے :۔

1۔ میسوپوٹامیہ کی دُنیا کو کیا دین ہے۔ 8

2۔ چنگیز خان کے فوجی کارناموں کا تذکرہ کیجیے۔ چنگیز خان اور منگولوں کا عالمی تاریخ میں کیا مقام ہے؟ تذکرہ کیجیے۔ 8

3۔ ایزٹیک اور انکا تہذیب کی اہم خصوصیات کو بیان کیجیے۔ 8

4۔ صنعتی انقلاب کے نتائج کے طور پر عورتوں اور بچوں کی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟ قانون کے ذریعے ان کی حالت میں کس طرح سدھار کیا گیا؟ 8

5۔ میجی کی بحالی سے کیا مراد ہے؟ ملک کو متحدہ کرنے کے لیے میجی حکومت نے کیا کیا کام کیے؟ 8

## حصّہ IV

اقتباس پر مبنی سوالات —

مندرجہ ذیل اقتباس کو بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کا جواب دیجیے۔

1۔ اسلامی کیلنڈر

ہجری کیلنڈر کی شروعات حضرت عمر کے زمانہ خلافت میں ہوئی۔ جس کا پہلا سال 622 عیسوی ہے۔ ہجری کیلنڈر کی تاریخ کے بعد حروف AH لکھے جاتے ہیں۔ ہجری 354 دنوں کا قمری سال ہوتا ہے۔ اس میں 29 یا 30 دن کے بارہ مہینے (محرم سے ذی

الحجہ) ہوتے ہیں۔ ہر دین غروب آفتاب اور ہر مہینہ ہلال (پہلے دن کا چاند) دیکھنے سے شروع ہوتا ہے۔ہجری سال شمسی سال سے لگ بھگ 11 دن کم ہوتا ہے۔اسی وجہ سے کوئی بھی اسلامی مذہبی تہوار بشمول رمضان کے روزے،عیداور حج کبھی بھی موسم کے مطابق نہیں ہوتا ہے۔ہجری کیلنڈر کی تواریخ گریگورین کیلنڈر (Gregorian Calender) (اس کی شروعات پوپ گریگوری سیزردہم، (Poge Gregory XII نے 1582 میں کی تھی) کی تاریخوں سے میل کرانے کا کوئی آسان طریقہ نہیں ہے۔مندرجہ ذیل فارمولے کے ذریعہ اسلامی (Hھ) اور گریگورین عیسائی (c) سالوں کے درمیان کام چلاؤ طریقے سے میل کیا جا سکتا ہے۔

$$H \times 32/33 + 622 = C$$

$$(C - 622 \times 33/32 = H$$

سوالات۔ (i) ہجری سن کی شروعات کب ہوئی 1

(ii) ہجری سال میں کوئی بھی اسلامی تہوار موسم کے مطابق کیوں نہیں ہوتا؟ 2

(iii) ہجری کیلنڈر اور گریگورین کیلنڈر کے درمیان فرق بتایئے۔ 2

2۔ Benedictine کی خانقاہوں میں قوانین کے 73 ابواب پر مشتمل ایک مسودہ جس کے مطابق کئی صدیوں تک راہبوں نے عمل کیا۔ چند قوانین جن پر انہیں عمل کرنا تھا درج ذیل ہیں:



باب6: راہبوں کو بولنے کی اجازت شاذونادر ہی دی جانی چاہیے۔

باب7:انکساری کا مطلب انقیاد ہے۔

باب 33: کسی راہب کی کوئی شخصی جائیداد نہ ہوئی چاہیے۔

باب47: کاہلی روح کی دشمن ہے اس لیے فرائرز اور سسٹرز کو چاہیے کہ کچھ خاص اوقات میں محنت کے کام کریں اور کچھ معین وقت میں مقدس کتاب خوانی میں مصروف رہیں۔

باب48: خانقاہ اس انداز میں ترتیب دی جانی چاہیے کہ اس کے احاطے کے اندر ضروریات زندگی سے متعلق ساری چیزیں —پن چکی، باغ اور مرمت خانے دستیاب ہوں۔

سوالات۔ (i) دو مشہور خانقاہوں کے نام لکھیے۔ 1

(ii) کاہلی کیا ہے؟ اس سے بچنے کے لیے راہب اور راہبہ کو کیا کرنا چاہیے۔ 2

(iii) خانقاہیں کس طرح بنائی جانی چاہیے۔ 2

3۔ 1854 میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے صدر کو ایک مقامی لیڈر چیف سیٹل (Chief Seattle) کا خط ملا۔ صدر نے چیف سے ایک معاہدہ پر دستخط کرنے کے لیے کہا تھا جس کے مطابق زمین کے ایک بڑے حصّے کو جس پر وہ آباد تھے امریکی حکومت کو دینا تھا چیف نے جواب دیا۔

''کس طرح تم آسمان اور زمین سے محبت کو خرید یا بیچ سکتے ہو۔ یہ خیال ہی ہمارے لیے حیرت انگیز ہے۔ اگر ہوا کی تازگی اور پانی تابانی پر تمہاری ملکیت نہیں ہے تو کوئی انہیں کس طرح بیچ سکتا ہے۔ زمین کا یہ حصہ میرے لوگوں کے لیے مقدس ہے ہر چمک دار صنوبر کا پتہ، ہر ریگ آلود ساحل، تاریک لکڑیوں کے درمیان کا کہرا، ہر قابل کاشت بنایا گیا زمین کا ٹکڑا اور ہر بھنبھنانے والا کیڑا ہمارے لوگوں کی یادداشت اور تجربے میں پاک ہے۔ وہ عرق جو پیڑوں میں گردش کرتا ہے وہ سرخ آدمی کی یادوں کو لیے ہوتا ہے۔

اس لیے جب واشنگٹن کا عظیم الشان چیف اس سلسلے میں خط لکھتا ہے کہ وہ ہماری زمینوں کو خریدنا چاہتا ہے تو ہم سے ایک عظیم شے کا مطالبہ کرتا ہے۔ عظیم الشان چیف لکھتا ہے کہ وہ ہمارے لیے ایک جگہ مخصوص کر دیگا تا کہ ہم آرام سے رہ سکیں۔ وہ ہمارا باپ ہوگا اور ہم اس کی اولاد ہوں گے۔ اس لیے ہم اپنی زمین کے بیچنے سے متعلق آپ کی پیش کش پر غور کریں گے۔ لیکن یہ آسان نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ زمین ہمارے لیے مقدس ہے۔ ندیوں اور چشموں میں بہنے والا صاف شفاف پانی صرف پانی نہیں ہے بلکہ ہمارے اباءواجداد کا خون ہے۔ اگر ہم آپ کو زمین بیچتے ہیں تو آپ کو یہ ضرور یاد رکھنا ہوگا کہ یہ زمین مقدس ہے اور اپنے بچوں کو بھی اس بات کو ضرور سکھا دیں کہ یہ زمین مقدس ہے اور تالابوں کے صاف پانی میں ہر اداس عکس ہمار لوگوں کی زندگی کی یادداشت اور واقعات کو بتلاتا ہے۔ پانی کی سرسراہٹ میرے والد کے والد کی آواز ہے۔

سوالات۔ (i) ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے صدر کو کس کا خط ملا۔ 1

(ii) امریکہ کے اصل باشندے اپنی زمین کے تئیں کیوں لگاؤ رکھتے تھے؟ 2

(iii) امریکہ کے اصل باشندوں نے اپنی زمین کو امریکی حکومت کو دینے کے خلاف کیا کیا دلیل دی۔ 2

## حصّہ V

## نقشہ افریقہ

(i) دیئے گئے افریقہ کے خاکے میں 1 اور 2 مقامات دیئے گئے ہیں جہاں غلاموں کو پکڑ کر لے جایا جاتا تھا۔
ان کی شناخت کر کے نام لکھیے۔ 2

(ii) اس ہی نقشہ پر مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو مقامات کی نشاندہی کیجیے جہاں سے قدیم انسان کے باقیات
ملے ہیں۔ 2

A۔ درالیس سلطان B۔ ڈی کیلڈرس C۔ بارڈرکیو

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلبا کے لیے ہے۔

(i) افریقہ کے کوئی دو مقامات کے نام لکھو جہاں سے غلام پکڑ کر لے جائے جاتے تھے۔ 2

(ii) افریقہ کے ان دو مقامات کے نام لکھو جہاں پر قدیم انسان کے باقیات ملے ہیں۔ 2



# سیمپل پیپر-2
# تاریخ
# کلاس XI
# حصّہ I

وقت: 3 گھنٹے کل نمبر:80

ایک سے زیادہ انتخاب کے سوالات کے جواب دیجیے—(ایک نمبر والے)

1۔ سب سے پہلے پتھر کے اوزار کس نے بنائے۔

A۔ ہومی نڈس B۔ ہومی نوائڈس

C۔ ہومو D۔ آسٹرلو پی تھیکس

2۔ نوبونیڈس کون تھا۔

A۔ ایک دیوتا B۔ ایک مورخ

C۔ آزاد بابل کا آخری حکمراں D۔ ایک بت بنانے والا

3۔ سولی ڈس کیا تھا؟

A۔ خالص سونے کا سکّہ B۔ چاندی کا سکّہ

C۔ کوپر کا سکّہ D۔ کانسہ کا سکّہ

4۔ عباسی حکمرانوں نے اپنی راجدھانی کس جگہ پر قائم کی تھی۔

A۔ مکّہ B۔ بغداد

C۔ مدینہ D۔ قسطنطنیہ

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کون چنگیز خان کا بیٹا نہیں تھا۔

A۔ جوچی B۔ اوگودئی

C۔ تولائی D۔ جموقا

6۔ لارڈ ایک ایسے لفظ سے نکلا تھا جس کا مطلب تھا۔

A۔ روٹی دینے والا B۔ گھر دینے والا

C۔ ٹیکس دینے والا D۔ زمین دینے والا

7۔ 'دی پائٹا' تصویر کے بنانے والا مندرجہ ذیل میں سے کون تھا۔

A۔ مائیکل اینجلو B۔ ڈیورر

C۔ لیونارڈو دی ونسی D۔ ڈوناٹیلو

8۔ امریکہ کی دریافت کس نے کی تھی

A۔ کولمبس B۔ واسکوڈیگاما

C۔ کیپٹن کک D۔ امریگو ویس پسی

9۔ ہارڈ ٹائمس ناول کے ناول نگار کا نام ہے۔

A۔ چارلس ڈکنس B۔ ایڈورڈ کارپینٹر

C۔ ڈی ایچ لارنس D۔ نیڈلڈ

10۔ 1911ء میں مانچو حکومت کے زوال کے بعد چین میں کس نیتا کی قیادت میں جمہوریت کا قیام ہوا۔

A۔ سن یات سین B۔ چیانگ کائی شیک

C۔ کنفیوشیس D۔ ماوزےڈانگ

11۔ میسوپوٹامیہ کے سب سے پہلی زبان.................تھی۔

12۔ پہلے سمراٹ آگسٹس نے جو حکومت 27 ق م میں قائم کی اُسے.................کہا جاتا تھا۔

13۔ منگولوں نے دور دراز علاقوں سے رابطہ قائم رکھنے کے لیے جو نظام قائم کیا اُسے.................کہا جاتا تھا۔

14۔ لارڈ نائٹ کو زمین کا ایک ٹکڑا دیتا تھا جسے.......................کہا جاتا تھا۔

مندرجہ ذیل کے مختصر ترین جواب دیجیے۔

15۔ زمین پر انسان کا ظہور کب ہوا۔

16۔ ہجری سن کی شروعات کب ہوئی۔

17۔ ٹیلی کیا تھا۔

18۔ پہلے چھاپے خانے کی ایجاد کس نے کی تھی۔

19۔ صنعتی انقلاب لفظ کا استعمال انگریزی میں سب سے پہلے کس نے کیا۔

20۔ وام پم بیلٹ سے کیا مراد ہے۔

## حصّہ II

مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین سوالات کے جواب لکھیے۔

1۔ آسٹرالوپی تھیکس کو یہ نام کیوں دیا گیا؟ آسٹرالوپی تھیکس اور ہوموں میں فرق واضح کیجیے۔ 3

2۔ رومن سماج میں عورتوں کی حالت کا تذکرہ کیجیے۔ 3

3۔ نشاۃ ثانیہ کی شروعات سب سے پہلے اٹلی میں ہی کیوں ہوئی۔ 3

4۔ انکا تہذیب کے لوگوں کی اہم خصوصیات کیا تھیں۔ 3

## حصّہ III

مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار سوالات کے جواب لکھیے۔

1۔ میسوپوٹامیہ کے نگر اُر کی خصوصیات کا تذکرہ کیجیے۔ 8

2۔ چنگیز خان کے فوجی نظام پر روشنی ڈالیے۔ 8

3۔ چودھویں صدی کے بحران کا جائزہ لیجیے۔ 8

4۔ صنعتی انقلاب ایک مخلوط وردان ثابت ہوا۔ واضح کیجیے۔ 8

5۔ قدیم انسان کس طرح اپنی غذا حاصل کرتا تھا۔ تذکرہ کیجیے۔ 8

## حصّہ IV

اقتباس پر مبنی سوالات ـــــ

مندرجہ ذیل اقتباس کو بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کا جواب دیجیے۔

'کاغذ، گنیز ادستاویزات اور تاریخ'

1۔ کاغذ کی دستیابی نے تمام طرح کی تجارتی اور ذاتی دستاویزوں کے لکھنے کو آسان بنا دیا۔ 1896 میں قرون وسطیٰ کے یہودی

دستاویزات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ (گنیزا جس کا تلفظ غنیزا ہے) فطاط (پرانا قاہرہ) کے بین ازرا(Ben Ezra) یہودی عبادت گاہ کے ایک سیل بند کمرے سے دریافت کیا گیا ہے۔ خدا کے نام پر مشتمل کسی بھی تحریر کو ضائع نہ کرنے کے یہودی طرز عمل کی بدولت دستاویزات محفوظ ہو گئے۔ گنیزا میں آٹھویں صدی کے وسط تک کے لگ بھگ ڈھائی لاکھ دستاویزات اور ٹکڑے ہیں۔ زیادہ تر مواد دسویں صدی سے لے کر تیرہویں صدی تک کا ہے جو کہ فاطمی م ایوبی اور مملوک کا ابتدائی عہد تھا۔ یہ دستاویزات تاجروں، خاندان اور دوستوں کے درمیان ذاتی خطوط، معاہدے، جہیز کے وعدے، فروخت کے دستاویز، دھوبی خانے (Laundry) کی فہرست اور غیر اہم چیزوں کی معلومات پر مشتمل ہیں۔ زیادہ تر دستاویز یہودی عربی (عربی کی ایک قسم کی عبارت جو کہ عبرانی رسم الخط ہے) میں لکھے گئے ہیں۔ اور اس کا استعمال عام طور پر یہودی قوم عہد وسطیٰ میں بحیرۂ روم کے علاقے میں کرتی تھی۔ گنیزا دستاویزات شخصی اور اقتصادی تجربات کے سلسلے میں قیمتی ہیں۔ ساتھ ہی یہ بحیرۂ روم اور اسلامی ثقافت کی دقت نظری مہیا کراتے ہیں۔ یہ دستاویزات اس بات کو بھی ظاہر کرتے ہیں کہ عالم اسلام کے عہد وسطیٰ کے تاجروں کی تجارتی مہارت اور طریق کار ان کے یوروپی ہم پیشہ لوگوں سے زیادہ ترقی یافتہ تھے۔ گوئٹین (Goitein) نے کئی جلدوں میں گنیزا دستاویزات کی بنیاد پر بحیرۂ روم کی تاریخ لکھی ہے اور امیتو گھوش نے بھی ایک گنیز خط سے تحریک پا کر اپنی کتاب In an Antique Land (ایک قدیم علاقے میں) میں ایک ہندوستانی غلام کی کہانی بیان کی ہے۔

سوالات۔ (i) کاغذ کی دستیابی سے کیا فائدہ ہوا۔ 1

(ii) یہودیوں کے کس رواج کی وجہ سے دستاویزات کو سنبھال کر رکھا جاتا تھا؟ 2

(iii) کاغذ سب سے پہلے کہاں سے آیا اور یہ کس طرح بنایا جاتا تھا۔ 2

نکولو میکاوَلی (Niccolo Nachiavelli) اپنی کتاب دی پرنس (The Prince 1513) کے پندرہویں باب میں انسانی فطرت کے بارے میں لکھتا ہے۔

1۔ ''تخیلاتی چیزوں کو ایک طرف چھوڑ کر صرف ان ہی چیزوں کو مان کر جن کا حقیقی وجود ہے، میں کہتا ہوں کہ جب بھی آدمی کے بارے میں بحث ہوتی ہے (خاص طور پر شہزادوں کے بارے میں جن پر زیادہ نظر ہوتی ہے) تو وہ بہت سی صفات کے لیے جانے جاتے ہیں جو یا تو تعریف یا ملامت کا مستحق بناتی ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ لوگ فیاض سمجھے جاتے ہیں اور کچھ لوگ بخیل، کچھ لوگ محسن ہوتے ہیں تو کچھ احسان قبول کرنے والے، کچھ لوگ ظالم ہوتے ہیں اور کچھ لوگ رحم دل، ایک انسان بے ایمان ہوتا ہے دوسرا ایماندار، ایک آدمی نامرد اور بزدل ہوتا ہے تو دوسرا طاقتور اور ہمت والا، ایک آدمی خوش اخلاق تو دوسرا مغرور ہوتا ہے، ایک بھولا بھالا تو دوسرا فریبی، ایک ضدی تو دوسرا نرم خو، ایک سنجیدہ تو دوسرا غیر سنجیدہ، ایک مذہبی تو دوسرا مشکوک اور اسی طرح سے''۔

میکاوَلی کا یقین تھا کہ ''تمام آدمی برے ہیں اور ہمیشہ اپنی بری فطرت کو ظاہر کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ کسی حد تک اس کا سبب یہ ہے کہ انسانی خواہشات نہ ختم ہونے والی ہیں'' میکاوَلی کے نزدیک ہر انسانی کام کی محرک اس کی ذاتی منفعت ہے۔

سوالات۔ (i) مذکورہ بالا اقتباس کس کتاب سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں۔ 1

(ii) میکاولی نے انسان کی فطرت سے متعلق کیا خیالات پیش کیے۔ 2

(iii) انسان کی خواہشات نامکمل کیوں رہ جاتی ہیں۔ 2

3۔ چھٹی صدی میں جاپانیوں نے اپنا تحریری رسم الخط چینیوں سے عاریاً لیا۔ لیکن چونکہ اس وقت تک ان کی زبان چینی زبان سے کافی مختلف ہے۔ انہوں نے دو قسم کے صوتی حروف تہجی (Phonetic Alphabets) ہیرا گانا (Hiranana) اور کٹا کانا (Katakana) کو ترقی دی۔ ہیراگانا مونث سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ ہیان عہد میں اس کو زیادہ تر عورتیں (جیسے موراساکی) استعمال کرتی تھیں۔ ان کو چینی حروف اور صوتیات کو مرکب کر کے تحریر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ وہ وجہ ہے کہ لفظ کا حقیقی حصہ حروف لکھا جاتا ہے۔ (مثال کے طور پر going میں go حروف میں لکھا جائے اور ing کو صوتیات کے ذریعہ ادا کیا جائیگا۔

صوتی اجزاء وعلامات کے وجود کا مطلب ہے کہ علم اعلیٰ طبقہ سے پورے سماج میں نسبتاً زیادہ تیزی سے پھیلا اسی کو دہائی (1880) میں یہ تجویز رکھی گئی کہ جاپان یا تو ایک صوتیاتی رسلم الخط کو ترقی دے یا پھر کسی یوروپی زبان کو اختیار کرلے لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا۔

سوالات۔ (i) کانجی رسم الخط جاپانیوں نے کس ملک سے اور کب لیا تھا۔ 1

(ii) ہیراگانا کو مؤنث کیوں سمجھا جاتا تھا۔ 2

(iii) دو صوتی حروف تہجی کے نام لکھیے۔ 2

## حصّہ V

### نقشے کا کام

(i) دیئے گئے جنوبی امریکہ کے خاکے میں a اور b دو مقامات دیئے گئے ہیں ان کی شناخت کر کے نام لکھیے۔ 2

(ii) دیئے گئے آسٹریلیا کے خاکے پر مندرجہ ذیل کی نشان دہی کیجیے۔ 2

A۔سڈنی B۔ پرتھ

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلبا کے لیے ہے۔

(i) منگولوں کے زیر کنٹرول دو علاقوں کے نام لکھیے۔ 2

(ii) یوروپ کے کوئی دو مقامات کے نام لکھیے جہاں پر قدیم انسان کے ثبوت ملے ہیں۔ 2




